فرہنگ فرنگ

یعنی

اُردو مین انگریزی الفاظ و اصطلاحات کی تشریح

جسمین

چن چن کر ایسے الفاظ مفرد و مرکب جمع کیے گئے ہین جو اُردو اخبارات اور

و ترجمہ قوانین و احکام و کارروائی ہاے سرکاری مین استعمال کیے جاتے ہین

انگریزی دان اشخاص و اہل ... و غیرہ گفتگو مین اُردو الفاظ کے ساتھ استعمال کرتے ہین

مولفہ و مصنفہ

منشی سید احمد حسین صاحب طرار مترجم اودھ اخبار

مطبع نامی تصویر لکھنؤ واقع کٹرہ ابو تراب خان مین مطبوع طبع خلائق ہوا

فرہنگ فرنگ

یعنی

اردو مین انگریزی الفاظ و اصطلاحات کی تشریح

جسمین

چن چن کر ایسے الفاظ مفرد و مرکب جمع کیے گئے ہین جو اُردو اخبارات اور اُردو ترجمۂ قوانین و احکام و کارروائی ہاے سرکاری مین استعمال کیے جاتے ہین یا انگریزی دان اشخاص و اہل دفاتر وغیرہ گفتگو مین اُردو الفاظ کے ساتھ استعمال کرتے ہین

مؤلفہ و مصنّفہ

منشی سیّد زوّار حسین صاحب طرار مترجم اودھ اخبار

مطبع نشاہ مرتضوی لکھنؤ واقع گھرہ نورخان مین بطبع خلائق لوا

دیباچہ

فرہنگ فرنگ کے مولف کو کتاب مذکور کے دیباچہ مین بعض اپنے ذاتی حالات بیان کرنے سے ضروریات دیباچہ کے سوا اور کوئی امر مقصود
نہین ہے اور جو مختصر حالات بیان کیے جاتے ہین غالبًا وہ ناظرین کتاب کے نزدیک ضروری الاظہار متصور ہونگے - مولف کتاب ہذا اعنی
عاصی پر معاصی سید زوار حسین ابن حاجی سید علی بخش زیدپوری لکھنوی کو آغاز سن شعور سے شعر و سخن اور انشاپردازی علی الخصوص
اخباربینی اور مضمون نگاری کا ایک خاص شوق اور ذوق رہا اور زمانہ طالب علمی مین بھی مولف نے اس شغل لطیف کو ہمیشہ جاری رکھا -
اور اوسکے رموز و نکات کی تحقیق و تدقیق مین ہمیشہ ساعی رہا - چنانچہ اسی اخباربینی اور مضمون نگاری کے شوق اور اس خیال مین کہ انگریزی
علوم کی تحصیل و تکمیل کا بہترین ذریعہ ترجمہ ہے اسکول سے نکلتے ہی صوبہ بہار کے ایک اخبار کی اڈیٹری شروع کی اور ایک مدت تک اوس مدت
اور بعد اوسکے ترجمہ گزٹ و قوانین و کتب علمیہ و حکمیہ کے ترجمہ مین مشغول رہا تا آنکہ وہی ولولہ اور شوق مطبع اودھ اخبار مین کھینچ لایا اور جناب
منشی نولکشور صاحب قبلہ کی قدردانی اور شفقت نے اوس ذوق و شوق کو اور بھی دوچند کردیا -

اس محل طویل عالم مین جسکے مفصل واقعات کا بیان کرنا اس دیباچہ مین بالکل بے محل ہے مجھکو جسقدر جوابدہی معرکہ آرائی کی خدمتین انجام کرنا پڑین اور
رموز و نکات ترجمہ کے متعلق انواع و اقسام کی مشکلات اور دشواریون کا تجربہ ہوا - اور اکثر ہم پیشہ حضرات اور شائقین اخبار کے خیالات سے آگاہی کا
موقع ملتا رہا منجملہ اور تجارب کے ایک بہت بڑا تجربہ اس امر کا حاصل ہوا کہ کسی زبان کا دوسری زبان مین جو اوس سے بالکل مغائر اور
اجنبی ہو ترجمہ کرنا سخت دشوار ہے اور جو لوگ اس خدمت کو دیانتداری کے ساتھ انجام کرنیکی کوشش کرتے ہین اونکو خون جگر کھانا پڑتا
مگر با وصف اس خون جگر کھانیکے بھی مثل دوسری زبان کے اس زبان مین بھی صدہا الفاظ ایسے پائے جاتے ہین جنکا ترجمہ دو ایک
الفاظ مین ناممکن ہے اور بہتیرے الفاظ ایسے ہین جنکا مفہوم غیر انگریزی دان حضرات کو بغیر اسکے کہ طوالت کے ساتھ اوسکی تشریح و توضیح
نہ کیجائے مشکل سے معلوم ہوسکتا ہے علاوہ برین صدہا الفاظ انگریزی اُردو زبان مین ایسے مستعمل ہوگئے ہین جنکو درجہ علمیت کا
حاصل ہے اور علم کا ترجمہ کسی زبان مین نہین کیا جاسکتا اور جو لوگ اسکی کوشش کرتے ہین وہ سمجھانیکے بدلے لوگون کو اور غلطہ مین
ڈال دیتے ہین - لیکن بہت سے الفاظ اُردو مین ایسے بھی استعمال کیے جاتے ہین جنکا ترجمہ بہت اچھی طرح سے اُردو مین ہوسکتا ہے اور
اون الفاظ کو اُردو تحریرات و تقریرات مین استعمال کرنیکا مقصد اکثر صورتون مین بجز اظہار انگریزیت کے اور کسی شے کو نہین
ہوسکتا - المختصر مولف اس امر کو ہمیشہ نہایت غور کے ساتھ دیکھتا رہا کہ اُردو زبان کی تحریرات و تقریرات مین انگریزی الفاظ اکثر صورتون مین بضرورت اور
بعض صورتون مین بلاضرورت کثرت سے جاری ہوتے جاتے ہین اور عام اُردو دانونکو اس زبان کی کھچڑی تحریرات و تقریرات کے سمجھنے مین
سخت دقت واقع ہوتی ہے اور اسی خیال سے مولف ایسے الفاظ کو جنکے ترجمہ مین تکلف اور دقت معلوم ہوتی یا وہ انگریزی الفاظ جو
اُردو اخبارونمین بجنسہ مستعمل ہوا کرتے ہین وقتًا فوقتًا جمع کرتا رہا اور یہ امر مد نظر رکھا کہ اگر کبھی زمانہ فرصت دے تو اس دقت
عظیم کے رفع کرنیکی کوشش کرنا چاہیے اور غیر انگریزی دان حضرات جو زبان اخبارات کی اس مزہ کھچڑی سے نفرت کرتے رہتے ہین
اوسکی تشریح و توضیح کی ایک ایسی چٹنی تیار کردینا چاہیے تاکہ یہ انگریزی مونگ کی کھچڑی جو ایشیائی مریضون کے لیے اس وقت مین نہایت
مفید قرار دیگئی ہے بلا اکراہ و اجبار اُن کے گلے سے اوتر سکے اور لاپروائی اور بدشوقی کا مرض آئندہ کی بدپرہیزی مین طول نہ پکڑے -

اس اثنا مین کمیٹی انتظامیہ اودھ اخبار بعض حضرات کی تحریک سے اس امر کی خواستگار ہوئی کہ اودھ اخبار کے تراجم مین انگریزی الفاظ
نہ شائع کیے جائین اور ہر لفظ کا ترجمہ کیا جائے - مین نے اس امر مین اپنی معذوری ظاہر کی کہ کل الفاظ کا ترجمہ نہین ہوسکتا اور اگر کیا جائیگا
تو اوس سے آسانی کے بدلے مزید دشواری اور غلط فہمی واقع ہوگی - بالآخر کمیٹی کے اصرار سے چند روز تک گورنمنٹ کا ترجمہ سرکار اور ہول کا

ترجمہ ملکی اور پارلیمنٹ کا ترجمہ مجلس شوریٰ ہوتا رہا۔ تا آنکہ مولف نے قوی دلائل پیش کرکے اس بات کو کمیٹی پر ثابت کردیا کہ یہ امر بالکل ناممکن اور نامناسب ہے اور اس ہندی کی چندی سے کچھ شدنی نہین ہے۔ اسکا بہترین علاج یہی ہے کہ ایک جامع انگریزی فرہنگ تیار کیا جائے اور اوسمین ان الفاظ کی صراحت کیجائے۔ کمیٹی نے غور کامل کرنیکے بعد مولف کے بیانات اور تجویز کو پسند فرمایا اور ایک فہرست ان الفاظ کی جنکا بجنسہ اُردو مین استعمال کرنا جائز قرار پایا ۱۶ اکتوبر ۱۹۰۸ء عیسوی کے اودہ اخبار مین شائع کی گئی اور مجھسے فرہنگ موجودہ کی تکمیل کی سفارش کی گئی۔

اس صورت مین مجھکو معلوم ہوا کہ میری اوس خواہش دیرینہ کی تکمیل کا موزون وقت یہی ہے اور یہ خیال کرکے مین الفاظ مذکور کی تدوین اور تشریح مین مشغول ہوا۔ اور اس قلیل مدت مین اوس اہم کام کو جہانتک کہ مجھ ہیچمدان کی واقفیت اور تجربہ سے ممکن تھا انجام دیکر اب یہ رسالہ فرہنگ فرنگ کے نام سے ہدیہ ناظرین اولی الابصار کرتا ہون۔

اثنائے تدوین رسالہ مذکور مین مجھکو ایک امر سے نہایت ہی بیدلی ہوئی کہ اودہ اخبار کے ایک مضمون (اُردو زبان مین انگریزی الفاظ) پر جو ابتدائی خیالات کے مطابق ایک اہل الرائے کے قلم سے نکلا تھا عرصہ تک اس امر کا مباحثہ ہوتا رہا کہ اُردو مین انگریزی الفاظ کے استعمال اور غیر انگریزی دان حضرات کو انگریزی الفاظ مستعملہ اُردو کے معنی و مفہوم سے آگاہ کرنیکی ضرورت ہے یا نہین لیکن جائے شکر ہے کہ بجز ایک متنفس نامہ نگار کے کل حضرات نے اوس ضرورت کو تسلیم کیا اور اس ضروری کام مین مخالفت بیجا اور ناعاقبت اندیشی کے خیالات سے کوئی رخنہ نہ پڑنے پایا۔ یہ ایک ایسی ضرورت ہے جسکو مختلف ارباب بصیرت اور خیر خواہان ملک نے بکرات و مرات ظاہر کرکے اوسکے اصلاح کی تحریک کی ہے اور بڑے بڑے مستند مقامات پر اوسکے وجود سے اقرار و اعتراف کیا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ اس موقع پر قرینہ عبارت سے عوام کو کوئی غلط فہمی واقع ہو۔ اسلیے مین نہایت صفائی کے ساتھ اصل واقعات کے ذریعہ سے اس مقام کو ادا کرتا ہون اور اپنے ہموطنون سے صرف یہ گذارش کرتا ہون کہ مین نے اس ضرورت کو نہایت ہی شدید سمجھ کر اپنے امکان بھر اوسکے رفع کرنیکی کوشش کی ہے اور ہر موقع پر راستبازی کے ساتھ اوسکی نسبت اپنے خیالات ظاہر کیے ہین۔ ممکن ہے کہ ملک کو میری اس محنت اور دماغ سوزی کی ضرورت نہ ہو یا آنکہ میری یہ کوشش ذاتی اغراض پر محمول ہو (جیسا کہ بعض ضمیر شناس بزرگوارون نے دو ایک موقعون پر اشارہ کیا ہے) لیکن اگر یہ امر ثابت ہوجائے کہ اُردو دان حضرات کو فرہنگ فرنگ کے مثل ایک کتاب کی ضرورت تھی تو دوسرے امور کو قابل لحاظ عوام نہ ہونا چاہیے حالانکہ وہ امور بھی محض دماغی ژولیدگی پر مبنی مین

اُردو مین انگریزی الفاظ مستعمل ہونیکے بارے مین ہمیشہ سے میرا خیال یہ رہا کہ وہ الفاظ جنکا صحیح ترجمہ اُردو مین نہین ہوسکتا یا وہ الفاظ جنکا ترجمہ محض ہندی کی چندی متصور ہوسکتا ہے یا وہ الفاظ جنکو ایک طبقہ عام نے بلا لحاظ اس امر کے کہ اون کا ترجمہ ہوسکتا ہے یا نہین ہوسکتا استعمال کرنا اختیار کرلیا ہو اور عرصہ سے وہ الفاظ تحریرات و تقریرات مین مستعمل ہوتے آئے ہون اونکی نسبت بالعموم یہ تسلیم کرلیا جائے کہ اونکو ضرور شامل زبان اُردو کرنا پڑیگا (کیونکہ عالمگیر خواہشون اور قوتون کو تا وقتیکہ اون کے معاون اور مخازن کا منہ نہ بند کیا جائے کوئی خاص شخص یا محدود جماعت مروج یا متروک نہین کرسکتی بلکہ وہ ترویج یا ترک طبعی قوتون اور خواہشون پر منحصر ہے) اسکے سوا اور انگریزی الفاظ کے کثرت سے صرف مین استعمال کرنیکا مین کبھی صلاح کار نہین رہا بلکہ ہمیشہ نہایت ہی پرزور الفاظ مین اوسکی مخالفت بلکہ تضحیک کی ہے۔

چنانچہ پہلے پہل ۱۹۰۹ء عیسوی مین بہ حیثیت اڈیٹر اخبار نسیم سارن (پرچہ ۱۲ مئی) مین نے اس بارہ مین اپنے خیالات ظاہر کیے ہین - یہ مضمون کسیقدر طویل ہو لہذا اوسکا صرف تمہیدی حصہ درج کیا جاتا ہو -

تیرہ صدی کی کھچڑی

بھئی ابتک تو ماش مونگ کی کھچڑی سنتے آسے تھے مگر حال کے زبان دانون نے اوسکو بد مزہ سمجھا بفحواے "کل جدید لذیذ" ایک نئی قسم کی کھچڑی ایجاد کرکے دن رات اوسکو کھانا شروع کیا ہو - اوسکے پکانیکی ترکیب یہ ہو

پہلے کچہری یا مدرسہ کی دیگ کو نخوت کے چولھے پر چڑھا کر اظہار لیاقت کا ادہن دیدے اور نئی روشنی کی آنچ اوسکے نیچے خوب تیز کردے - بعد ازان ایک حصہ اردو الفاظ کے چاول اور دو حصے انگریزی الفاظ کی دال خوب مخلوط کرکے اوسمین ڈالدے - جب اوبال آجاے تو دیسی یا لاہوری یا بنگالی کسی زبان کے ذائقہ کا تھوڑا سا نمک ملاکر دم پر لگادے - خاصی کھچڑی تیار ہو جائیگی - کھاتے وقت اگر تھوڑا سا روغن قاز ملالے تو مزہ دوبالا ہو جائیگا -

مضمون بالا سے بخوبی ہویدا ہو سکتا ہو کہ بلا ضرورت انگریزی الفاظ کے شامل اردو ہونیکے بارے مین میری راے بالکل خلاف ہو - مین بلا ضرورت انگریزی الفاظ کے شامل اردو کرنیکا ہرگز موید نہین ہون لیکن جس قسم کے الفاظ کا مین نے اوپر ذکر کیا ہو اونکی نسبت بیشک میری یہ راے ہو کہ اونکو بہ حیثیت موجودہ اردو مین استعمال کرنا چاہیے اور غیر انگریزی دان حضرات کو اون کے اصل معنون کے سمجھنے کیجانب توجہ دلانا چاہیے - اس راے کی تائید مین بیشمار ثبوت و دلائل پیش کیے جا سکتے ہین لیکن اول تو اس بدیہی امر کے ثبوت کی حاجت نہین ہو دوسرے خوف طوالت مانع ہو - اس لحاظ سے مین صرف چند امور کے بیان پر اکتفا کرتا ہون - اور وہ یہ ہین

(۱) کمیٹی انتظامیہ اودھ اخبار کا عملی تجربہ جسنے انگریزی الفاظ کے متروک کرنیکی کوشش کی بالآخر اوسکی دشواری دیکھکر اس قسم کے کئی سو الفاظ کی ایک فہرست شائع کی جنکا بجنسہٖ اودھ اخبار مین استعمال کرنا مسلم قرار پایا - اس فہرست کی تمہید کے بعض فقرات یہ ہین -

یہ صرف وہ لغات ہین جو زیادہ تر اردو اخبارون مین مستعمل ہین - تعلیم یافتہ لوگون کی زبان پر جو الفاظ چڑھے ہین وہ اس سے کہین زیادہ ہین ان متداول الفاظ مین اکثر الفاظ ایسے پاسے جائین گے جو اپنے موقع پر اسقدر چسپان ہو گئے ہین کہ اگر اونھین اوٹھا کر فارسی یا عربی کا کوئی لفظ اس جگہ جمایا جاے تو بادی النظر مین سخت دقت ہوتی ہو کیونکہ یہ الفاظ کثرت مزاولت سے بالکل مانوس ہو گئے ہین -

دوسرے مقام پر لکھا ہو کہ

بعض احباب کی خواہش سے ہمنے چاہا کہ تمام انگریزی الفاظ ترجمہ ہو کر درج اخبار ہون مگر جب اون کے ترجمے درج ہوے تو غیر مانوس ہونیکی وجہ سے ناظرین کو اوسکے سمجھنے مین دقت واقع ہوئی - اس لیے وہی الفاظ ایک جگہ جمع کرکے یہ فہرست شائع کردیگئی -

(۲) زبان دانان اردو کا اقرار و اعتراف اس امر سے کہ بہت سے انگریزی الفاظ مثل الفاظ اردو کے بالکل بانی دعام

ہوگئے ہین - چنانچہ صاحب فیض سخن نے انگریزی الفاظ مستعملہ اردو کی تذکیر و تانیث کے مشخص کرنیکی ضرورت تسلیم کرکے ایک طولانی فہرست اون الفاظ کی درج کی ہے جو فصحا کی زبان پر جاری ہین اور قریب قریب داخل زبان اردو ہوگئے ہین - مصنف ممدوح اگر اوس فہرست کی تکمیل مین زیادہ کد فرماتے تو ممکن تھا کہ وہ فہرست سہ چند چہار چند ہو جاتی لیکن موجودہ فہرست بھی قابل لحاظ اور مصنف کی تلاش و کاوش کا خیال کرکے قابل داد ہے -

(۳) اس زمانہ کی نظم اردو مین انگریزی الفاظ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہین اور اساتذہ کے کلام سے بھی اسکی نظیرین ہم پہونچ سکتی ہین - مثلاً

رفل	(صبا)	؎ بغیر یار مین گلگشت مین خراب ہوا ❊ رفل پڑی کوئی غنچہ جو باغ مین چٹکا
لیس	(سحر)	؎ غنچہ کی قلعین لیس پر اتنے چڑھے ہوئے ❊ کھولے نشان سوسن آزاد نے ہین
فیر	(فصیح)	؎ کس کو فرصت باغ کے پھر سیر کی ❊ یہان بھری بندوق اور دہان فیر کی
جیل	(صبا)	؎ دل سودا زدہ اپنا نہ چھوٹیگا نہ چھوٹیگا ❊ ہر اک حلقہ ہو کالا جیلخانہ زلف مشکبو کا
کنٹر	(سحر)	؎ آگے بڑھو تو تھا اب جو غضب ہوتا ہے ❊ کنٹر اک ایک مرا اسم طلب ہوتا ہے
نیلام	(اسیر)	؎ رخت تن میرا قضا کے ہاتھ بکوایا عشق نے ❊ جیسے ہو نیلام بقیدار کی املاک کا
ٹفن	(انشا)	ع حاضری کھاتے جو کلکتہ تو لندن مین ٹفن
ٹکٹ	(مشیر)	ع لٹ پٹ کے گھر کو آئے تو گھر کا ٹکٹ ملا

اور اس قسم کے تو صد ہا اشعار نظم ہوئے اور ہوتے جاتے ہین -

؎ منہ مین چرٹ دبا ہے سواری قٹن کی ہے
بگھی سے ہیٹ ہیٹ کی آواز آتی ہے

؎ ہمارے دل کے اسٹیشن پہ غم کی ریل چھائی ہے
لگا ہے تار بجلی کا خبر جانانہ کی آتی ہے

(۴) بعض بدیہی امور کا خیال جنکو مولف نے اودھ اخبار (۱۵ دسمبر ۹۶ء) کے ایک مضمون مین بیان کیا ہے -

جس حالت مین تمام انتظام سلطنت انگریزی ہو ملک کی تجارت زراعت صنعت حرفت تمدن معیشت الغرض جمیع علوم و فنون کے متعلق مغربی تہذیب کی تقلید کیجاتی ہو اور اس تقلید کے لیے اڈیٹری ممبر کے سبب سے اونچے زینہ پر چڑھکر وعظ کہی جاتی ہو تو پھر کس منہ سے یہ ممانعت کیجاتی ہے کہ انگریزی الفاظ اردو مین شامل نہ کیے جائین -

(۱) وکلا اور مختارون اور اہل مقدمات کو کون منع کر سکتا ہے کہ وہ ڈگری ڈسمس اپیل کراس اپیل فیس اسٹامپ اکٹ سرکلر رزولیوشن اور اس قسم کے صدہا الفاظ کو زبان پر نہ لائین -

(۲) طبیبون اور مریضون کو کون روک سکتا ہے کہ وہ سرجن کمپونڈر ڈاکٹر میڈیکل ہال سرٹیفکٹ اسپتال ڈسپنسری وغیرہ یہ الفاظ استعمال نکرین -

(۳) اہل مطابع اور اہل اخبار کہانتک اسبات کی احتیاط کر سکتے ہین کہ پریس مشین لیتھوگراف پلیٹ ٹیپ کاپی پروف اور یہ ذخیرہ کے ہزارہا انگریزی الفاظ متعلق تمدن و معاشرت و تہذیب کے زبان قلم پر نہ لائین -

(۴) اہل دول اور مہاجنون سے کون کہے کہ چک نوٹ ڈبنچر پرامیسری کمیشن اکسچینج ایسے لفظ کو منہ سے نہ نکالین۔

(۵) بزازون کو کون منع کرنے جاے کہ آپکا بیورسٹن گرنٹ فلالین اور ہزار ہا قسم کے کپڑے جو نت نئے ایجاد ہوا کرتے ہین اونکا ترجمہ کیا کرین اور اُردو زبان کو غلیظ نکرین۔

(۶) بساطیون اور خوردہ فروشونکو کہانتک صلاح دیجاے کہ تم ٹن ٹپ ہولڈر بلاٹنگ پیپر رول لیمپ لالٹین پلیٹ گلاس رروز سوپ ہنی سوپ ان لفظونکو استعمال نکیا کرو کیونکہ اس سے اردو الفاظ کی مٹی خراب ہوتی جاتی ہو۔

(۷) بیون یا ڈاکیہ خط لیکر آے تو اوسکو نامہ بر اور قاصد کون کہے اور اس ڈاکیہ کو کون روکے کہ وہ منی آرڈر ٹکٹ بیرنگ پیڈ پارسل پمفلٹ ڈپازٹ بک پوسٹماسٹر ڈپٹی پوسٹماسٹر اور اسی قسم کے صدہا الفاظ کو استعمال نکیا کرے۔

(۸) ریل کے سوار ہونے والونکو کون سمجھاے کہ وہ اسٹیشن ٹکٹ انجن ریل گارڈ برک مڈل کلاس انٹرمیڈیٹ کلاس ٹیم لین ان لفظون کو منہ پر نہ لائین اور منزل مقصود کو بھی پہونچ جائین۔

مین اُون حضرات کی راے سے نہایت خلوص کے ساتھ ہمدردی کرسکتا ہون جنکو اردو زبان کی فصاحت کے قائم رکھنے کا خیال ہو لیکن افسوس کہ زمانہ کیحالت پر میری ہمدردی کچھ اثر نہین کرسکتی چنانچہ مضمون مذکورہ بالا مین نہایت افسوس کے ساتھ مین نے ایک یہ فقرہ بھی لکھا تھا۔

اُردو زبان اوسوقت اپنی حالت اصلی پر قائم رہ سکتی ہے جب اُسکے بولنے والونکی بھی وہی حالت قائم رہے۔ آپ نئی نئی کلین ایجاد کیجیے اون کے نئے نام رکھیے اپنے ہی دیس کا کپڑا پہنیے اور اسکا اُردو نام قائم رکھیے اپنے ہی ذریعہ سے وجہ معیشت پیدا کیجیے اپنے ہی آبائی مشاغل کو قائم رکھیے تو زبان بھی قائم رہیگی۔ لیکن جسوقت کوٹ پتلون کالر کاف وارچ فٹن اور بگھی کا شوق ہو اور پیٹ کی روٹی اور تن کا کپڑا خواہ عدالت خواہ فوج خواہ پولیس خواہ کمپنیون اور انگریزی تجارتی کارخانو ذریعہ سے ملتا ہو اور جسوقت ہم لوگون نے اپنے کو ہر شے ہر کام ہر فن ہر پیشہ مین مغربی تہذیب اور اہل مغرب کا محتاج بنا رکھا ہو تو کوئی وجہ نہین ہو کہ ہماری زبان انگریزی زبان کی محتاج نہو۔

صاحب دبدبۂ قیصری نے اس بحث کے متعلق اپنے ایک مضمون مین ایک غضب کا فقرہ لکھا ہے۔

ہماری راے مین جو لوگ اردو مین انگریزی الفاظ ملانیسے مخالفت کرتے ہین وہ جہالت کرتے ہین اور اُردو کی ترقی کے سخت دشمن اور پکے حاسد ہین۔

اور اسکے بعد اب مین صرف ایک فقرہ اوس تمہیدی عبارت اوس اخبار کا نقل کرتا ہون جو مضمون بالا کے خلاصہ کے طور پر درج کیا گیا تھا اور بعد اوسکے دوسرے ضروری مطالب کو بیان کرونگا۔ وہو ہذا۔

اگر ہم یہ چاہین کہ جو انگریزی الفاظ اُردو مین آگئے ہین اونکو اپنی تحریر و تقریر سے خارج کردین

تو درحقیقت ہماری یہ خواہش زمانہ کی رفتار کے بالکل خلاف ہوگی یا اگر اسوقت ہم اس امر کی کوشش
کرین کہ اُردو کی انشا پردازی مین نصف سے زیادہ انگریزی الفاظ استعمال کیے جائین تو ہماری
یہ کوشش بھی بالکل قبل از وقت ہی کیونکہ اسوقت تک جو جماعت اُردو اخبارات کو دیکھتی ہے
اومین کم سے کم دو ثلث وہ بزرگوار ہین جنکو انگریزی الفاظ کا بہت کم مذاق ہی پس ہماری راے
یہ ہی کہ اسوقت تک جو انگریزی الفاظ اُردو مین متداول ہوگئی ہین وہ بجنسہ قائم رہین اور جدید
الفاظ کا استعمال زمانہ پر چھوڑا جاے جسقدر انگریزی زبان دانی کو ترقی ہوگی اوسیقدر اوسکے مفرد اور
مرکب الفاظ بھی مانوس ہوتے جائین گے - ابھی درحقیقت بعض نئی لفظونکی تشریح کی
جنسے اکثر لوگون کے کان آشنا نہین ہوسے ضرورت ہی اور ہم اس راے سے بالکل اتفاق
کرتے ہین مگر بعض لوگون کا جو یہ خیال ہی کہ اُردو مین انگریزی الفاظ کا تداخل فصیح یا اچھا
نہین معلوم ہوتا صحیح نہین - اُردو زبان کو ہر قسم اور ہر زبان کے الفاظ کے قبول کرنیکی قدرت
ہی اور اسوجہ سے اوسمین جس زبان کا لفظ ملا دیا جاے اور لوگ اوسکو بکثرت استعمال کرنے لگین
وہ چندان ناموزون نہ معلوم ہوگا - اُردو اور انگریزی کی مناسبت تو روز بروز بڑھتی جاتی ہے
نظم مین بھی یہ الفاظ اچھے معلوم ہوتے ہین اور بالفرض اگر کسی جماعت مین چند اشخاص اسکی
موزونیت پر معترض بھی ہون تو بالعموم قابل تسلیم نہین -

المختصر مین نے اس رسالہ کو اپنی عدیم الفرصتی اور کثیر الاشتغالی کے زمانہ مین جانکاہی اور عرق ریزی کے
ساتھ یہ سمجھ کر مدون اور شائع کیا ہی کہ میرے اُردو دان ہموطنونکو اوسکی ضرورت تھی اور وہ ضرورت
کسیقدر اس فرہنگ سے رفع ہوجائیگی - مجھکو اپنے مخاطبین سے امید ہی کہ وہ میری اس حقیر خدمت
کی نسبت اپنے خیالات ضرور ظاہر فرمائین گے -

اب چند ضروری امور نفس کتاب کے متعلق مجھکو بیان کرنا ہین اور وہ یہ ہین کہ یہ کتاب اول سے آخر تک
کسی انگریزی کتاب کی نقل یا ترجمہ نہین ہی بلکہ بڑی فکر و تلاش سے اوسمین چیدہ چیدہ ضروری الفاظ جمع
کیے گئے ہین - مثلاً

۱ وہ الفاظ جنکو علمیت کا درجہ حاصل ہی اور اسوجہ سے اونکو انگریزی ہی مین لکھنا ضروری ہی - مثلاً
لبرل کنسرویٹو - ریڈیکل - سوشیلسٹ - نہلسٹ - رائیلسٹ - انگلش - برٹش - اینگلو انڈین -
یوریشین - وغیرہ -

۲ وہ الفاظ جنکا ترجمہ کرنا نامناسب ہی - مثلاً سرکاری عہدون اور عہدہ دارون کے نام اور
خطابات وغیرہ اور نظم و نسق انگریزی کی خاص خاص اصطلاحات مثل وایسراے و گورنر
جنرل و کمانڈر انچیف و گورنر و لفٹنٹ گورنر و چیف کمشنر و کمشنر و کلکٹر و چیف جسٹس و مجسٹریٹ و ایجنٹ و کانسل
و ریزیڈنٹ و ڈیوک و مارکوئس و ارل و بیرن و بیرونٹ وغیرہ او پارلیمنٹ و ہوس آف لارڈس و ہوس آف کامنس
و ڈاون آفس و کیبینٹ کونسل و پریوی کونسل و لجسلیٹو کونسل و ہائیکورٹ و بورڈ -

٣ - وہ الفاظ جنکا صحیح اور پورا ترجمہ دشوار ہے۔ مثلاً پالیسی۔ کانشنس۔ اسٹیٹسٹکس۔ سول۔ پبلک۔ پرایوٹ۔ انسٹیٹیوشن۔ ڈپلومیسی وغیرہ۔

٤ وہ الفاظ جنکا ترجمہ کرنا بالکل ہندی کی چندی ہوجاتی ہے۔ مثلاً گورنمنٹ۔ جنٹلمین۔ لیڈی۔ میونسپلٹی۔ لوکل۔ لوکل گورنمنٹ۔ لوکل سلف گورنمنٹ۔ ٹون ہال۔ کمیٹی۔ وورنٹ۔ وغیرہ۔

٥ وہ الفاظ جنکا ترجمہ اکثر صورتوں میں غلط کیا جاتا ہے۔ مثلاً انسٹی ٹیوشن۔ فیکلٹی۔ ایکویٹی۔ فرنچائیز۔ کورم وغیرہ

٦ وہ الفاظ جنکا ترجمہ اگر کیا بھی جاتا ہے تو اکثر صورتوں میں مجمل اور مبہم رہجاتا ہے۔ مثلاً اسٹیٹیوٹ۔ رگیلیشن۔ ایکٹ۔ رزولیوشن۔ اکانومی۔ پولیٹکل۔ سوشیل۔ سوسائیٹی۔ ڈپیوٹیشن۔ سبجکٹ۔ ٹکس۔ ووٹ۔ موشن۔ اسپیچ۔ ایڈریس۔ پلیٹ فارم۔ چیرمین۔ پریسیڈنٹ۔ وغیرہ۔

٧ وہ الفاظ جنکا ترجمہ صحیح ممکن ہے لیکن بعض انشاپرداز اور انگریزی تعلیم یافتہ اشخاص انگریزی ہی الفاظ کے استعمال کو زیادہ فصیح سمجھتے ہیں۔ مثلاً اسٹایل۔ اسکیل۔ اسٹمٹ۔ ڈپارٹمنٹ۔ میٹنگ۔ اسپشل۔ جنرل۔ چارج۔ وغیرہ۔

٨ وہ الفاظ جو مدتوں سے اردو میں مستعمل اور داخل زبان ہوگئے ہیں اور جنکی ہیئت بدل گئی ہے۔ ان الفاظ کی حتی الامکان تحقیق و تدقیق بھی کی گئی ہے جسمیں ممکن ہے کہ کسی جگہ کوئی اعتراض کا پہلو نکلے لیکن مولف نے اپنے کو اعتراض سے بچانیکی کوشش نہیں کی ہے بلکہ زیادہ تر شبہات کے رفع ہونیکا خیال رکھا ہے اور وہ یہ ہیں مثلاً لالٹین۔ کانس۔ پلیٹ۔ پریڈ۔ گلاس۔ گلٹ۔ اردلی۔ گارد۔ درجن۔ ارگن۔ نمبر۔ نمبری۔ نمبردار۔ فرابین۔ سترنجیہ۔ لیس۔ گدام۔ نکلس۔ پستول۔ پلٹن۔ کمپو۔ چرٹ۔ بسکٹ۔ ٹکٹ۔ وغیرہ۔

٩ وہ الفاظ جو آجکل ضرورتاً ہر خاص و عام کی زبان پر جاری رہتی ہیں یا جاری رکھنا پڑتی ہیں۔ مثلاً ڈگری۔ ڈسمس۔ اپیل۔ کراس اپیل۔ جج۔ کمشنری۔ کورٹ آف وارڈس۔ ڈاکٹر۔ کمپونڈر۔ سول سرجن۔ پوسٹ آفس۔ منی آرڈر۔ پمفلٹ۔ پارسل۔ ویلیو پے ایبل پارسل۔ بنک۔ نوٹ۔ چک۔ اسٹیشن۔ انجن۔ ٹیم۔ لیمپ۔ وغیرہ۔

١٠ الفاظ متعلق علوم و فنون مثل آکسیجن۔ نیٹروجن۔ کمسٹری۔ فوٹوگرافی۔ لیتھوگراف۔ ٹیلیفون۔ فونوگراف۔ بیرومیٹر۔ تھرمامیٹر۔ ٹیپ۔ پلیٹ۔ مشین۔ انجن۔ ریلوے۔ ٹریموے۔ فٹن۔ بائیسکل۔ ٹرائیسکل۔ وغیرہ وغیرہ۔

١١ - وہ الفاظ جو انگریزی تعلیم یافتہ اشخاص یا طلباے مدارس یا عمال کچہری یا انگریزیت جتانے والے حضرات یا اون اشخاص کی زبانوں پر جاری رہتے ہیں جو ترجمہ سے معذور ہیں۔ مثل اگزامنیشن۔ کینڈیڈیٹ۔ اپلیکیشن۔ ڈلیوری۔ ارایول۔ ڈسپیچ۔ وغیرہ۔

١٢ - ضروری الفاظ و اصطلاحات مستعملہ ارباب پیشہ خاص مثل صاحبان ڈاکٹر و وکلا و مختاران و حکام و عمال عدالت و اہل اخبارات و مدرسین و طلبا و جملہ ملازمان سررشتہاے سرکاری و الفاظ مستعملہ در قوانین و احکام سرکاری۔ اور ان کے علاوہ بہت سے عام ضروری الفاظ بھی جمع کیا

کثرت سے مستعمل ہوا کرتے ہین یا جنکی واقفیت اُردو دانون کے لیے مفید خیال کیجا سکتی ہو شامل کردیگئی ہین
یہ الفاظ دو صورتون مین لکھے گئے ہین ایک مفرد دوسرے مرکب - مفرد الفاظ نستعلیق جلی قلم سے بطور
الفاظ ردیف وار درج کیے گئے ہین اور بعض ایسے مرکب الفاظ جو اُردو مین بہ حیثیت مفردات مستعمل ہین
وہ بھی مفردات کے طور پر درج کیے گئے ہین - باقی مرکب الفاظ ہر مفرد لفظ کے ساتھ خفی نسخ قلم سے ہر ہر
لفظ کے متعلقات کے طور پر لکھ دیے گئے ہین - اکثر مقامات پر مرکبات مین مفردات کا اشارہ کردیا گیا ہے
اور مفردات کے ذیل مین مرکبات درج کردیے گئے ہین -

کل الفاظ ردیف وار بقید حروف تہجی درج کیے گئے ہین اور ایک ایک لفظ کی طوالت خواہ اختصار کے
ساتھ (جہان جیسا موقع پایا) صراحت کی گئی ہو - ہر لفظ کی تشریح کی نسبت اس امر کا خیال رکھا گیا ہو
کہ چاہے عبارت طول اور فضول ہوجاے (بعض حضرات کے مشورت سے اکثر طویل امثال و تشریحات قلم انداز
کردی گئین) لیکن لفظ کا مطلب اور موقع کا استعمال بلا توسط غیر اسی کتاب کے ذریعہ سے کامل طور پر
سمجھ مین آجاے - گو مولف کتاب اس امر کا دعوے نہین کرسکتا کہ انگریزی الفاظ و اصطلاحات کے جو
معنی اس کتاب مین لکھے گئے ہین وہ انگریزی لغات یا عام انگریزی دانون سے ہرگز نہین معلوم ہو سکتے
لیکن بشرط اجازت ناظرین مولف کو اسقدر ضرور عرض کرنا چاہیے کہ بجز مترجم تجربہ کار یا اڈیٹر اخبار
یا کسی ایسے شخص کے جسکو انگریزی اخبارات اور مغربی تمدن و معاشرت پر غور اور راے زنی کرنیکا کسی
زیادہ زمانہ تک خاص تجربہ حاصل ہوتا رہا ہو ایسے الفاظ کے معنی کماحقہ دوسرے وسائل سے بمشکل
معلوم ہوسکتے ہین - چنانچہ اُردو دان حضرات اس کتاب کے ذریعہ سے بخوبی امتحان کرسکین گے -

آخر مین بہت سی ضروری باتین جنکے دریافت کرنیکی اکثر اُردو دانون کو حاجت رہتی ہو اور جنکے ذریعہ
سے بروقت ضرورت بہت فائدہ حاصل ہوسکتا ہو درج کتاب کردیگئی ہین اور آخر مین بعض احباب کی خواہش سے
چند مفید اشتہار بھی چھاپ دیے گئے ہین -

الفاظ کے تلفظ کے بارے مین بہت غور و فکر کے بعد میری راے قرار پائی کہ اعراب سے بہتر اور کوئی
طریقہ نہین ہو - بعض حضرات نے انگریزی حرفون مین بھی لفظ کے لکھنے کی صلاح دی اور دو ایک صاحبون نے
اس بارے مین اپنے نہایت وقیع خیالات ظاہر کیے لیکن چونکہ زیادہ تر غیر انگریزی دان حضرات کا فائدہ مقصود
تھا اور انگریزی الفاظ کے چھاپنے مین سیسہ کا چھاپہ درکار ہوتا جسکو اکثر حضرات ناپسند کرتے ہین اس وجہ سے
انگریزی حروف شامل نہین کیے گئے - لیکن اگر شائقین چاہین اور کم سے کم دو سو خریدار بھی اسکی خواہش
ظاہر کرین تو اس خواہش کی ابھی بہت جلد تعمیل ہوسکتی ہو -

بہرحال اعراب اور اشارات کے ذریعہ سے اسقدر اہتمام کیا گیا ہو کہ ہر ایک لفظ انگریزی کا ٹھیک
ٹھیک تلفظ بلا تکلف بادی النظر مین ہوسکے گا - اور صرف سات قسم کے اعراب و اشارات سے یہ
مرحلہ طے ہوگیا -

(۱) زبر ـَ (جیسے) شاٹ - بکٹ - پوزن - ہٹم - جمنی - نم -

(۲) زیر معروف (بِ) مثلاً بِل بوزن گِل بمعنی مٹی

(۳) زیر مجهول (بِ) مثلاً بِج بوزن فعل بمعنی کام

(۴) پیش معروف (بُ) مثلاً بُوٹ بوزن مُوش بمعنی چوہا

(۵) پیش مجهول (بُ) مثلاً بوٹ بوزن چوٹ بمعنی ضرب

(٦) علامت موقوف (بْ) مثلاً کاٹْ بوزن تاتْ بمعنی چاک

(۷) حرف ۆی (ۆ) مثلاً ڈیۆہ بوزن بیدل بمعنی افسردہ خاطر

(۸) ہاے مخلوط اللفظ (ھ) مثلاً تھوزنیڈ بمعنی ہزار

موقوفات انگریزی مین کثرت سے آتے ہین اور اونکا استعمال عربی وفارسی کے بالکل خلاف ہی۔ عربی وفارسی زبانمین کسی لفظ کا پہلا حرف کبھی موقوف نہین ہو سکتا اور انگریزی مین ہوتا ہی۔ مثلاً سْلیٹْ۔ ایسے مقامات پر حرف موقوف کا تلفظ اس طور پر کرنا چاہیے کہ صرف اوسکی آواز نکل آئے زبر زیر یا پیش کا امتیاز نہ ہو۔ مثلاً لفظ سلیٹ کا تلفظ انگریزی زبانمین اسطور سے ہوگا کہ پہلے سینی بجلی کے طور پر حرف سین کا مخرج ادا ہوگا بعد ازان کلمہ لیٹ زبان سے نکالا جائیگا اور اسطور سے صحیح تلفظ ہو جائیگا۔

حرف ۆی کا تلفظ ب اور ف کے درمیان ہی اور واو مشدد (مثلاً زوّار) کے تلفظ سے اس حرف کا تلفظ بہت مماثل ہی۔ حرف ف کیطرح اس حرف کا تلفظ بھی شفتی ہی نیچے کا ہونٹ باہر اور اوپر کے ہونٹ کو اندر کیجئے ذرا بڑھا کر اور ایک دوسرے مین ملا کر مثل ف کے تلفظ کیا جاتا ہی صرف اسقدر فرق ہی کہ ف کے تلفظ مین دونون لب یا دہ کشادہ رہتے ہین اور ب کے تلفظ مین بالکل بند ہو جاتے ہین اور ۆی کے تلفظ کیحالت مین لبون کیحالت دونون کے بیچ مین رہتی ہی۔

ہاے مخلوط اللفظ کا خاص اشارہ (یعنی دو چشمی ھ) مقرر کر دیا گیا ہی اور دوسری علامت یہ بھی ہی کہ دو حرفون کی ایک ہی اعراب ہی۔

تلفظ کی دوسری باریکیان جنسے انٹرنس تک کے بھی طلبا بخوبی آگاہ نہین ہوتے اونکے لیے اس کتاب مین اہتمام کرنا فضول سمجھا گیا لیکن ضروری مقامات پر اونکا بھی لحاظ کیا گیا ہی اور لفظ کا وزن لکھدیا گیا ہی۔ مثلاً بوائے بوزن خواہ وقس علی ہذا

تلفظ کے متعلق ایک نقص البتہ رہگیا وہ یہ ہی کہ جس مقام پر ۆ کے قبل کوئی حرف ملا ہی اور دونون حروف حرف ماقبل مین ملکر ایک مخلوط لفظ پیدا کرتے ہین مثلاً جیۆ (یہود) اونکے لیے خاص علامت مقرر کرنیکا خیال بعد کو ہوا اور اسوجہ سے اوس کا التزام وقت طلب معلوم ہوا اور سرسری متروک کیا گیا لیکن اس قسم کے الفاظ کتاب بھر مین معدودے چند ہون گے اور انشا اللہ تعالے طبع ثانی مین اسکی بھی اصلاح ہو جائیگی۔

ترتیب الفاظ بقید حروف تہجی کی گئی ہی اور ہر لفظ کے معنی اوس تلفظ کے لفظ مین بیان کیے گئے ہین جو زیادہ مشہور ہی اور جن الفاظ کا تلفظ حالت تذبذب مین ہی اونمین اصل تلفظ کے لفظ کے سامنے

معنی لکھے گئے ہین لیکن ہر لفظ کے مختلف اور متعدد تلفظات ردیف وار اپنے اپنے مقامات پر لکھدیے گئے ہین کہ جس لفظ سے دیکھنے والا کسی لفظ کو تلاش کرے فوراً ملجاے بعد ازان مناسب تلفظ کا حوالہ دیکھکر معنی نکال لے -

ایسے مقامات پر جہان ردیف مین الفاظ مختلف التلفظات ایک دوسرے کے بعد واقع ہوے ہین یا اسیطرح کی اور صورتین مشہور تلفظ کے اعتبار سے لفظ ردیف مین قائم کیا گیا اور انگریزی تلفظ اوسکے سامنے قوس مین لکھدیا گیا ہے -

مولف نے اس کتاب کی تکمیل اور تدوین علی الخصوص اس امر مین کہ کوئی انگریزی لفظ جسکی تحقیق کی اردودان حضرات کو اخبارات وکتب قوانین واحکام سرکاری کے مطالعہ مین ضرورت واقع ہو یا انگریزی دان حضرات اور عمال کچہری وغیرہ کے منہ سے سننے مین آے وہ اس کتاب مین مل سکے (اور جامعیت کتاب سے یہی مراد رکھی گئی ہے) حتی الامکان کوئی دقیقہ محنت اور عرق ریزی کا اوٹھا نہین رکھا ہے - باینہمہ چونکہ مولف کتاب انگریزی دان ہے اور غیر انگریزی دان حضرات کو جن الفاظ کی تحقیق کی وقتاً فوقتاً ضرورت لاحق ہوسکتی ہے وہ مولف کو کمتر لاحق ہوسکتی ہے اسوجہ سے ممکن ہے کہ بعض الفاظ اس فرہنگ سے زاند نکل آئین - یا بوجہ بشریت اور کسی امر کا نقص یا سہو یا غلطی پائی جاے - مولف کو امید ہے کہ اس قسم کا کوئی نقص جس مقام پر معلوم ہو وہان ناظرین کتاب بطور یادداشت اپنے شبہات ظاہر کرینگے اور جسقدر جدید الفاظ اس کتاب مین چھوٹ گئے ہون اونکو ردیف وار درج کرکے اپنی اپنی کتابونکو مکمل کرلین گے اور مولف کو بھی براہ عنایت اوس سے آگاہ کرینگے اسطور پر انشاء اللہ تعالے طبع ثانی مین یہ کتاب بہمہ وجوہ مکمل ہوجائیگی چونکہ یہ کتاب زیادہ تر ناظرین اخبارات اور طلباء ومدرسین اردو کے فائدہ کے لیے جمع کی گئی ہے اسلئے امید ہے کہ وہ حضرات اسکی جانب مزید توجہ فرمائینگے - صاحبان اخبارات اگر اس کتاب کی اشاعت اور ترویج مین ساعی ہون گے تو یہ خاص اونکا ذاتی کام اور فرض منصبی ہے کیونکہ مولف کے نزدیک اکثر اردودان حضرات اردو اخبارات کیجانب زیادہ تر اس وجہ سے توجہ نہین کرتے ہین کہ اونھین انگریزی الفاظ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہین جنکے اصل مفہوم کے دریافت کرنیکا اونکو کوئی وسیلہ نہین ہے اور اسوجہ سے عمدہ مضمون کا بھی پورا لطف اونکو حاصل نہین ہوتا - الغرض اس صورت اور اس حالت اور اس حیثیت مین یہ کتاب ناظرین اولی الابصار کیجاتی ہے -

گر قبول افتد زہے عز وشرف

مقام لکھنؤ
[illegible]ء

خاکسار
سید سردار حسین

فرہنگ فرنگ

الف

(ممدودہ)

آئی - انگریزی الف بے کا نوان حرف جو کسرہ کا کام دیتا ہو - یہ ایک لفظ بھی ہو اور اس صورت مین اوسکے معنی "مین" (یعنی ضمیر واحد متکلم) کے ہین - خطابات "ہِز" - "یَس" - "آئی" اور "ہِم" -

آئی - ای - مین یہی حرف شامل ہی - اسی تلفظ مگر مختلف انگریزی ہجا کا ایک لفظ اور ہو جسکے معنی آنکھ کے ہین -

آئی گلاس - دوربین خردبین یا اسی طرح کے دوسرے آلات چشم کا شیشہ -

آبجکشن - عذر - اعتراض -

آبسِنٹ - غیر حاضر -

آبسِین بُک - فحش کتاب -

آبسِین سانگ - فحش گیت -

آبلیگیشن - ذمہ داری - احسان - غرض -

آتھارٹی - اس لفظ کے بہت سے معنی ہین لیکن جس ضرورت سے یہ کتاب تالیف کی گئی ہو اوسکے لیے یہ تین معنی کافی ہین - یعنی (۱) سند یا شخص مستند (۲) حکومت یا صاحب حکومت (۳) اجازت - انگریزی دان وکیل اُردو مین بحث مقدمہ کرتے وقت اکثر یہ کہا کرتے ہین کہ "وہ فلان امر کس آتھارٹی پر بیان کیا جاتا ہی" اس کا مفہوم یہ ہی کہ امر مذکور کس بنیاد یا کس دلیل یا کس شخص یا جمع اشخاص کی سند پر بیان کیا جاتا ہی -

آتھارٹی کوٹ کرنا - سند پیش کرنا - یہ بھی وکلاے انگریزی دان کا تصرف ہی - دیکھو الفاظ آتھارٹی اور کوٹ کرنا -

آتھورِزڈ - مجاز - مقبول -

آتھورِزڈ ایجنٹ - مختار مقبولہ - کارندہ مجاز دیکھو لفظ ایجنٹ -

آڈٹ - جانچنا (حساب کا) محاسبہ -

آڈٹ آفس - حساب جانچنے کا دفتر -

آڈِٹڈ بِل - وہ بل یعنی فرد حساب جسپر جانچ کنندہ
افسر کے دستخط ثبت ہو گئے ہون - منظور شدہ
یا دستخطی حساب - دیکھو لفظ بل -

آڈیفون - سماع - آلہ معین الصوت - جو
لوگ کم سنتے ہین یا بہرے ہین اونکو اس آلے سے
بڑی مدد ملتی ہی - آڈیفون کو کان کی عینک سمجھنا
چاہیے یعنی جو مدد آنکھ کو عینک سے ملتی ہی وہی
مدد کان کو آڈیفون سے ملتی ہی -

آڈیٹر - جانچ کنندہ افسر - محاسب -

آر - انگریزی الف بے کا اٹھارہوان حرف جو
(ر) کا کام دیتا ہی - اصطلاح طب مین لفظ بستانا
کی مخفف کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہی جسکی
جگہ مشرقی اطبا بجوشند کا لفظ لکھتے ہین -

آربیٹر - پنچ - ثالث -

آربیٹریشن - پنچایت - ثالثی -
پروٹ آربیٹریشن - پنچایت خانگی - دیکھو لفظ
پروٹ اور آربیٹریشن -

آرتھاگرفی - درستی املا و رسم الخط کے
قواعد - علم املا (ضد علم انشا) - دیکھو گرامر -

آرٹ - فن - یا ہنر (ضد علم) جسطرح ہماری
زبان مین اصطلاح "علوم و فنون" کا استعمال
کیا جاتا ہی اوسی طرح انگریزی مین آرٹ
اینڈ سینس کی اصطلاح مستعمل ہی -
دیکھو کلمہ اینڈ (بمعنی اور) اور لفظ سینس -

آرٹ اِسکول - مدرسہ صنعت و حرفت -
دستکاریون کی تعلیم کا مکتب یا تربیت گاہ - دیکھو
الفاظ آرٹ اور اسکول -

آرٹزن - کاریگر - صناع - دستکار (مشتق
از آرٹ)

آرٹکل (آرٹکل) - اصل انگریزی تلفظ وہ ہے
جو قوس کے اندر درج کیا گیا ہی لیکن جس طرح
مشہور عام ہی اوس کی پابندی کی گئی - اس
لفظ کے معنی - دفعہ - مد - شرط - جنس تجارت -
اعتقاد مذہبی وغیرہ بہت سے ہین مگر زیادہ تر
جن معنون مین اوس کا استعمال اردو اخبارون
یا اہل اخبارات مین ہی وہ اس بیان سے ظاہر
ہون گے - کوئی تحریر جو کسی خاص علمی معاملہ پر
کسی اخبار کے صیغہ اِڈیٹوریل مین درج کیجائے
اور اوس کا لکھنے والا اصل یا بظاہر اڈیٹر
ہو - عموماً آرٹکلون مین طول طویل مباحثہ
ہوتا ہی جسمین اِڈیٹر اپنی راے ظاہر کرتا ہی
اور آرٹکل کا اسقدر مبسوط ہونا ہر حالت مین
درکار ہی کہ وہ چھوٹی خبر یا خلاصہ واقعات کی
مد مین داخل نہو سکے - دیکھو الفاظ اِڈیٹر
و اِڈیٹوریل -

ایڈنگ آرٹکل - سر مراسلہ و یا خود ا

آرٹکل یا مضمون یا وہ آرٹکل جو کسی معاملہ پر
کسی اخبار نے سب سے پہلے لکھا ہو اور اوسکے
بعد دوسرون کا لکھنا اوسکی پیروی یا تقلید پر
محمول ہو۔ ہدایت دینے والا یعنی تشریحی یا
توضیحی مضمون۔

آرٹلری۔ توپخانہ۔

آرٹلری مین۔ ایک توپ کا مہتمم۔ تفنگچی۔
توپخانہ کا ملازم۔

آرٹی فشل۔ مصنوعی۔ ترکیبی (برخلاف
قدرتی) مثلاً آرٹی فشل لیک اوس جھیل کو
کہتے ہین جو کھود کر بنائی گئی ہو برخلاف قدرتی
جھیلون کے جو انسان کی صنعت سے نہین
بنی ہین۔

آرچ بشپ۔ اُسقف اعظم۔ لاٹ پادری۔

آرچ ڈیکن۔ لاٹ پادری جس کا درجہ آرچ بشپ
کے بعد ہو۔

آرڈر۔ ترتیب۔ انتظام۔ ضابطہ۔ حکم۔ درجہ۔
طبقہ۔ قسم۔ نوع۔ صنف۔ پروانہ۔ دستک۔
[illegible] فرمایش۔

آرڈرلی۔ سپاہی اور پیادے جو حفاظت
[illegible] کے لیے کسی رئیس یا حاکم کے ہمراہ [illegible]
لفظ اردلی جو ہندوستانیون مین بہت مشہور [illegible]
[illegible] اسی لفظ کا غلط العام ہے۔

آرٹسٹک۔ سلیقہ مندانہ۔

آرک۔ حضرت نوح علیہ السلام کی وہ خاص کشتی
جسپر آنحضرت اور آنحضرت کے اہل وغیرہ طوفان
سوار تھے اور جو کوہ جودی پر ٹھہری تھی۔

آرکیالوجی۔ قدیم اشیا اور عمارات کا علم۔ علم آثار قدیمہ

آرکیالوجیکل۔ منسوب بہ آرکیالوجی۔ متعلق
علم آثار قدیمہ۔ دیکھو آرکیالوجی۔

آرکیالوجیکل سوسائٹی۔ انجمن تحقیقات یا حفظان
آثار قدیمہ۔ دونون لفظون کو علحدہ علحدہ دیکھنا چاہیے۔

آرگن۔ آلہ۔ عضو بدن آرگن یا جا۔ ارغنون
اور ارغون اور ارغن اس لفظ سے معرب کیے گئے
ہین اور چونکہ اس لفظ کا تلفظ مشرقی زبانون مین مختلف
طور پر ہو سکتا ہے اسیوجہ سے تعریب مین بھی اختلاف
واقع ہوا۔

آرگیومنٹ۔ دلیل۔ حجت۔ بحث۔

آرم۔ بازو۔ شانہ۔ یہ لفظ صرف اسوجہ سے لکھا
گیا ہے کہ چند الفاظ جو اس سے مشتق ہین آگے درج کیے گئے ہین

آرم اسٹرانگ گن۔ ایک قسم کی توپ
جو کمانے ہوے لوہے کی ہوتی ہے چونکہ اوسکے موجد
آرم اسٹرانگ صاحب ہین اسوجہ سے یہ تسمیہ قائم ہوا۔

آرم اسٹس۔ تعطل جنگ۔ لڑائی کا چند روز
[illegible] لیے موقوف ہوجانا۔

آرم چیر۔ ایک قسم کی تکیہ دار کرسی جسمین

دونون طرف وہ ہتھے نکلے رہتے ہین جنپر بازو رکھکر بیٹھتے ہین اس قسم کی بعض کرسیان بے پایون کی بھی ہوتی ہین جو ہلانے سے ہلتی رہتی ہین آرم کا لفظ اسیوجہ سے استعمال کیا گیا ہی اور آرام کرسی ہندوستانیون کا نہایت موزون اور مناسب تصرف ہی- دیکھو لفظ آرم و چیئر-

آرمر- زرہ- بکتر- اِن آرمر- زرہ پوش-

آرملری اِسفیئر- ستارونکی گردش سمجھانیکا آلہ- اسمین مختلف برنجی حلقے ایک ہی محیط کے اندر بنے ہوتے ہین جنکے ذریعہ سے سیارونکی حرکت کے دائرے ظاہر کیے جاتے ہین-

آرمی- فوج بری- (ضد فوج بحری)-

آرمیڈا- جنگی جہازون کا بیڑا علی الخصوص وہ بیڑا جو ملکہ الصابات کے عہد مین ملک ہسپانیہ سے انگلستان کے مقابلہ مین روانہ ہوا تھا- دی انونسبل آرمیڈا یعنی لشکر ظفر پیکر اوسیکا نام ہی جو انگریزی تواریخ اور اخبارات مین اکثر آتا ہی-

آرنی تھالوجی- علم طیور جسمین چڑیونکی صورت ساخت اور حرکات سے بحث کیجاتی ہی- منطق الطیر سے اس سے کوئی واسطہ نہین ہی-

آریٹر- خطیب- فصیح البیان- دیکھو اوریٹر-

آریجنل- دیکھو اوریجنل-

آف (آو)- انگریزی کی علامت اضافت یہ لفظ مرکبات مین بہت آتا ہی مثلاً گورنمنٹ آف انڈیا یا سلطنت ہندوستان چینسلر آف اکسچیکر- وزیر خزانہ-

آفس- دفتر- محکمہ- کام- عہدہ- یہ لفظ ہندوستانیون مین بہت متعارف ہی- دیکھو فارن آفس- وار آفس-

آفیسر- گو اس لفظ کے معنون مین افسر کا لفظ موزون طور پر استعمال کیا جا سکتا ہی لیکن جیسا کہ بعض اردو دانون کا خیال ہی افسر سے ہرگز مشتق نہین ہی بلکہ انگریزی لفظ آفس سے مشتق ہی اور اوسکے معنی "صاحب آفس" کے ہین- افسر کے لفظ سے صرف صدر یا حاکم مراد ہی اور آفیسر کا مفہوم اوس معنی کے سوا اس امر پر بھی دلالت کرتا ہی کہ کسی خاص سرکاری کام کا کرنیوالا عام اس سے کہ وہ کام افسری خواہ ماتحتی کی حیثیت سے ہو- اس لفظ کو "اہلکار" یا عہدہ دار کا ہم معنی سمجھنا چاہیے-

گورنمنٹ آفیسر- سرکاری افسر یا اہلکار یا عہدہ دار-

سِٹلمنٹ آفیسر- مہتمم بندوبست مالگذاری-

آفیشل- منسوب بہ آفس- سرکاری- مطابق ضابطہ- ڈمی یا سیمی آفیشل- نیم سرکاری-

آفیشل ایر- سال حسابی- حسابی سال یکم اپریل سے شروع ہوتا ہی- اور یکم اپریل سے ۳۱ مارچ تک رہتا ہی- اس سال کے قائم کرنیکی اسوجہ سے ضرورت پیدا ہوئی کہ معمولی سال کے

ختم ہونیکے بعد جب سرکاری نقشجات اور رپورٹین وغیرہ تیار ہوتی ہین تو اسمین دو تین مہینے کا زمانہ صرف ہوجاتا ہو اسلیے ایک سہ ماہی اور بڑھالیجاتی ہو۔ چنانچہ اُردو اخبارون مین جو اکثر (سنہ ۹۶-۱۸۸۵ء) اس قسم کے دوہرے سن استعمال کیے جاتے ہین اون سے یہ سمجھنا چاہیے کہ نو مہینہ سنہ ۸۵ کے اور تین مہینہ سنہ ۸۶ کے یعنی سن ابتداے یکم اپریل سنہ ۸۵ لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۸۶ عیسوی کا حساب ہو۔ دیکھو الفاظ آفیشَل و اِیر۔

آفیشَل سِیل۔ سرکاری مہر۔ یعنی کسی خاص کچہری یا سرکاری افسر کی مہر جو سرکاری کامون کے متعلق ثبت کیجاے برخلاف خانگی مہر کے۔ دیکھو الفاظ آفیشَل و سِیل۔

آفیشَل کارِسپانڈِنس۔ سرکاری خط کتابت۔ یعنی وہ خط کتابت جو سرکاری معاملات کے متعلق کسی سرکاری منصب کی حیثیت سے لکھی گئی ہو برخلاف اوس خط کتابت کے جو خانگی معاملات کے متعلق خانگی طور پر لکھی گئی ہو۔ دیکھو الفاظ آفیشَل و کارِسپانڈنس۔

آکٹرائی۔ محصول چنگی۔

آکسی جن۔ مغربی حکما کی تحقیقات کے مطابق ہوا کئی اجزا پر منقسم ہو۔ منجملہ اونکے ایک جزا آکسی جن بھی ہو۔ حیوانات کی زندگی اسپر منحصر ہو۔ اَیٹماسفیر یعنی ہوا کی ہر مقدار معینہ کے اگر سو حصے کیے جائین تو اومین ۲۲ حصے آکسی جن کے ہوتے ہین۔ آکسی جن مین ھَیڈرُوجن کے ملانے سے پانی بن جاتا ہو۔ دیکھو اَیٹماسفیر اور ھَیڈرُوجن۔

آکشَن
آکشَن سِیل } بیع سلطانی۔ نیلام۔ دیکھو لفظ سِیل۔

آکَلٹ۔ غیر مرئی۔ جو دکھائی نہ دے۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ اسرار نہانی۔

آکَلٹ سَینس۔ علوم خفی مثل کیمیا و سحر وغیرہ جنکو اس زمانہ کے حکماے یورپ ساقط الاعتبار سمجھتے ہین۔

آگزِلِک اِیسِڈ۔ دیکھو اِیسِڈ۔

آگَسٹ۔ انگریزی سال کا آٹھوان مہینہ جو آگسٹ کے نام سے مشہور ہو۔ یہ مہینہ ۳۱ دن کا ہوتا ہو۔

آلٹر۔ گرجا گھر کی میز جسپر چڑھاوا چڑھایا جاے یا قربانی کیجاے۔ یا نکاح پڑھایا جاے۔

آل سینٹس ڈے۔ عیسائیون کا ایک تہوار جو یکم نومبر کو ہوتا ہو۔ اسکے لفظی معنی یہ ہین "بڑے پیر کا دن"۔

آمز ہَوس۔ خیرات خانہ۔

آنر۔ اعزاز۔ تعظیم۔ ھز آنر دیکھو ھز۔

آنریبل (آنرابل) - مستوجب التعظیم -
آنریری - اعزازی - کسی منصب پر محض اعزاز کے لیے بلا تخصیص ملازمت و حق الخدمت کام کرنے والا -
آنریری مجسٹریٹ - اعزازی حاکم فوجداری آنریا مجسٹر (باصطلاح اہل بہار) خواہ مخواہ کے مجسٹریٹ - اندھیری کچہری کے حکام (باصطلاح اہل بنارس) - حکام پنچ (باصطلاح اہل لکھنو) -
آیس (آیس) - آب منجمد - برف - آیس کریم - ملائی کی برف - آیس کمپنی - برف کی کمپنی - دیکھو کمپنی -
آینٹ منٹ - مرہم -

الف
(مقصوری)

ابارجینیز } اقوام متاصلہ یعنی کسی
ابارجینکل ٹریب } ملک کے اصلی یا ابتدائی
باشندے - مثلاً جزیرۂ انڈمان (کالے پانی) میں جو لوگ سزایاب ہو کر اب ہندوستان سے بھیجے جاتے ہین وہ غیر ابارجینیز اور جو جنگلی آدمی پہلے کے وہان پائے جاتے ہین وہ ابارجینیز ہین اکثر تحریرات مین اصل لفظ کا استعمال بجنسہ کر دیا جاتا
ابالش - موقوف کرنا شکست کرنا - بعض انگریزی ان پڑہ اردو دان عمال اکثر کہہ گذرتے ہین کہ فلان محکمہ ابالش (یعنی شکست) ہو گیا -
ابالشن - موقوفی - شکستگی -
اپاتھیکری - دوا فروش - دوا ساز - عطار - ابھی تک یہ لفظ انگریزی دوا کے بیچنے والون تک محدود ہے
اپاتھیکریز ہال - دواخانہ - انگریزی دواؤنکی دکان اس نام کی سیاہ تختیان بڑے شہرون کی سڑکون پر بہت آویزان رہتی ہین - دیکھو لفظ ہال -
اپالوجی - معذرت - جسکو نئی اصطلاح مین معافی مانگنا کہتے ہین - اہل مغرب مین یہ بہت عمدہ دستور ہے کہ جب کوئی شخص کسی کا قصور کرتا ہے تو یا خود وہ معافی مانگتا ہے یا دوسرے اشخاص اوسکو معافی مانگنے پر مجبور کرتے ہین اور اوس صورت مین شخص مظلوم عموماً خطا معاف کر دیتا ہے - کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ شخص مظلوم خود استدعا کرتا ہے کہ اگر قصوروار نے معافی مانگی تو خیر ورنہ اوس سے انتقام لینے کی کوشش کیجائیگی - سرکاری معاملات کے متعلق بھی اعلی افسرون کے حکم سے ایک قصوروار ماتحت کو دوسرے ماتحت سے جسکے خلاف قصور کیا گیا ہو جبراً معافی مانگنا پڑتی ہے -
اپر - اوپر والا - بالائی - مقدم - مثلاً اپر برھما سے بالائی حصہ ملک برھما اور اپر بنگال سے بالائی حصہ ملک بنگالہ مراد ہے اس لفظ کے ترجمہ مین اکثر مترجم خطا کرتے ہین

دیکھو لفظ لُوور جو اسکی ضد ہو۔

اَپْرِنْٹِس - شاگرد پیشہ - امیدوار ملازمت - کسی علم وفن یا کسی عہدہ کا کام سیکھنے کے لیے جو شخص اوس علم وفن یا کام کو بلا اجرت (یا بعض صورتون مین باجرت بھی) انجام کرتا ہو اوس کو اَپْرِنْٹِس کہتے ہین - اجرت لیکر جو کام سیکھتا ہو اوس کو پِیڈ اَپْرِنْٹِس کہتے ہین - دیکھو لفظ پِیڈ -

اَپَرْہَوْس - پارلیمنٹ کا ایوان اعلیٰ یعنی ھَوْس آف لارڈس - دیکھو پارلیمنٹ اور ھَوْس آف لارڈس -

اَپْرِیْزْمِنْٹ - کنکوت - فصل استادہ کا تخمینہ یا تشخیص قیمت -

اَپْرِیْشَن - عمل - استعمال مثلاً سرجِکل اَپْرِیْشَن - عمل جراحی جس سے مراد یہ ہو کہ ادویہ بیہوشی سنگھا کر یا بغیر اوس کے چابکدستی سے کسی عضو کا کاٹ ڈالنا یا نشتر لگا دینا یا اسی طرح کا اور کوئی علاج -

اَپْرِیْل (اِیْپْرِل) اصل تلفظ اس لفظ کا وہ ہو جو قوس کے اندر لکھا گیا ہو لیکن مشہور تلفظ کی پیروی کی گئی ہو کیونکہ اب اَپْرِیْل زبان زد خاص وعام ہو گیا ہو - یہ انگریزی کے سال کا چوتھا مہینہ ہو جو ۳۰ دن کا ہوتا ہو -

اَپْرِیْل فُوْل (اِیْپْرِل فُوْل) - لفظی معنی "اپریل کا احمق" مگر اصل قصہ اوسکا یہ ہو کہ انگریزون مین دستور ہو کہ اس مہینہ کی پہلی تاریخ اپنے دوستون کے نام بیرنگ چٹھیان یا خالی لفافے یا لفافون کے اندر ردی اور چیزین بھرکر روانہ کرتے ہین اور جو لوگ اون چٹھیون کو لے لیتے ہین وہ بیوقوف بنائے جاتے ہین علیٰ ہذا القیاس بعض اخبارات مین بے اصل اور خلاف قیاس خبرین اس عبارت سے درج کیجاتی ہین کہ دوسرے اخبارات دھوکا کھا کر اپنے اخبارات مین اونکو نقل کرتے ہین یا سنجیدگی کے ساتھ اونپر کوئی راے ظاہر کرتے ہین - بعد اوسکے راقم مضمون ان تمام اخبارون کی فہرست اپنے اخبار مین شائع کرتا ہو - یہی لوگ "اَپْرِیْل فُوْل" یعنی "اپریل کے بیوقوف" قرار پاتے ہین -

اِپِسْکوپَل - کلیسائے انگلستان کے بِشَپ لوگون کی مذہبی حکومت کے مطابق منسوب بہ حکومت "چرچ آف اِنگلینڈ" - دیکھو چرچ آف انگلینڈ - اور بِشَپ -

اَپْلاز - نعرہ تحسین - پارلیمنٹ وغیرہ کی اسپیچون مین یہ لفظ بہت آتا ہو -

اَپْلِیکیشن - درخواست - عرضی - سوال -

اَپْلِیکینٹ - سائل - عرضی یا درخواست

دینے والا - امیدوار - دادخواہ -
اَپنڈکس - تتمہ یا ضمیمہ کسی کتاب یا قانون کا -
اَپوائینٹ منٹ - تقرر - نوکری - روزگار
اَپوزیشن - مخالفت - فریق مخالف علی الخصوص پارلیمنٹ کا وہ مخالف گروہ جو وزراے منصوب پر اعتراض و نکتہ چینیان کرتا ہے -
اِپیڈمِک - وبا - طاعون - وبائی - طاعونی -
اَپیر - حاضر ہونا یا شریک ہونا - ابتدائی درجون کے انگریزی خوان ہندوستانی طلبا اکثر کہا کرتے ہین کہ دیکھیے اس سال ہم اگزامینیشن (امتحان) مین اپیر ہوتے ہین یا نہین جس سے مراد یہ ہے کہ شریک ہوتے ہین یا نہین -
اَپیرنس - حاضر ہونا - علی الخصوص حاضری عدالت - صورت - شکل -
اَپیل - اہل معاملہ مین یہ لفظ بہت متعارف ہے - لغوی معنی شکایت کرنے کے ہین مگر اصطلاح قانون مین اوس سے ایک حاکم کے فیصلہ کے خلاف دوسرے حاکم اعلی سے استغاثہ یا چارہ جوئی کرنا مراد ہے - مرافعہ -
اسپیشل اَپیل - اپیل خاص - یعنی وہ اپیل جس کی منظوری صرف خاص صورتون کے لیے مخصوص ہو - رگیولر اپیل - اپیل نمبری - اپیل عام - گراؤنڈس آف اپیل موجبات اپیل - سمری اپیل - اپیل سراسری جسکے دائر کرنے مین ضابطہ کی اپیل کی جگہہ باقی رہے سول اپیل - اپیل صیغہ دیوانی کرمنل اپیل اپیل صیغہ فوجداری
اَپیلانٹ - اپیل کرنے والا - دیکھو اپیل - پلینٹف اپیلانٹ - مدعی اپیلانٹ - یعنی اگر عدالت ابتدائی مین مدعی مقدمہ ہار جاے اور پھر اوس کا اپیل کرے تو وہ مدعی اپیلانٹ کہلاے گا - ڈفنڈنٹ اپیلانٹ - مدعا علیہ اپیلانٹ -
اَپیلیٹ کورٹ - عدالت اپیل - دیکھو لفظ اپیل اور کورٹ - لوور اپیلیٹ کورٹ - عدالت مرافعہ اولی یعنی وہ عدالت جہان ابتدائی عدالت کے فیصلہ کا اپیل دائر ہوا ہو -
اِتھکس - علم اخلاق -
اِتھنالوجی - علم انواع الانسان - نسلونکی تقسیم و تفصیل -
اَتھیسٹ - کافر - منکر - دہریہ -
اٹرنی - ایک قسم کا وکیل یا مختار جو مقدمونکو مرتب کرکے بارسٹر یا کونسلی کے سپرد کردیتا ہے اور کونسلی روبکار ی کرتا ہے -
اٹرنی جنرل - انگلستان مین [illegible]

یا سرگروہ جو گورنمنٹ کا مشیر قانونی بھی ہوتا ہی یعنی اہم مسائل قانونی مین گورنمنٹ اوس سے استصواب کرتی ہی۔

اٹلانٹک اوشن۔ بحر اعظم اطلانطک۔ بحر اوقیانوس ایک بڑا بھاری سمندر جو ملک حبش افریقہ اور نئی دنیا کے مابین واقع ہی۔ جنوبی افریقہ کے ایک پہاڑ کے نام (اٹلس) سے اسکا نام رکھا گیا ہی۔ اس سمندر کا طول ۹۰۰۰ میل ہی

اٹلس۔ نقشہ جات ملک کی کتاب۔

اٹنڈنس۔ حاضری۔

اٹنڈنس رجسٹر۔ کتاب یا سیاہہ حاضری۔

اٹیشی۔ سفارتی گروہ کا ایک ماتحت ملازم جس کو اتاچی یا اٹیچی بھی کہتے ہین مگر یہ تلفظ غلط ہی۔

اجپٹ۔ ملک مصر۔

اجپشین۔ باشندہ ملک مصر۔ منسوب بہ ملک مصر۔

اجنٹ۔ دیکھو ایجنٹ۔

اجوکیشن۔ تعلیم تدریس پڑھنا لکھنا۔ پبلک اجوکیشن تعلیم عام۔ تعلیم منجانب سرکار۔ ڈیرکٹر آف پبلک اجوکیشن اعلیٰ افسر سررشتہ تعلیم۔

اجوکیشنل۔ تعلیمی۔ منسوب بہ اجوکیشن۔ دیکھو اجوکیشن۔

اجوکیشنل ڈپارٹمنٹ۔ سررشتہ تعلیم صیغہ تعلیمات

اڈاپشن۔ تبنیت۔ گود لینا۔ بالک بنانا۔

اڈاپٹڈ چیلڈ۔ طفل متبنیٰ۔

اڈاپٹڈ سن۔ پسر متبنیٰ گود لیا ہوا بیٹا۔

اڈیٹر (اڈیٹر)۔ اصل تلفظ وہ ہی جو قوس کے اندر درج کیا گیا ہی لیکن مشہور تلفظ کی پیروی کی گئی ہی۔ یہ لفظ مشہور عام ہی۔ اوسکے معنی مصنف کتاب یا مصنف اخبار کے ہین۔ زیادہ تر آخری معنون کے لیے اردو زبان مین یہ لفظ مشہور ہی۔ اس ملک مین اڈیٹرون کی چندان قدر نہین ہی اور نہ اون کا کوئی خاص کام مقرر ہی۔ انگریزی اخبارات کے اڈیٹرون کی بڑی قدر کیجاتی ہی اور ایک ایک اخبار کے متعلق متعدد اڈیٹر ہر ہر صیغہ خاص کے لیے مثل وزرائے سلطنت کے مقرر رہتے ہین۔ چنانچہ لندن ٹیمس کے سات آٹھ اڈیٹر بطور معمول رہا کرتے ہین۔ تجارت زراعت ملکی معاملات صنعتی معاملات علمی مسائل حکیمانہ تحقیقاتین۔ الغرض اس طرح کے مختلف صیغون کے متعلق خاص خاص اڈیٹر مقرر ہین اور اونکی تنخواہین کمشنرون اور چیف کمشنرون کے برابر بلکہ بعض صورتون مین اون سے بھی زیادہ ہوتی ہین اور اون کا مرتبہ نہایت اعلیٰ تصور کیا جاتا ہی۔ ہر اخبار اڈیٹر کے خاص صفحات ہوتے ہین جنمین اوسکے خاص مضامین اور رائین شائع ہوتی ہین اور ان مضامین کو آرٹیکل کہتے ہین۔ دیکھو آرٹیکل۔ اور جس صیغہ مین اڈیٹر کے مذکورہ بالا مضامین شائع ہوتے ہین اوسکو اڈیٹوریل کہتے ہین۔

اڈیٹوریل۔ منسوب بہ اڈیٹر۔ اخبار کا وہ حصہ جسمین اڈیٹر اپنے لکھے ہوے مضامین جنکو

آرٹیکل لکھتے ہیں یا اور واقعات اور رائین درج کرے۔ اگر اڈیٹر اخبار غیر شخص کے لکھے ہوے مضامین کو اپنا کرکے درج اخبار کرے تو وہ بھی اڈیٹوریل مین داخل ہون گے۔ دیکھو اڈیٹر و آرٹیکل۔

اڈیشن۔ جمع۔ یعنی جوڑنے کا حساب۔ اضافہ۔

اڈیشنل۔ تعداد معینہ سے زیادہ۔ زائد مثلاً۔

اڈیشنل ٹیچر۔ معلم زائد۔ دیکھو ٹیچر۔

اڈیشنل کلاس۔ درجہ زائد۔ دیکھو کلاس۔

آراروٹ (ایرو روٹ)۔ ایک موصلہ جسکا مادہ بیمارون اور بچون کو بطور غذا کے دیا جاتا ہے۔ اوسکی رنگت مثل چونے کے سفید ہوتی ہے اور سپیدہ سے رنگ اور ملاحت مین بہت مشابہ ہوتا ہے مگر وزن امین سے کہین ہلکا ہوتا ہے۔

آرتھمیٹک۔ علم حساب۔ علم حساب کی کتاب۔

آرتھمیٹیشن۔ عالم علم حساب۔ حساب دان۔

آرتھمیٹکل۔ منسوب بہ آرتھمیٹک۔

آردلی۔ دیکھو آرڈرلی۔

اررگولر۔ بیقاعدہ۔ یا غیر قواعد دان۔ وہ سپاہی جو معمولی قواعد دان فوج کا نہو۔

اررگولر آرمی۔ غیر قواعد دان سپاہ۔ غیر معمولی فوج۔ دیکھو لفظ آرمی۔

ارسٹ۔ گرفتاری۔ ماخوذی۔ حراست۔

ارگن۔ دیکھو آرگن۔

ارل۔ تیسرے درجہ کے امرائے انگلستان کا لقب جو مارکوئس سے کم اور وائیکونٹ سے زیادہ معزز ہوتے ہین۔ دیکھو پارلیمنٹ۔

اربیک۔ عربی۔ منسوب بملک عرب یا زبان عرب۔

اربیک پروفسر۔ عالم علم عربی۔ مدرس لسان عربی۔ ہندوستان کے اکثر بڑے بڑے کالجون مین ایک ایک اربیک پروفسر مقرر ہے۔ دیکھو لفظ پروفسر۔

اربیک کلاس۔ عربی پڑھنے والے طالبعلمو کا درجہ۔ دیکھو لفظ کلاس۔

اربین۔ منسوب بہ ملک عرب یا باشندگان عرب۔

اربین سی۔ بحیرۂ عرب۔

اربین نیٹس "عرب کی راتین" یعنی قصہ الف لیلہ۔

ارینجمنٹ۔ بندوبست۔ ترتیب۔ سامان۔

اریول۔ آمد۔ داخلہ۔ یا آمد و داخلہ کا وقت۔

اسالٹ۔ زد و کوب۔ مارپیٹ۔ حملہ۔

اسائینڈ۔ تفویض یا حوالہ کیا ہوا۔

اسائینڈ ڈسٹرکٹس۔ اضلاع مفوضہ مثلاً حیدر آباد اسائینڈ ڈسٹرکٹس سے صوبہ برار وغیرہ مراد ہین جن کا انتظام انگلش گورنمنٹ کے سپرد کر دیا گیا۔ دیکھو لفظ ڈسٹرکٹس۔

اسپائی۔ جاسوس۔ بھیدیا۔ گوئندہ۔ مخبر۔ خفیہ نویس۔

اسپائی گلاس - دوربین کے طور کا ایک چھوٹا آلہ جو دور کی چیزون کے دیکھنے مین استعمال کیا جاتا ہی -

اسپرٹ - روح - جوہر ست - یک قسم کا جوہر شراب علی الخصوص جوہر شراب انگوری -

ھولی اسپرٹ - روح القدس یعنی حضرت جبرئیل

ایول اسپرٹ - ارواح خبیثہ - بھوت پریت وغیرہ - یا شیطان الرجیم (طنزاً بعض مفسد اور شریر لوگون کو کہتے ہین -

اسپرنگ پیچ - پیچ کے قسم کا آلہ - کسی دریا کا چشمہ - موسم بہار -

اسپرنگ کوچ - ایک قسم کا کوچ یعنی پلنگ جو اوپر نرم کپڑے اور سن وغیرہ سے منڈھا ہوتا ہی اور اندر مختلف مقامات پر استنبولی شمعدان کے طور پر چیمین پیچ از خود بتدریج اوپر چڑھتی اور سوزون مقدار سے جلتی جاتی ہو لوہے کے تار کے پیچ لگے ہوتے ہین - جسوقت کوئی شخص اوس پلنگ پر لیٹتا یا بیٹھتا ہی تو وہ تار اوس شخص کو اوپر اوچھالتا ہی اور خفیف زور کرنے سے دب جاتا ہی - اس پلنگ پر لیٹنے اور بیٹھنے مین بڑا آرام ملتا ہی اور کروٹ بڑی آسانی سے ایک ذرا سے اشارے مین لیجا سکتی ہی - ناواقف آدمی اگر اچانک بیٹھ جاوے یا اوس پر لیٹ رہے تو عجب نہین اگر نیچے گر بھی پڑے - اس پلنگ مین بس ایک بڑا لطف یہ ہی کہ ایک ذرا سے اشارہ مین بیٹھنے والا نیچے دھس جاتا اور پھر اوپر اوٹھ آتا ہی اور اسیطرح کروٹین بدل سکتا ہی

دیکھو لفظ کوچ -

اسپریچول - منسوب بہ روح یا شامل از روح روحانی - مذہبی -

اسپریچولزم - روحانیات - مذہب اون حکما کا جو صرف عالم روحانی کے قائل ہین اور عالم مادی کے وجود سے انکار کرتے ہین - ایک اور فن یا علم اوسی کے متعلق چال مین نکلا ہی جسکے ذریعہ سے ارواح کو بلاتے اور اون سے حالات دریافت کرتے ہین - اس علم کا ایک زمانہ تک ہندوستان مین بڑا شہرہ رہا اور بڑے بڑے مستند اور باوقار اور ذی علم اشخاص نے اخبارات کے ذریعہ سے تصدیق کی کہ بیشک ارواح کا نزول ہوتا ہی اور وہ غیب کی باتین بتلاتی ہین - مگر یہ بھی سننے مین آیا کہ ایک جلسہ مین بعض حضرات نے کیلین اور سوئیان گاڑ دین اور جسوقت روح مجسم ہوکر فرش پر حسب معمول ناچنے آئی تو کیلین گڑنے لگین تھوڑی دیر مین دونون پاؤن قیمہ ہو گئے اور کشف و کرامات اور روحانیت کی ساری قلعی کھل گئی - اسکو حضار اجماع بھی کہہ سکتے ہین

اسپریچولسٹ - صاحب اسپریچولزم یعنی وہ شخص جو صرف عالم روحانی کے وجود کا قائل ہو

یا جو علم ارواح کے کرتب دکھلاتا یا اونکی صحت کا مدعی ہو کرتا ہو۔ دیکھو اسپریچوئلزم۔

اسپیشل - خاص - مخصوص (برخلاف عام)۔

اسپیشل میٹنگ - جلسہ خاص۔

اسپیشل ٹرین - خاص ریل گاڑی جو خلاف اوقات معینہ کسی خاص ضرورت یا فرمایش پر روانہ کیجاے۔

اسپیشل لا - قانون خاص۔

اسپیشل اپیل - اپیل خاص یعنی وہ اپیل جو معمولی ضابطہ کے خلاف دائر کیا جاے۔

اسپیل - ہجا - یا ہجا کرنا۔

اسپوکسمین - وہ شخص جو کسی کی جانب سے نیابتاً تقریر کرے۔

اسپیچ - گفتگو - کلام - علی الخصوص وہ تقریر جو باضابطہ طور پر کسی جلسہ عام کے روبرو کیجاے۔ چنانچہ سرکاری درباروں یعنی پارلیمنٹ اور کونسلوں وغیرہ کی اسپیچیز مشہور عام ہین اور یہ لفظ بہت مشہور و متعارف ہے۔ وکلاے عدالت مقدمات مین جو بحث کرتے ہین اسکو بھی اسپیچ کہتے ہین۔ اسپیچ دینا۔ تقریر کرنا۔

اسپیکر - اسپیچ کہنے والا - مقرر یا خطیب علی الخصوص وہ شخص جو کسی بحث کرنیوالی جماعت کیجانب سے تقریر کرے یا ارکان جماعت کو اپنے ضبط مین رکھے - مثلاً ہوس آف کامنس کا اسپیکر - یعنی وکیل دربار یا صدر نشین۔

اسپیل - دیکھو اسپیل۔

اسپین - جنوب مغربی یوروپ کا ایک ملک جسپر عرصہ دراز تک مسلمانون کی حکومت رہی - ہسپانیہ اندلس۔

اسپینش - منسوب بہ ملک اسپین - دیکھو اسپین۔

اسپینیارڈ - باشندہ ملک اسپین - اہل ہسپانیہ دیکھو اسپین۔

اسٹار - ستارہ - تمغا۔

اسٹار آف انڈیا - ستارہ ہند کا خطاب - نجم الہند دیکھو سی - ایس - آئی -

اسٹاک - سرمایہ - راس المال - ذخیرہ - سامان سرکاری نوٹ - کمپنی کا کاغذ - سرکار کو جو روپیہ قرض دیا جاے اوسکا نوٹ یعنی رقعہ یا ہنڈوی۔

جاینٹ اسٹاک - سرمایہ مشترکہ - دیکھو جاینٹ

جاینٹ اسٹاک کمپنی - کمپنی سرمایہ مشترکہ -

اسٹاک ہولڈر - اسٹاک نوٹ رکھنے والا - دیکھو اسٹاک اور نوٹ -

اسٹام - دیکھو اسٹامپ -

اسٹامپ - رسوم سرکاری - ٹکٹ یا چھپا ہوا کاغذ جو اس مصلحت سے ایجاد کیا گیا ہو کہ جس شخص کو کسی سرکاری معاملہ مثلاً عرضی دعوی یا درخواست وغیرہ کے بابت حسب ضابطہ مقررہ قانون عدالت کی اجرت کی بابت ایک رقم ادا کرنا ہو وہ نقد ادا کرنے کے بدلے اوسی قیمت کا ٹکٹ خرید کرکے درخواست پر لگادے یا اسٹامپ شدہ

کاغذکو خرید کرکے اوسپر درخواست لکھدے - اسٹمپ کے رسوم کے جمع کرانے اور اوسکی رسید حاصل کرنے وغیرہ کی زحمت سب جاتی رہی - انگریزی محاورہ اور زبان کے مطابق مندرجہ بالا معنون کے ظاہر کرنیکے لیے لفظ ڈیوٹی (محصول) کو اسٹامپ کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے - ورنہ محض لفظ اسٹامپ کے معنی نقش یا چھاپہ کے ہین -

اسٹایل - طرز کلام - طرز تحریر - اس لفظ کو اکثر اردو دان بھی تحریرات و تقریرات مین استعمال کرتے ہین حالانکہ کوئی ایسی مشکل اصطلاح نہین ہے جسکا ترجمہ نہو سکتا ہو اور مجبوراً استعمال کیجاے -

اسٹرایک - پیشہ ورون کا ایکا جیسے بمبئی اور مدراس وغیرہ مین کئی مرتبہ دھوبیون نے عہد کر لیا تھا کہ تاوقتیکہ فلان شرائط منظور نہ کر لیے جائینگے ہم کسی کا کپڑا نہ دھوئینگے -

اسٹرکنیا - کچلے کا جوہر جو مفلوج اور بارد امراض کے مریضون کو دیا جاتا ہے -

اسٹرلنگ - انگلستان کا رائج الوقت سکہ یعنی پونڈ - کوئی مروج اور مسلمہ عام شرح یا مالیت -

اسٹریٹ کسی شہر کی سڑک یا شاہراہ -

اسٹمٹ (اسٹیمینٹ) تخمینہ - تقدمہ - یا پیشتر سے کسی تجویز کا قائم کر لینا - بڑے بڑے شہرون کے تجارتی اس لفظ کے تعبیرات نہین کرتے اور اوسکا سبب یہ ہے کہ زیادہ تر صیغہ انجنیری مین استعمال رہتا ہے اور کوٹھیون اور سرکاری مکانون کے ہمیشہ اسٹمٹ ہوتے رہتے ہین کارخانہ اودہ اخبار مین اس لفظ کی جگہہ پر لفظ "تجویز" تراشا گیا ہے جو تمام متعلقین کارخانہ مین مستعمل او مروج ہے -

اسٹوڈنٹ (ڈنٹ) تلمیذ - متعلم - طالب علم -

اسٹور - ذخیرہ - گدام - اسٹورکیپر - مہتمم گدام -

اسٹیٹ (سٹیٹ) سلطنت - سرکار - حالت - کیفیت - سکرٹری آف اسٹیٹ وزیر - دیوان معتمد سلطنت -

اسٹیٹ - تعلقہ - علاقہ - محال - جائداد -

اسٹیٹسٹکس - یہ کتاب خاص کر ایسے ہی الفاظ کی تشریح کے لیے تالیف کی گئی ہے جنکا پورا مفہوم اکثر کم علم انگریزی دانون کو بھی معلوم نہین ہوتا - چونکہ ایک لفظ مین اوسکا ترجمہ کرنا کسیقدر دشوار ہے اس لیے بمجبوری انگریزی اصطلاح استعمال کیجاتی ہے - بعض صورتون مین جو ترجمے مولف کی نگاہ سے گذرے اون سے پورا مفہوم ادا ہوتا نہین معلوم ہوا - اس لفظ سے وہ واقعات مراد ہین جو ملکون یا آدمیون یا مختلف چیزون اور مختلف علمون کے متعلق وقتاً فوقتاً دریافت اور متحقق ہونیکے بعد ایک نمونہ اور مناسب ترتیب سے منضبط ہوتے رہتے ہین -

اسٹیٹسمین - مدبر ملک - ایک اخبار کا بھی نام ہے -

اسٹیٹمنٹ - نقشہ - کیفیت -

اسٹیٹیوٹ - آئین قانون - پارلیمنٹ کے ایک سشن کے کل قوانین

اسٹیشن۔ اُردو دان حضرات اکثر ریل کے ٹھہرنے کی جگہ کو اسٹیشن سمجھتے ہین۔ لیکن اصل مین یہ لفظ عام ہی اور بلا تصریح مزید ریل کے ٹھہرنے کی جگہ پر اوسکا اطلاق نہین ہوسکتا۔ امثلہ ذیل سے مطلب واضح ہوجائے گا۔ رِیلوے اسٹیشن ریل گاڑی کے ٹھہرنے اور مسافرون کے چڑھنے اور اوترنے کی جگہ یا مکان۔ پولیس اسٹیشن یا باب پولیس کے قیام کا مقام یعنی تھانہ۔
ملیٹری اسٹیشن۔ بری فوج کے قیام کی جگہ۔ چھاونی۔ مثلاً میرٹھ یا کانپور۔ دیکھو ملیٹری۔
نیول اسٹیشن۔ جہازون یا بحری فوج کے ٹھہرنے کی جگہ۔ جہازی سپاہیون کی چھاونی جزیرہ مالٹا۔ جبرالٹر۔ عدن۔ وغیرہ سب نیول اسٹیشن ہین۔ بعض پڑھے لکھے ہندوستانی اسکو اسٹیشن اور اسٹیسن کہتے ہین اور گنوار لوگ ٹیسن اور ریٹیسن بھی کہتے ہین۔
اسٹیم ٹوئیپ۔ دیکھو ٹیپ۔
اسٹیل۔ فولاد۔ ہندوستانی طلبا جو انگریزی مدرسون کے ادنیٰ درجہ مین پڑھتے ہین اور اُردو دان لوگ قلم فولاد کو بھی اسٹیل کہتے ہین مگر یہ غلط ہی۔ دیکھو اسٹیل پن۔
اسٹیل پن۔ قلم فولاد۔ دیکھو اسٹیل اور پن۔
اسٹیم بھاپ۔ ابخرات۔ دخان۔
اسٹیم انجن۔ دخانی کل۔ ریل گاڑی کا انجن جو مشہور ہی۔
اسٹیم بوٹ۔ دخانی کشتی۔ آگبوٹ جیسا کہ مشہور عام ہی۔
اسٹیمر۔ دخانی جہاز جو بھاپ کے ذریعہ سے چلتا ہی برخلاف بادی جہاز کے جو ہوا کے ذریعہ سے چلتا یا مچلتا ہی۔
اسٹینڈ۔ ٹھہرنے کی جگہ یا سنبھالنے کی چیز ظرف۔ مثلاً کیبرج اسٹینڈ۔ گاڑیون کا اڈا یا ٹھیکا دیکھو کیبرج۔ بک اسٹینڈ۔ کتاب ان۔ کھلی ہوئی الماری۔ دیکھو بک۔ انک اسٹینڈ۔ دوات۔ ایک طور کا قلمدان جسمین ڈھکنا اور خانے وغیرہ کچھ نہین ہوتے ہین۔ صرف قلم اور دوات کے رکھنے کے لیے ایک سپاٹ پٹری کے اوپر جگہ خالی ہوتی ہی۔
اسٹینڈ اپ۔ کھڑے ہوجاو۔
اسٹینڈ اپ آن دی بنچ۔ تپائی پر کھڑے ہوجاو۔ انگریزی مدرس لڑکون کو اکثر یہ سزا دیتے ہین ایک کم عمر ہندوستانی لڑکے نے اسکول مین یہی سزا پا کر بعد فرصت گھر مین عجیب معصومیت کے ساتھ اپنے باپ سے آکر بیان کیا تھا کہ ”ابا جان آج ماسٹر صاحب نے ہمکو پھر اسٹینڈ اپ آن دی بنچ کردیا“ اور وہ بیچارے پرانے زمانے کے مقدس آدمی متحیر ہوکر کہنے لگے کہ ”خیر تو ہی کیا ہوا“
اسٹینڈارڈ۔ جھنڈا یا علم۔ مروجہ عام سکہ یا پیمانہ یا وزن وغیرہ

اِسچیٹ - لاوارثی مال جو ضبط سرکار ہو جاوے -

اَسِسٹنٹ - مددگار -

اَسِسٹنٹ اِنجنیر - مددگار انجنیر - دیکھو انجنیر -

اَسِسٹنٹ ٹیچر - نائب مدرس - دیکھو ٹیچر -

اَسِسٹنٹ سرجن - سول سرجن ضلع کا نائب - دیکھو سول سرجن -

اَسِسٹنٹ کلکٹر - مددگار یا نائب کلکٹر - یہ عہدہ زیادہ تر ملک آئین مین پایا جاتا ہی مگر مستقل نہین ہی جب کسی ضلع مین کام زیادہ ہو جاتا ہی تو عارضی طور پر کچھہ زمانہ کے لیے اسسٹنٹ کلکٹر مقرر کردیا جاتا ہی بعد اوسکے پھر وہ عہدہ شکست کردیا جاتا ہی - بنگالہ کے بعض حصہ جات مین البتہ مدتون تک اسسٹنٹ کلکٹر - مقرر رہتے ہین -

اَسِسٹنٹ کمشنر - گو لفظون کے اعتبار سے اس عہدہ دار کو کمشنر کا ماتحت کہنا چاہیے مگر اصل مین وہ ڈپٹی کمشنر ضلع کا مددگار یا نائب ہوتا ہی - یہ عہدہ ملک آئین مین کہین نہین ہی - ممالک غیر آئین علی الخصوص اودہ کے اضلاع مین اسسٹنٹ کمشنر زیادہ مقرر ہین جو چھوٹے صاحب کھلاتے ہین -

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر - یعنی زائد مددگار کمشنر - اودہ مین یہ عہدہ بجاے ڈپٹی کلکٹر ان ملک آئین کے ہی

اِسفیر - کرہ - حلقہ - کسی ستارہ کی رفتار کا دورہ کرہ کا لفظ قدرتی اور مصنوعی دونون سے شامل ہی مثلاً اصل جسم شمس و قمر و ارض کو بھی کرہ کہتے ہین اور اوسکی مصنوعی نقل کو بھی کرہ کہتے ہین - چنانچہ انگریزی مدارس مین چھوٹے بڑے مختلف قد اور مختلف اوضاع و اطوار اور مختلف پیمانون اور مختلف اقسام کی تشریحات کے کرات مروج ہین -

اِسکاٹ - باشندہ ملک اسکاٹلینڈ - دیکھو اسکاٹلینڈ -

اِسکاٹش } منسوب بہ اسکاٹلینڈ
اِسکاچ } دیکھو اسکاٹلینڈ -

اِسکاٹلینڈ - ملک برطانیہ کا وہ حصہ جو انگلستان کے شمال مین واقع ہی - اس ملک مین کثرت سے جھیلین اور پہاڑ واقع ہین باشندے اوجڈ اور بہادر ہین - انگریزی فوج مین اسکاٹلینڈ کے سپاہی مثل ہندوستان کے راجپوتون کے تصور کیے جاتے ہین لیکن تہذیب کی ترقی انگلستان کے مقابلہ مین وہان کچھہ بھی نہین ہی -

اِسکالر - اسکول (یعنی مدرسہ) سے مناسبت رکھنے والا - متعلم - طالب علم - صاحب علم یا ذی علم فاضل یا فارغ التحصیل - عالم محض جسکے لیے صرف علم کی ضرورت ہی - عمل کی حاجت نہین ہی

اِسکالرشپ - طالب علمی کا وظیفہ جو انگریزی

مدرسون مین مقررہ امتحانات مین کامیابی حاصل
کرنیکے بعد لڑکون کو ملاکرتا ہی-
اسکرپچر- کتاب (بمعنی تحریر یا کتبہ) علی الخصوص
کتاب اللہ- عیسائی اصطلاح مین زبور توریت و انجیل
سے مراد لیجاتی ہی-
اسکرو- پیچ- ایک طور کا آلہ جسکے دستہ مین ایک
اینٹھا ہوا مضبوط تار لگا ہوتا ہی اوسکی نوک باریک
اور ایک طرف کو مڑی رہتی ہی- بوتل کے کاگ وغیرہ
اسی آلہ سے کھولے جاتے ہین- علاوہ آسانیکے
اس پیچ مین ایک صفت یہ ہی کہ کاگ بیکار نہین
جانے پاتا- پیچ کی نوک کو کاگ کے وسط مقام پر
دباکر رکھنے اور داہنی جانب گھومانے سے تار
جو اینٹھا ہوا رہتا ہی اوسی حیثیت سے اندر
گھستا چلا جاتا ہی اور کاگ کی گرفت کر لینے کے بعد
جب اوسکو زور سے کھینچتے ہین تو کاگ سمیت
باہر نکل آتا ہی- کاگ کو ہاتھ مین پکڑ کر بائین جانب
گھومانے سے پیچ کا تار باہر نکل آتا ہی اور کاگ
اوسیطرح کا مسلم رہجاتا ہی- مگر کاگ پیچ کی لکڑی کا
ہونا چاہیئے- اسکرو کی اور بھی بہت سی قسمین
اور اوسکے مختلف اقسام ہین-
اسکروی- گنجہ-
اسکلپچر- نقاشی- سنگ تراشی-
اسکوایر- بہادر- شرفا کا عام خطاب-
لوگون کا ہمراہی-
اسکوربٹی- کوڑی- کوڑی کا لفظ اسی
اسکور سے تراشا گیا ہی-
اسکول- مدرسہ- تعلیم گاہ-
اسکول بوائے (بوزن خواہ)- طفل مکتب
اسکول فلو- ہم مکتب- پیر بھائی-
اسکول ماسٹر- معلم- مولوی صاحب-
اسکول مسٹرس- معلمہ- استانی- آتون جی
اسکول ہوس- عمارت مدرسہ- مکان مکتب
اسکوئیر- مربع-
اسکیل- ترازو- ترازو کے پلے- نقشہ کا پیمانہ
مثلاً ایک میل کو چار انچہ یا چہ انچہ قائم کرکے
اوسی حساب سے کسی ملک یا شہر کا نقشہ تیار
کرنا- ایک آلہ ہندسی جسپر خطون کی پیمایش کے
درجے لکھے ہوتے ہین- اسکیل صرف اوس نسبت
کا نام ہی جو اصل شے منقول منہ اور اوسکی نقل کے
مابین قائم کیجاے-
اسکیم- تدبیر- تجویز- خاکہ- کینڈا-
اسلاٹر ہوس- مذبح- وہ مقام یا احاطہ جہان
حیوانات ذبح کیے جائین- چونکہ اس زمانہ مین بڑے
بڑے شہرون کا انتظام صفائی ایک مناسب اور
موزون طریقہ پر کیا گیا ہی اسلیے حیوانات کے ذبح
کرنے کا ایک خاص مقام اہل حرفہ یعنی قصابون کے

لیے مقرر کر دیا گیا ہو اور وہی اسلا ٹر تھو نس کہلاتا ہو

اسلیپر - دیکھو سلیپر -

اسمال - چھوٹا -

اسمال پاکس - چیچک -

اسمال کاز کورٹ - عدالت خفیفہ -

اسمبلی - کوئی جماعت جو کسی خاص کام کے لیے قائم کی گئی ہو -

اسموک - پیو (حقہ یا چرٹ وغیرہ) - از مصدر ٹو اسموک حقہ وغیرہ پینا -

اسموکنگ پیپ - حقہ - ناریل - یا اور کوئی آلہ جسکے ذریعہ سے تماکو پیا جاتا ہو - خاص پیپ اس طور کا حقہ ہوتا ہو جسمین اوپر ایک مختصر سی چلم بنی ہوتی ہو اور نیچے اوس چلم کے ساتھ ایک مجوف (یعنی درمیان سے خالی) نلی اور نکلی رہتی ہو جو سرے پر نہایت پتلی اور مھنال کی شکل ہوتی ہو - اسمین پانی نہین ہوتا صرف خشک تمباکو مین دیا سلائی یا آگ لگا کر اوسکو پیتے ہین -

اسنس - ست یا جوہر -

اسنف - ناس -

اسنف باکس - ناسدان - دیکھو باکس -

اسوسی ایشن - انجمن - سبھا - اکثر اشخاص اس لفظ کو کمیٹی وغیرہ سے خلط ملط کر دیتے ہین - اسوسی ایشن سے اون اشخاص کی جماعت مراد ہو جو کسی مقصد خاص کے لیے ایک گروہ مین دوامی طور پر قائم ہو گئے ہون تا کہ ہمیشہ یا ایک مدت غیر معینہ تک اوس مقصد کی تعمیل و تکمیل مین ساعی رہین برخلاف اسکے کمیٹی (جلسہ) وہ ہو جو ایک مقررہ کام کے لیے عارضی طور پر منعقد کی گئی ہو - جیسے البرٹ بل کمیٹی جو صرف ایک خاص وقت تک قائم رہی اور پھر شکست ہو گئی (یعنی جب تک البرٹ صاحب کے اس مسودۂ قانون کا مباحثہ پیش رہا کہ ہندوستانیون کو انگریزونکے مقدمات فوجداری کے فیصل کرنے کا اختیار دینا چاہیے) مگر اودھ تعلقدار اسوسی ایشن یا برٹش انڈیا اسوسی ایشن یہ انجمنین ابتک موجود ہین (گو یہ بھی کچھ ضرور نہین ہو کہ قیامت تک وہ اسیطرح قائم رہین) لفظ سوسائٹی البتہ ایک معنی کر کے اسوسی ایشن کی مترادف ہو -

اسیسر - دیکھو اسیسٹر -

اسیسر (اصل تلفظ اسسر ہو) - تشخیص یا تخمینا کرنیوالا - منحصر علیہ اصطلاح قانون مین اوس سے ایسا شخص مراد ہو جسپر فریقین اپنے مقدمہ کے فیصلہ کا صراحتًا یا معنًا حصر کر دین - مقدمات فوجداری کے متعلق تمام اضلاع کی عدالتون مین بعض باشندگان ضلع سے کچھ لوگ ایسے مقرر ہین جو باری باری ضروری مقدمات کی پیشی پر عدالت مین حاکم کے قریب آ کر بیٹھتے اور گواہون کا اظہار وغیرہ سنتے جاتے ہین -

آخر مین روداد دیکھکر اونکو راے دینا پڑتی ہو کہ مدعا علیہ
قصور وار ہو یا نہین۔ اسیسرون کو منشاے قانون کے
لحاظ کرنے سے کوئی واسطہ نہین ہو بلکہ صرف واقعات
کی روسے راے دینا اونکا کام ہو۔ بعض ذی علم
اور لایق اسیسر وجوہ و دلائل کے ساتھہ بھی اپنی راے
ظاہر کرتے ہین اور بعض صورتون مین ایسا بھی دیکھا
گیا ہو کہ اسیسر لوگ مجسٹریٹ یا سشن جج (اعلی
حاکم فوجداری) کی صورت اور آنکھین دیکھہ دیکھکر
کبھی ہان اور کبھی نہین کرنے لگتے ہین۔ ایسے لوگ
جب تک کچہری مین بیٹھتے ہین نہ اظہار سنتے ہین اور
نہ گواہون اور فریقین کے قیافہ کی تمیز کرتے ہین
بلکہ دل ہی دل مین اللہ اللہ خواہ رام رام کرتے اور
یہ دعا مانگتے رہتے ہین کہ کسوقت اس آفت سے نجات
ملیگی اور بعزت و حرمت پھر اس کچہری سے باہر
نکلنا نصیب ہوگا۔ صوبہ بہار کی ایک عدالت سشن مین
ایک مرتبہ ایک مقدمہ فوجداری پیش تھا۔ بروقت
تجویز مقدمہ جب جج نے ایک اسیسر صاحب سے
راے پوچھی تو اونھون نے کانپتے ہوے ہاتھون کو
جوڑکر جواب دیا کہ "ہجور" جج نے پھر استفسار کیا کہ
"کیا ہجور۔ مدعا علیہ مجرم ہو یا نہین" اسیسر صاحب
گھبراکر بولے کہ "نا ہین ہجور" جج نے ایک ذرا
آنکھہ دکھاکر کہا کہ "کیون" اسیسر صاحب کے
دم نکل گئے جلدی سے گھبراکر کہنے لگے "وہ کسور
بھیا مالک (قصور ہوا مالک) ہان کسور وار ہو"
جج صاحب مسکراکر رہگئے۔ اس مقدمہ مین مجرم
رہا ہوگیا تھا۔

اسٹیشن / **اشٹیشن** } دیکھو اسٹیشن۔

اشو۔ لغوی معنی نکلنے یا برآمد ہونے کے ہین اور
اوسکے اعتبار سے انجام نتیجہ فال خرچ اشتہار
اشاعت طبع (چھپنا) اجرا انفاذ اولاد نسل
اور پیداوار یہ معنی بھی ہین۔ مگر یہ لفظ زیادہ تر
اصطلاح قانون کی حیثیت سے مروج عوام ہو
قانون مین اوس سے امر تنقیح طلب یعنی خلاصہ
نزاع مابین الفریقین مراد ہو اور یہ مفہوم بھی
اونھین لغوی معنون پر دلالت کرتا ہو یعنی یہ کہ مدعی
کیجانب سے عرضی دعوی اور مدعا علیہ کیجانب سے
بیان تحریری داخل ہو اور طرفین سے نزاع قائم
ہوئی اوسوقت اشو قرار دئے گئے۔ تو مطلب
یہ ہوا کہ طرفین کیجانب سے اپنی اپنی نزاعات کا جو
اظہار کیا گیا اوس سے کیا باتین نکلین۔ جو باتین
اسطور پر مستخرج کی گئین وہی اشو ہوئین۔
لفظ "تنقیح" اشو کے لیے ایک موزون اصطلاح
قائم ہوگئی ہو۔ اردو مین اس لفظ کو اس طرح بھی
(ایشو) لکھتے ہین۔

افونیا۔ سکتہ کا عارضہ۔

اَفِیشِیئیٹ - قائم مقامی کرنا - غیر مستقل تقرری کے ذریعہ سے کسی عہدہ کا کام انجام کرنا - مثلاً کسی ڈپٹی کمشنر کا صدر منصرم جو کسی منصف کے رخصت لینے پر تا ایام رخصت اوسکی جگہ لوکل گورنمنٹ کے ذریعہ سے مقرر کر دیا جاوے اوسکی کارروائیون کی نسبت اَفِیشِیئیٹ کا لفظ استعمال کیا جاوے گا۔

اَفِیشِیئیٹنگ - قائم مقام - لفظ اَفِیشِیئیٹ کے متعلق جو تصریح کی گئی ہے اوسمین صدر منصرم اَفِیشِیئیٹنگ منصف کہلاوے گا - دیکھو لفظ آیکٹنگ۔

اَفِیشَل اور اوسکے مرکبات دیکھو (ردیف الف ممدودہ مین)۔

اکاڈمی - مکتب - مدرسہ - شہر آتھنس دار السلطنت یونان مین اکاڈمس نامے ایک شخص کا ایک باغ تھا جسمین حکیم افلاطون اپنے شاگردونکو تعلیم دیتا تھا - چنانچہ اسیوجہ سے اوسکا نام اکاڈمی مشہور ہوگیا - اب یہ لفظ عام طور پر اوسط درجہ کے مکتب یا مدرسہ پر دلالت کرتا ہے اور بعض مرکب اسماے معرفہ کے ساتھہ مستعمل ہوتا ہے۔

اکاموڈیشن - رہنے یا ٹھہرنے کی جگہ - گنجایش۔

اِکانومی (یا اِکونومی) اس لفظ کا ترجمہ کسی نے کفایت شعاری اور کسی نے علم فلاحت کیا ہے اور اکثر محتاط حضرات اصل انگریزی ہی لفظ کو استعمال کرتے ہین - مولف کے نزدیک کفایت شعاری اور علم فلاحت سے اکانومی کا مفہوم ادا نہین ہوتا - اسکا ٹھیک ترجمہ تدبیر المنزل ہے گویہ اصطلاح حکمیہ عام فہم نہین ہے اور بعض مرکب الفاظ مین اوسکے ترجمہ کا بنانا خالی از تکلف نہین ہے مگر صحیح ترجمہ سواے اوسکے اور کچھ نہین ہوسکتا۔

اِکانومیکل (یا اِکونومیکل) - منسوب بہ اکانومی - دیکھو لفظ اکانومی۔

اِکٹ (آیکٹ) - اس لفظ کا صحیح تلفظ آیکٹ ہے - مگر چونکہ اب اِکٹ کا لفظ مثل اردو لفظ کے مروج اور مستعمل ہے اسواسطے اوسکی تصحیح ضرور نہین ہے - آیکٹ کے لغوی معنی کسی کارروائی یا فعل کے ہین اور اصطلاح قانون مین اوس سے کسی جماعت واضعان قانون یا کسی محکمہ یا کسی حاکم (قاضی) کا فیصلہ مراد ہے - عام ہندوستانی مفہوم کے مطابق اکٹ اون ضوابط و سیاستونکا مجموعہ ہے - جو کسی بادشاہ یا حاکم وقت یا کسی جماعت ذی اختیار کے حکم سے کسی ملک یا حصہ ملک یا کسی شہر یا خاص شخص یا قوم یا عامہ خلایق یا مختلف مسائل و معاملات کے بارے مین اشخاص

متعلق کے عملدرآمد کے لیے مقرر کیے گئے ہون -
اِکْس پارْٹی - یکطرفہ یعنی وہ مقدمہ جو کسی ایک فریق مدعی خواہ مدعاعلیہ کی غیرحاضری یا عدم پیروی کیحالت مین فیصل ہو -
اِکْسْپرِس - حالت فعل مین اس لفظ کے معنی بیان کرنے حالت اسم مین پیام بر اور حالت صفت مین بیانیہ یعنی صریح اور خاص کے ہین - اس کتاب مین اس لفظ کے درج کرنیکی ضرورت صرف مرکبات کے متعلق ہے مفرد لفظ صرف معنی سمجھانے کے لیے لکھا گیا ہے ورنہ اوسکی کوئی ضرورت نہ تھی - اسی نام سے بعض اخبارات بھی شائع ہوتے ہین - مثلاً اخبار اِکْسْپرِس جو انگریزی کا ہین لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے - اسکے معنی "تبیان الاخبار" سمجھنا چاہیے - دیکھو مرکب الفاظ مابعد -
اِکْسْپرِس ٹْرین - پارسل کی ڈاک گاڑی جو نہایت تیز چال سے جاتی ہے - دیکھو الفاظ اِکْسْپرِس وٹرین وپارسل -
اِکْسْپرِس لا - صریحی یا خاص قانون کا کوئی خاص حصہ یا مسئلہ جو صریحی الفاظ مین بیان کیا گیا ہو معناً و تاویلاً اوسکا مطلب لیا جاتا ہو -
اِکْسْپِنْڈِیچر - خارج (ضد داخل) یعنی خرچ (ضد آمدنی) بعض لوگ اس لفظ کو محض انگریزیت جتانے کے لیے اردو مین بلا ضرورت استعمال کرتے ہین -
اِکْسْپورْٹ - تجارت خارجہ - وہ تجارتی مال جو کسی ملک سے باہر کے ملکون کو بھیجا جائے - اِمْپورْٹ اسکی ضد ہے -
اِکْسْٹرا - زائد -
اِکْسْٹرا آرْڈِنَری - معمولی یا معین حالت یا تعداد یا مقدار سے زیادہ - اتوار کے دن یا معمولی پرچہ کے علاوہ جب کوئی دوسرا اخبار نکلتا ہے وہ اسی نام سے موسوم کیا جاتا ہے -
اِکْسْٹرا اَسِسْٹَنْٹ کَمِشْنَر - دیکھو اَسِسْٹَنْٹ کَمِشْنَر -
اِکْسْٹْرَیکْٹ - جوہر - روح - خلاصہ - اقتباس - کسی کتاب یا تحریر کا کوئی خاص مضمون جو خلاصہ کے طور پر اوس سے نکال لیا جائے -
اِکْسْچِکَر - خزانہ شاہی - خزانہ عامرہ - بیت المال - سلطنت کے قرضہ اور آمدنی کے اہتمام کا محکمہ -
چَیْنْسَلَر آف دی اِکْسْچِکَر - میر بخشی - داروغہ خزانہ شاہی - انگلستان کے وزراے اعظم چَیْنْسَلَر آف دی اِکْسْچِکَر بھی ہوتے ہین خزانہ کی کنجی اور مہر اونھین کے پاس رہتی ہے -
اِکْسْچینج - مہاجنی داد و ستد - ہنڈیاون - بٹہ - صرافہ - ایک قسم کے سکہ سے دوسرے قسم کے سکہ کے بدلنے مین تعداد بٹہ کی شرح - زیادہ تر انھی معنون کے سمجھانے کے لیے یہ لفظ لکھا گیا ہے - ہندوستان کے روپیہ کی مالیت انگلستان کے

پونڈ کے حساب سے قرار دینے مین مدتون سے جھگڑا چلا جاتا ہی اور اب یہ بٹہ بڑھتے بڑھتے اس حد تک پہونچا ہی کہ یہان کے ۱۶ یا ۱۷ وہان کے دس روپیے کے سکہ کے برابر محسوب ہوتے ہین۔ اسکی واویلا اکثر مچی رہتی ہی مگر کوئی معقول بندوبست آج تک نہوا۔ انگلستان کے علاوہ دوسرے ممالک کے سکون کا بھی ایک دوسرے کے مقابلہ مین حساب لگانے کے متعلق بڑی بڑی دقتین پیدا ہوتی رہتی ہین۔ یوروپ کے بعض ملکون اور امریکہ مین بھی باوقات مختلف یہ تجویزین زیر بحث رہین کہ جہانتک ممکن ہو تمام دنیا کے سکے ایک کردئیے جائین اور ایک جگہ کا سکہ ہر جگہ چل سکے لیکن بعض ممالک کے خودغرضی یا معقول عذرات کے سبب سے کوئی تدبیر کارگر نہو سکی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستان کے روپیہ یعنی چاندی کا نرخ روز بروز گھٹتا او رہندوستان زیربار ہوتا جاتا ہی۔ انگریزی مین چاندی کو سلور کہتے ہین اور کوئسچن ایک اور لفظ ہی جسکے معنی مسئلہ یا قضیہ کے ہین۔ اور یہ سلور کوئسچن اخبارات مین ہمیشہ زیر بحث رہتا ہی۔ ملک جرمن کی چاندی کھوٹی ہی اور وہان والے ہمیشہ اپنی چالاکی اور منصوبہ بازیون سے اس معاملہ مین دوسرے ممالک کو چل دیتے رہتے ہین اور اور جب سلطنتون کے مابین اسکے تصفیہ کے لیے مشورت ہوتی ہی تو گول باتین کرکے ٹال دیتے ہین اور اپنی کارستانیون کو ہاتھہ سے جانے نہین دیتے۔ انگلستان والے بہت کچھہ اودھیڑبن مین رہتے ہین کہ اونکو کسیطرح راہ پر لائین مگر وہ اس ڈھرے کب چلنے والے ہین۔ مولف کتاب نے ۱۸۹۲ء مین پولٹیکل و غزل کے عنوان سے کچھہ اشعار نظم کیے تھے جو اودہ اخبار مطبوعہ ۲۸ ستمبر مین شائع ہوے تھے اونمین سے ایک شعر اس موقع پر درج کرنے کے قابل ہی جس سے معلوم ہوگا کہ اس قسم کے معاملات کا عام طور پر ہر شخص کی سمجھہ مین آنا کسقدر دشوار ہی اور ناظرین اودہ اخبار سے جو حضرات اوس وقت اس شعر کو نہ سمجھے ہون اب اس لفظ کی تصریح کے دیکھنے سے اوسکے مذاق کو آسانی سے پہونچ سکین گے اور محظوظ ہون گے۔ وہ شعر یہ ہی۔

تصور ہر گھڑی ہی مجھہ کو اس سلور کوئسچن کا
کیا ہی گلٹ انگلش پالیسی پر مین نے جرمن کا

الفاظ گلٹ اور پالیسی کو علیحدہ ردیف مین دیکھہ لیا جاے۔ یہ بھی یاد رہی کہ بعض تحریرات اخبار مین چاندی یا بٹہ کا مجمل طور پر جہان ذکر ہوتا ہی اوس سے بھی اکسچینج مراد ہوتا ہی اور اسی معاملہ کی بحث ہوتی ہی۔ اس تشریح کے پڑھنے سے قرینہ دیکھکر معلوم ہو جاے گا کہ سلور کوئسچن کی بحث اور اکسچینج کا مسئلہ ہی۔

اکو۔ گونجنے کی آواز۔ صداے بازگشت۔

انڈین اکو - ہندوستان کے ایک انگریزی اخبار کا نام ہے جسکے معنی یہ ہوے کہ "صداے بازگشت ہندوستان" یعنی اہل ہند کے خیالات یا رائین غیر

اکونٹ - لیکھا - حساب - غیر انگریزی دان اہل معاملہ کو اس لفظ اور اوسکے متعدد مرکبات اور متعلقات کے سمجھنے مین سخت دقت اور دشواری واقع ہوتی ہے - علی الخصوص جب سے ڈاکخانہ مین روپیہ جمع کرنے کا قاعدہ جاری ہوا - چنانچہ اس لحاظ سے لفظ مذکور کے متعلق مندرجہ ذیل مرکبات کی تشریح کیجاتی ہے - آڈٹ - حساب کا جانچنا - بل بک ہنڈی بہی - بیلنس شیٹ - چٹھا جمع خرچ - ٹرایل بیلنس بک - چٹھا بہی - ٹو اوپن اکونٹ - لیکھا ڈالنا - نیا حساب جاری کرنا ڈاکخانون مین پہلے پہل جو لوگ روپیہ جمع کرتے ہین اون کا اکونٹ اوپن ہوتا ہے - ٹو کیپ اکونٹ - حساب رکھنا - جرنل - روزنامچہ - ڈبٹ اِن اکونٹ - خرچ مین لکھنا - ڈپازٹ بک - وصول بہی - ڈاکخانون مین جو کتاب روپیہ جمع کرنے والون کو ملتی ہے وہ ڈپازٹ بک کہلاتی ہے - رف اکونٹ - کچا حساب - رف لجر - کچا کھاتا - سسپنس اکونٹ - بند حساب - یعنی وہ حساب جو جاری نہو - رقم تردات - جاکڑ - سسپنس اکونٹ بک - جاکڑ بہی - فیر لجر - پکا کھاتہ - کرنٹ اکونٹ - چلتا لیکھا - وہ حساب جو جاری ہو - کریڈٹ اِن اکونٹ - جمع کرنا یا جمع مین لکھنا - کیش بک - روکڑ بہی - ونیسٹ بک - نقل بہی -

اکونٹ بک - بہی - کتاب حساب -

اکونٹس - حساب کتاب - ایبسٹریکٹ آف اکونٹ - گوشوارہ حساب - دیکھو لفظ ایبسٹریکٹ - پرائیوٹ اکونٹس - نج کا حساب - ذاتی حساب - خانگی حساب - وِنج اکونٹس - حساب دیہہ -

اکونٹینٹ (یا ٹنٹ) - محاسب - عملہ حساب -

اکونٹینٹ جنرل - محکمہ حساب و کتاب کا اعلی افسر

اکیوزڈ - شخص ملزم - شخص متہم - وہ شخص جو کسی جرم کی علت مین گرفتار ہوا یا ہو مگر ہنوز اوسکا جرم ثابت نہوا ہو - اکیوزڈ کا ترجمہ "مجرم" غلط ہے کیونکہ اوسکے لیے گلٹی کا لفظ ہے -

اگزامن - غور سے دیکھنا - جانچنا - پرکھنا - تفتیش یا تلاش کرنا - امتحان لینا - گواہ کا اظہار لینا یا اوس سے سوال کرنا -

اگزامنر - ممتحن - امتحان لینے والا - جانچنے والا - دیکھو لفظ اگزامن یہ اوسی سے مشتق ہے -

اگزامینیشن - دیکھو لفظ اگزامن - امتحان طلبا - اگزامینیشن مین اپیر ہونا - امتحان مین

شریک ہونا۔ امتحان دینا۔ اِگزامینیشن پاس
کرنا۔ امتحان دیکر کامیابی حاصل کرنا۔ اِگزامینیشن
مین فیل ہونا۔ یعنی امتحان مین پورا نہ اوترنا اور ناکام
رہنا۔

اِگزہبٹ (اِگزِہبِٹ)۔ دکھانے یا پیش کرنے کی
شے۔ وہ چیز جو کسی نمایش گاہ یا عدالت مین دکھانیکے لیے
پیش کیجاے۔ اجناس تجارت۔ وصنعت۔ وحرفت۔
کی کوئی دستاویز یا سند یا کسی کتاب وغیرہ کے منتخب
مطالب جو کسی مقدمہ کے وجوہ ثبوت کے طور پر
عدالت مین پیش کیے جائین داخل اگزہبٹ ہین۔

اِگزہبیشن (اِگزہبشن)۔ نمایش گاہ۔ مغربی
وضع کا میلہ جو خاص اس صریحی غرض سے منعقد کیا جاتا ہے
کہ لوگ اپنے اپنے یہان کی اشیا نمونہ کے طور پر وہان لاکر
جمع کرین تاکہ اوسی قسم کی مختلف اشیا کا باہم مقابلہ
ہوکر ایک راے قائم ہوسکے۔ یوروپ کے تجار نہایت
صرف اور دقت اوٹھاکر نمایشگاہون مین شریک ہوتے
اور تمغے اور اسناد حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہین
اور تمغے اور سرٹیفکٹ دیکھ کر عوام بھی خریداری کی
خواہش کم یا زیادہ کرتے ہین۔

اِگزکیوٹو۔ یہ لفظ صحیح ہی مگر اخبارات مین زر کے بعد
ہی کے ساتھ اس لفظ کو لکھتے ہین۔ دیکھو اگزیکیوٹو۔

اِگزمٹ۔ معاف۔ بری۔ مستثنی۔ بعض لوگ
اس لفظ کو بلا ضرورت اس طرح پر استعمال کیا کرتے ہین
کہ ہم فلان امر یا فلان قاعدہ یا قانون سے اگزمٹ ہین۔

اِگزیکیوٹو۔ عامل۔ حکومت کنندہ۔ کارکن
اِگزیکیوٹو ڈپارٹمنٹ صیغہ عاملانہ۔ اگزیکیوٹو
گورنمنٹ۔ حکام عامل۔ اگزیکیوٹو کمیٹی۔
کارکن۔ یا انتظامی کمیٹی۔

آگسٹ (آگسٹ)۔ انگریزی کا آٹھوان مہینہ
جو ۳۱ دن کا ہوتا ہی۔

اِگوٹزم۔ انانیت۔ خودی۔ منی۔

الارم۔ چونکانا۔ جگانا۔ بیدار یا خبردار کرنا۔

الارم کلاک۔ چونکانے والی گھڑی جو ایک وقت
معینہ پر صداے بلند پیدا کرتی ہی۔

الاوینس۔ وظیفہ۔ گزارہ۔ وہ رقم جو کسی حساب
سے مجرا یا محسوب کرلیجاے یا کوئی امر جو کسی قاعدہ
سے مستثنی رکھا جاے۔ چھوٹ۔

الاے۔ مرکب دھات۔ کامل دھات مین ناقص
دھات کا میل۔

الپاکا۔ اس نام کا کپڑا ہندوستان مین بہت
مشہور و متعارف ہی مگر وجہ تسمیہ اوسکی یہ ہی کہ
الپاکا ایک جانور کا نام ہی جو ملک تبت کے بکریکے
مشابہ ہی اور ملک پیرو واقع امریکہ مین پایا جاتا ہی
اوسکی اون سے یہ کپڑا بناجاتا ہی۔ نقلی الپاکا بھی
کئی قسمون کا بنتا ہی۔

الپاین (الپائن)۔ منسوب بہ کوہ الپس۔

ارفع - نہایت بلند -

الپس - یوروپ کے ایک سلسلہ کوہ کا نام جسکا طول تقریباً ساڑے سو میل اور بلندی ۱۵۰۰۰ گز کے قریب ہے - یہ سلسلہ بلندی کے لیے ضرب المثل ہے -

الپین - اصل لفظ پن ہے جسکے معنی سوئی کے ہین - ایک قسم کی سوئی جسمین ناکا نہین ہوتا ہے اور علی العموم کاغذات کے نتھی کرنے مین استعمال کیجاتی ہے - میمین اوسکو سایہ وغیرہ کے اوبھارنے اور سنبھالنے کے متعلق بھی کام مین لاتی ہین - حضرات لکھنؤ نے معمولی سوئی کے بدلے الپین کو نکے دار دو پلی ٹوپیون مین استعمال کرنے کے لیے بہت غنیمت سمجھا -

الجبرا - علم جبر و مقابلہ - یہ لفظ اصل مین عربی ہے انگریزی زبان مین مستعار لیا گیا ہے -

الڈر - شیخ - بزرگ شخص - گرجا گھر کا منتظم -

الفا - یونانی زبان کا پہلا حرف یعنی الف -

الفبٹ - الف بے - حروف تہجی انگریزی الف بے مین کل ۲۶ حرف ہین منجملہ اون کے ۵ حروف (اے ای آئی او یو) اور ابتدائی الفاظ مین ڈبلیو اور وائی بھی) اعراب کا کام دیتے ہین اور اسوجہ سے واول (یعنی حروف علت) کہلاتے ہین ما بقی حروف تہجی حرفون بے اعراب ہین جن کو کانسونینٹ کہتے ہین - کل حرفون کی تفصیل یہ ہے -

اے (الف) - بی (ب) - سی (ک اور س) - ڈی (ڈ) - ای (زیر اور زبر) - ایف (ف) - جی (ج اور گ) - ایچ (ھ یا ح) - آئی (زیر) - جے (ج) - کے (ک) - ایل (ل) - ایم (م) - این (ن) - او (پیش - اور و یا الف) - پی (پ) - کیو (ک اور ق) - آر (ر) - ایس (س) - ٹی (ٹ ت) - یو (زبر و پیش) - وی (ایک آواز ب اور ف کے مابین) - ڈبلیو (و) - ایکس (کس اور کز) - وائی (ی یا زیر) - زیڈ (ز) -

الکٹ - منتخب کرنا علی الخصوص پارلمنٹ یا کسی اور سرکاری یا دربار یا انجمن کے ارکان کا منتخب اور نامزد کرنا -

الکٹر - الکٹ یعنی انتخاب کرنے والا - دیکھو الکٹ -

الکٹریسٹی - خاصیت یا قوت تفریق و امتزاج کہربائی - قوت جاذبہ - کشش برقی -

الکشن - انتخاب - دیکھو لفظ الکٹ -

الکلی - سجی - کھار - شوریت -

الکلی میٹر - شوریت - شوریت دریافت کرنے کا ایک آلہ -

الکوہل - عموماً جوہر - خصوصاً جوہر شراب -

الکیلائن - کھاری - شور -

ال لجیٹمیٹ - غیر صحیح النسب - ولد الحرام - ناجائز -

اِل لیگل - خلاف قانون - ناجائز -

اَلمیناک - جنتری - تقویم -

اِلُووِیَل - دریابرآر - دریابرآمد -

ایلیمنٹ - عنصر - رکن - جوہر -

ایلیمنٹری - خالص - بسیط - ابتدائی -

ایلیوزن - کنایہ - کسی امر کیجانب معنوی اشارہ -

امبزلمنٹ - تغلب تصرف -

امبلم - علامت - نشان - علی الخصوص نشان حشم خدم
عظمت و فوقیت - علم -

امبیسڈر - سفیر - کسی سلطنت کا کوئی افسر جو
دوسری سلطنت مین مقیم رہنے اور وہان کے حالات
سے اپنی سلطنت کو مطلع کرنے یا دونون سلطنتون مین
تعلقات قائم رکھنے کے لیے مقرر کیا جاے -

امپائر - سرپنچ - اور بعض صورتون مین وہ شخص جسپر
کسی معاملہ مین طرفین نے اپنا فیصلہ منحصر کردیا ہو یعنی
ثالث یہ آخری معنی گوی وچوگان کے انگریزی کھیل کے
ثالث پر بھی صادق آسکتے ہین -

امپائر - سلطنت - راج - علی الخصوص کوئی وسیع سلطنت
جو کسی بادشاہ کے ماتحت نہو بلکہ کسی شاہنشاہ کے ماتحت
ہو - مثلاً انگلستان کی خاص سلطنت امپائر نہین
ہے بلکہ کنگڈم ہے اور کل علمداری انگلستان و ہندوستان
و دیگر ممالک مختلف ملاکر امپائر کہلاتی ہے - اور اسیوجہ سے
علیاحضرت وکٹوریہ انگلستان کی ملکہ اور ہندوستان کی
قیصرہ کہلاتی ہین برٹش امپائر - دیکھو برٹش -

امپرر - شاہنشاہ - انگلستان روس وچین
جرمن وغیرہ کے سب فرمانروا امپرر ہین - چھوٹی
سلطنتون کے بادشاہ کنگ کہلاتے ہین - مثلاً
اٹلی ڈنمارک - یونان ایران وغیرہ کے فرمانروا -

امپرس - شاہنشاہ بیگم امپرر کی بی بی - دیکھو
امپرر - امپرس آف انڈیا یا قیصرہ ہند -

امپرفکٹ - ناقص - غیر مکمل -

امپورٹ - تجارت داخلہ - وہ تجارتی مال جو
باہر کے ملکون سے اپنے ملک کو آے - اکسپورٹ
اسکی ضد ہے -

امپیریل - شاہنشاہی - خسروی -

امریکہ (امیرکا) نئی دنیا جو نصف کرہ غربی کے
نام سے مشہور ہے اور جسکو کلمبس صاحب نے دریافت کیا تھا
یہ بہت وسیع حصہ دنیا کا ہے جو پہلے بالکل غیر آباد تھا
جا بجا بن مانس پاے جاتے تھے مگر اب انگلستان
اور یورپ کے دوسرے ممالک کے لوگون نے وہان
جاکر سکونت اختیار کی یہان تک کہ نئی دنیا کے لوگ
اب علم وحکمت تجارت وغیرہ مین یورپ کے مہذب
ترین اشخاص پر بھی گوے سبقت لے گئے ہین -

امونیا - نوسادر -

امیگریشن - نقل وطن - ایک ملک سے جاکر
دوسرے ملک مین رہنا

اِمیگرینٹ - وہ شخص جو اپنا وطن چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں سکونت اختیار کرے - ہندوستان سے جو مزدور پیشہ اشخاص برہما یا جزائر ہند یا دوسرے مقامات جاتے اور وہان سکونت اختیار کر کے مزدوری وغیرہ کرتے ہین وہ اِمیگرینٹ ہین -

اَناٹومی - فن تشریح -

اِنٹرپرٹر - ترجمان - وہ شخص جو ترجمہ کر کر کے دو آدمیون کے مابین گفتگو کرنے کا واسطہ ہو -

اِنٹرسٹ - سود - بیاج - تعلق - ذوق - سمپل انٹرسٹ سود محض جو صرف اصل روپیہ پر لیا جائے - کمپونڈ انٹرسٹ - سود در سود -

اِنٹرکورس - یہ لفظ بہت بیڈھب ہی کیونکہ مجازی معنی اوسکے متعدد ہین اور صرف موقع اور محل سے اصل معنون کی تمیز ہوتی ہی ورنہ اکثر دھوکا ہوتا ہی - لغوی معنی "تعلق فیمابین" کے ہین مگر مجازاً مندرجہ ذیل معنون مین اس لفظ کا استعمال ہوتا ہی - آمد و رفت - راہ و رسم - لین دین - بیوپار - خط کتابت - سوال و جواب - مکالمہ باہمی - سکشول انٹرکورس - ہمخوابی صحبت - مباشرت -

اِنٹرمیڈیٹ - درمیانی - بیچ کا - اوسط درجہ کا - انٹرمیڈیٹ کلاس کی گاڑیان وہ ہوتی ہین جن کا محصول درجہ دوم سے کم اور درجہ سوم سے زیادہ ہوتا ہی -

اِنٹرنیشنل - مختلف ملکون کے متعلق - مشترک الاقوام

اِنٹروڈیوس - پیش کرنا - تقبیل کرنا - پہچنوانا -

اِنٹری - داخلہ باریابی - پرائیوٹ انٹری - ملاقات خاص - دربار خاص -

اِنٹریس - دیکھو انٹرینس -

اِنٹرینس دیکھو انٹرینس -

اِنٹرینس - دروازہ - داخلہ - انگریزی تعلیم کا ایک درجہ جو مڈل سے اعلیٰ اور ایف - اے سے ادنیٰ ہی - موجودہ انتظام کے مطابق اکثر اضلاع مفصلات کے اسکولون کا سب سے بڑا درجہ یہی ہی - چونکہ اس درجہ تک پڑھنے کے بعد خیال کیا جاتا ہی کہ اب طالب علم نے گویا انگریزی شروع کی اور انگریزی تعلیم کے مکان مین داخل ہوا اس سبب سے اوسکو انٹرینس کلاس یعنی "دخل ہونے کا درجہ" کہتے ہین - افسوس ہی کہ اکثر طلبا اس دروازہ تک بھی نہین پہونچتے ہین اور اگر پہونچتے ہین تو پھر چوکھٹ پر پاؤن رکھ کر پلٹ آتے ہین اور پچھلے پاؤن بھاگ کھڑے ہوتے ہین -

اَنجن (اِنجن صحیح ہی) - کل یا آلہ - زیادہ تر اس لفظ کا استعمال اوس کل کے معنون مین کیا جاتا ہی جسکے ذریعہ سے ریل گاڑی چلتی ہی - مگر اصل یہ ہی کہ یہ لفظ عام ہی -

اِنجن - دیکھو اَنجن -

اِنجن ڈریور - ریل گاڑی بان - انجن ہانکنے والا

اِنجینیر (صحیح تلفظ اِنجنیر ہی) - میر عمارت - تعمیرات کا کام کرنے والا - وہ شخص جو کلون کے ہنر سے

واقف ہو۔ فن معماری و نجاری و آہنگری وغیرہ کا استاد۔ سڑک خام سڑک پختہ سڑک ریل پل نالی تعمیر جہازات اور مختلف قسم کی کلون کے بنانے کا کام سب اِنجنیر کے کام سے متعلق ہی۔

انچھ۔ ناپنے کا ایک پیمانہ۔ جو ڈبل پیسہ کے قطر کے برابر ہوتا ہی ۳۶ - انچھ کا ایک نمبری گز ہوتا ہی۔

اَنڈارس۔ تصدیق کرنا۔ عبارت ظہری لکھنا۔ ہنڈی سکارنا۔

اِنڈِپنڈنٹ۔ خود مختار۔ خودسر۔

اَنڈَر۔ نیچے۔ ایک مقدار یا حالت معینہ کے اندر۔

اَنڈر گراجوئیٹ۔ ادنی درجہ کا تعلیم یافتہ۔ ڈگری یافتہ اشخاص سے کمتر۔ مبتدی۔

اِنڈس۔ دریاے سندھ۔

انڈسٹری۔ مشقت۔ یا ریاضت۔ تندہی یا دیدہ ریزی کا کام۔ مرکبات مین یہ لفظ بہت آتا ہی۔

اِنڈِکس۔ ردیف وار فہرست یہ لفظ اردو مین کثرت سے استعمال کیا جاتا ہی۔ اور سبب وسکا یہ ہی کہ فہرست اور انڈکس کے مفہوم مین کسیقدر فرق ہی۔ معمولی فہرست باعتبار ترتیب مراتب مندرجہ کتاب یعنی ابواب یا فصول کے مطابق تیار کیجاتی ہی اور انڈکس مین مختلف مقاصد مندرجہ کتاب کی تفصیل خلاف ترتیب ابواب و فصول باعتبار حروف تہجی اسطور پر کیجاتی ہی کہ جس بات یا مضمون کو اوس کتاب مین دیکھنا منظور ہو فورًا اوسکا پتہ لگ جاے - انڈکس کو مثل فرہنگ کے سمجھنا چاہیے لیکن فرہنگ مین ہر لغت یا اصطلاح کے معنی درج ہوتے ہین اور انڈکس مین مضمون کے بدلے صفحہ اور سطر وغیرہ کا نشان درج ہوتا ہی۔ انڈکس مختلف مقاصد کے اعتبار سے تیار کیجاتی ہین۔

اِنڈوَمنٹ۔ وقف۔ ہبہ۔ کوئی جائداد یا روپیہ یا زمین کی آمدنی جو کسی خاص غرض سے کسی شخص یا جماعت کے نام دوامًا منتقل کر دیجاے۔ اکثر انڈَومنٹ کسی کار رفاہ خلائق یا مذہبی کام کے لیے ہوتے ہین انڈومینٹ بخشش عطیہ وقف۔

انڈو یوروپین۔ دیکھو انیشنٹ انڈیا۔

انڈیا۔ ہندوستان۔ ہند۔ اِیسٹ انڈیا ملک ہند۔ برٹش انڈیا۔ ہند برطانیہ یعنی وہ حصہ جو انگلستان کے زیر حکومت ہی۔ مختلف قوانین اور مختلف محکمہ جات کے مطابق اس لفظ کی تعریف بھی مختلف طور پر کیجاتی ہی۔

انڈیریکٹ۔ ۔جتا۔ خفیف۔ صریحًا۔ وساطت یا توسط یا حیلہ سے۔

انڈین۔ منسوب بہ ملک ہندوستان۔ ہندوستانی ہندی۔ یہ لفظ مرکب ناموں مین بہت آتا ہی۔ دیکھو اینگلو انڈین۔

انڈین اِکسچکر۔ وزیر یا دیوان خزانہ ہند

خزانہ ہند کے متعلق گورنر جنرل کی کونسل
کا ممبر۔
انڈین گورنمنٹ۔ گورنمنٹ ہند بحکام
منتظم ہند۔ گورنر جنرل ہند اور اونکی کونسل۔
انرول۔ بھرتی کرنا۔ فہرست مین نام لکھنا۔
انرولمنٹ۔ بھرتی۔ اندراج نام فہرست مین
داخلہ۔
انسالوینٹ۔ دیوالیہ۔
انسالوینسی۔ دیوالہ۔
انسالوینسی کورٹ۔ عدالت دیوالیہ یعنی
دیوالہ نکلنے کے مقدمات فیصل کرنے کی خاص عدالت۔
انسپکٹر۔ ناظر۔ معائنہ کنندہ۔ نگران۔
انسٹرکٹ۔ تعلیم کرنا۔
انسٹرکشن۔ تعلیم۔ ڈیرکٹر آف پبلک
انسٹرکشن۔ ڈیرکٹر سررشتہ تعلیم یعنی محکمہ تعلیمات کا افسر
اعلی۔
انسٹیٹیوٹ۔ قانون مقررہ۔ اصول مسلمہ۔
علم یا حکمت کی کوئی انجمن۔
انسٹیٹیوشن۔ دار الرفاہ۔
انشورنس۔ بیما۔ مال یا جان کی حفاظت کا کسی
معاوضہ پر ذمہ کرنا۔ پالیسی آف انشورنس بیمہ کی
سند۔ دیکھو پالیسی۔
انفارمر۔ مخبر۔ اطلاع یا خبر دینے والا۔

انفارمیشن۔ اطلاع۔ خبر۔
انفنٹری۔ پیدل سپاہ۔ پیادہ فوج۔
انفیوژن۔ عرق۔
انک۔ سیاہی۔ روشنائی کسی رنگ کی۔
انک اسٹینڈ۔ دیکھو۔ اسٹینڈ۔
انک پاٹ۔ دوات سیاہی یا روشنائی
رکھنے کا ظرف۔
انکسیپشن۔ الحاق۔ ایک ملک کا دوسرے
ملک دوسرے انتظام یا دوسری سلطنت میں داخل
کر لینا۔
انکم۔ آمدنی۔
انکم ٹکس (ٹکس۔ یا ٹیکس) اصل تلفظ
ٹیکس ہی) سرکاری محصول عام رعایا کی آمدنی پر
انگلش۔ منسوب بملک انگلستان۔ انگلستان کے
باشندے یا انگلستان کی زبان یعنی انگریزی یا انگریزی
عربی زبان مین اسکا معرب انکلیز کیا گیا ہے۔ اسکے
مرکبات مثل انگلش نیشن۔ انگلش گورنمنٹ
انگلش چرچ وغیرہ کے متعدد ہین۔ مفرد الفاظ کو
علیحدہ علیحدہ دیکھکر معنی سمجھ لینا چاہیے۔
انگلش مین۔ انگلستانی یعنی باشندہ انگلستان
کلکتہ کے ایک اخبار کا بھی نام ہے۔
انلینڈ۔ خشکی کے اندر اندر کسی خاص ملک کے اندر
مثلاً ہندوستان کے انلینڈ منی آرڈر وغیرہ

جو خاص اس ملک کے اندر آجا سکتے ہین - ہندستان کے
باہر جہاز کی ڈاک کے ذریعہ سے جو منی آرڈر جاتے
ہین وہ انگلینڈ نہین ہین

انوایس - بیجک - فہرست اوس مال تجارت کی
جو کسی آڑھت مین فروخت کرنے کے لیے بھیجا جاے -
مالکان تجارت چاہے یا مکان گودام نیلام جس پیچ کے
ذریعہ سے کلکتہ یا بمبئی کی کوٹھیون مین اپنے یہان کا
مال سوانہ کرتے ہین وہ انوایس کہلاتا ہی -

انوسٹ - کسی کام مین تجارتی اغراض کے لیے روپیہ
یا جمع لگانا - نوٹ خریدنا - نقد روپیہ کو کاروبار مین لگانا -

او - انگریزی الف بے کا پندرھوان حرف جو کہین الف
اور کہین واو کا کام دیتا ہی - یہ ایک لفظ بھی ہی جو حرف
ندا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہی - کلمہ طبیعی -

اوارڈ - آخری تجویز یا فیصلہ علی الخصوص فیصلہ ثالثی
وثالثید -

اوپیم - افیون -

اوپیم ایجنٹ - مختار افیون - محکمہ افیون کا
ایک سرکاری عہدہ -

اوپینین - راے - مافی الضمیر - پبلک اوپینین
خلائق کی راے - عام باشندگان ملک کی راے -

اوتھ - حلف - قسم -

اوٹ - باہر - خارج - انگریزی گوی و چوگان کے
کھیل مین آوٹ وہ شخص ہوجاتا ہی جسکے کھیلنے کی
باری تکڑیا مین گیند کے لگ جانے یا حریف کے گیند
روک لینے سے ختم ہوجاے -

اورل - زبانی - تقریری - (ضد تحریری)

اورل اویڈنس - شہادت - گواہ کا اظہار

اوریٹر - مقرر - خطیب - فصیح البیان - مسٹر
گلیڈاسٹون اس زمانہ کے بڑے مشہور اور عدیم المثل
اوریٹر ہین -

اورینٹل - مشرقی - ایشیائی - برخلاف مغربی
یا یوروپی - مرکب اسماے معرفہ مین اکثر اس لفظ کا
استعمال کیا جاتا ہی - مثلاً - اورینٹل ریڈرز -
ایک کتاب کا نام ہی جسکی کئی جلدین خاص ہندستانی
اسکولون کے لیے تصنیف کی گئی ہین - اورینٹل
تھیئٹر کمپنی - دیسی نقالون کا طائفہ - دیکھو
لفظ تھیئٹر و کمپنی -

اوشر - عرض بیگی - ادنی درجہ کا معلم -

اوشن - بحر اعظم - سمندر کا بہت بڑا حصہ مثل
بحر الکاہل - یا بحر شمالی وغیرہ -

اوک - بلوط کا درخت جو عیسائیون مین نہایت
مقدس تصور کیا جاتا ہی -

اولڈ - قدیم - پرانا - بوڑھا - کہنہ - بوسیدہ -

اولڈ ٹسٹمنٹ - توریت - وہ آسمانی کتاب
جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی -
دی گرینڈ اولڈ مین - جلیل القدر معمر

شخص - آمین کسیقدر ظرافت کا پہلو بھی پیدا
ہوتا ہی چنانچہ مسٹر گلیڈاسٹون کے بارے مین
گروہ مخالف کے لوگ اکثر اس مرکب لفظ کو "پیر
فرتوت" کے معنی مین استعمال کرتے ہین -

اَوْنَر - مالک -

اَوْنس - معمولی چیزین تولنے کے پَوْنڈ
(جو قریب ۸ ہ ار نمبری کے ہوتا ہی) کا سولھوان[16]
اور سونا چاندی اور قیمتی اشیا تولنے کے پَوْنڈ کا
بارھوان[12] حصہ عرقیات کے ناپنے کا اَوْنس علیحدہ
ہوتا ہی - اور جس گلاس نما شیشی مین یہ مقدار ناپی
جاتی ہی وہ بھی اَوْنس کہلاتی ہی - اس اَوْنس کو
لِیکوِیڈ اَوْنس کہتے ہین -

اُوْنَس - بار - مجازاً بار ثبوت -

اُوْنَس پْرُوبَینڈَائی - بار ثبوت - کسی امر کے
ثابت کرنے کا وجوب یا لزوم - مثلاً زید عمر پر دعوی
کرے کہ میرا پانچہزار روپیہ اوسکے ذمہ باقی ہی - عمر
جواب دے کہ مین کچھ نہین چاہتا - اس حالت مین
زید پر اسبات کے ثابت کرنے کا اُوْنس ہوگا کہ عمر
پانچہزار روپیہ کا مقروض ہی - طرف ثانی کے انکار
کرنے کی حالت مین عموماً اُوْنس پْرُوبَینڈَائی
مدعی پر آتا ہی -

اُوْوَرْسِیَر (عرف مین اُوَرْسِیَر مشہور ہی) -
لفظی معنی ناظر یا نگرانی کرنے والے کے ہین مگر محکمہ
صفائی کا ایک خاص عہدہ ہی جسکے متعلق سڑکون وغیرہ
کی نگرانی رہتی ہی - سب اُوَرْسِیَر - نائب اُوَرْسِیَر

اُوْوَرْلَینڈْ - منسوب بہ خشکی - برّی (برخلاف
بحری) -

اُوْوَرْلَینڈْمیل - برّی ڈاک یعنی وہ ڈاک
جو کسی مقام سے دوسرے مقام کو خشکی ہی کے
ذریعہ سے جائے سمندر کا راستہ درمیان مین
نہ پڑے - اسی نام کا ایک خاص اخبار لندن سے
شائع ہوتا ہی جسمین ہر ہفتہ کی ضروری خبرون کا
اقتباس درج ہوتا ہی -

اِوُولْیُوشَن - تہہ کے بعد تہہ کا کھلنا - نیچریہ مذہب کے
مطابق مخلوقات عالم کا بتدریج ترقی پذیر ہونا مثلاً
انسان جو اون کے اعتقاد کے مطابق ابتدا مین بندر
تھا رفتہ رفتہ ترقی حاصل کرتے کرتے اب موجودہ
حالت کو پہونچگیا ہی - وقس علی ہذا -

اِیبَٹ - سجادہ نشین - مہنت یعنی اِیبی کا سردار
دیکھو اِیبی -

اَیبْسکَنڈ - شخص مفرور - مفرور یعنی - روپوش -

اِیبی - خانقاہ - مٹھ - یا اوسکے متعلق کوئی گرجا گھر -

وِسْٹ مِنْسٹَر اِیبی - لندن کا ایک متبرک
مقام ہی جہان صرف خاندان شاہی یا بعض اعلی
درجہ کے امرا یا اہل کمال دفن ہونے پاتے ہین -

اِیپ - ایک جانور ہے جسکا ترجمہ کوئی لنگور اور

کوئی بند کرتا ہی اور ڈارون صاحب کی تحقیقات کے
مطابق (ڈارونزم تھیوری بہت مشہور نیچری مسئلہ ہی)
ابتدا مین سب انسان اس شکل کے تھے ترقی تہذیب
سے ہیئت بدلتے بدلتے اب حضرت انسان کی
یہ شکل پیدا ہوئی ہی -
ایتھر - ایک قسم کا جوہر شراب جو ہوا مین کھلنے
سے اوڑجاوے -
ایٹم - عدد - رقم - یادداشت حساب -
ایٹم - ذرہ - جزو لایتجزی - صغار صلبہ -
ایٹماسفیر - وہ ہوا جو زمین کے گرد محیط ہی - چونکہ
مغربی تحقیقات کے مطابق زمین مثل نارنگی کے گول
ہی اور جوف آسمان مین مثل ماہتاب اور دوسرے
سیارون کے معلق اور متحرک ہی لہذا ایٹماسفیر
زمین کے گرد اسی طرح سے محیط ہی جیسے نارنگی کے
چارون طرف اوسکا چھلکا محیط ہوتا ہی - اس
تخصیص کے ساتھ اوسکو کرہ باد بھی کہہ سکتے ہین -
انسان کے جسم کی بیرونی سطح ۱۵ فیٹ مربع تصور
کی گئی ہی اوسپر ... ۳۴۴ پونڈ (یعنی ۱۲ من ۱۴ سیر)
ہوا کا بار ہی اور [illegible] جسے کل زمین پر ہوا
اپنا [illegible] عجب عجب اثرات پیدا کرتی ہی -
ایٹماسفیر یعنی ہوا [illegible] حکما کے نزدیک بسیط
[illegible] لیکن مغربی حکما کے نزدیک وہ مرکب
[illegible]

وکاربونک اسید وغیرہ سے شامل ہی -
ایج - عمر - سن -
ایجنٹ - گماشتہ - نائب - اڑھتیا - مختار -
اجنٹ - ڈپٹیو ایجنٹ - مختار مال -
ایجنسی - اجنٹی - گماشتگی - آڑھت - نیابت -
سنٹرل انڈیا ایجنسی - گورنر جنرل کے
نائب متعینہ وسط ہند کا محکمہ -
ایڈجرنمنٹ - التوا یا ملتوی ہونا - ایڈجرنمنٹ
آف کیس - التوائی مقدمہ - ایڈجرنمنٹ آف
کورٹ - عدالت کا براے چندے بند ہوجانا -
ایڈجوٹنٹ - ایک افسر جو اپنے اعلی افسر کے
احکام بذریعہ خط و کتابت نافذ کرتا ہی - اجیٹن -
ایڈجوٹنٹ جنرل - اجیٹنون کا افسر -
ایڈ ڈی کیمپ - یہ تلفظ غلط ہی - دیکھو
ایڈیکانگ -
ایڈرس - خطبہ - عرضداشت - تقریر - کوئی
تحریر جو تکلف کے ساتھ تیار کرکے کسی حاکم یا امیر
کے روبرو بطور اظہار شکرگزاری یا اظہار مطلب کے
پیش کیجاے - گورنر جنرل و صاحبان لفٹنٹ گورنر
وغیرہ جب ملک کا دورہ کرتے ہین تو بڑے بڑے
شہرون کے باشندے ایڈرس پیش کرتے ہین
ایڈرس دینا - ایڈرس کا پڑھنا - دیکھو
لفظ ماقبل -

ایڈمرالٹی - امیر البحر کا محکمہ - بحری فوج کا محکمہ -

ایڈمرل - امیر البحر - بحری فوج کا اعلیٰ افسر -

ریئر ایڈمرل - وہ امیر البحر جو فوج محفوظ کا افسر ہو -

وائس ایڈمرل - نائب امیر البحر - دیکھو لفظ وائس -

ایڈمشن - اقرار - اعتراف -

ایڈمنسٹریٹر - منتظم -

ایڈمنسٹریشن - انتظام - نظم ونسق -

ایڈوانس - آگے بڑھنا یا آگے بڑھا ہوا پیشگی روپیہ دینا - تقاوی - اسکے مرکبات بہت آتے ہیں -

ایڈوانس آرمی - وہ فوج جو بطور مقدمۃ الجیش آگے بھیجدی گئی ہو -

ایڈووکیٹ - وکیل - مشیر - اس نام کے بعض اخبارات بھی جاری ہیں - فیکلٹی آف ایڈووکیٹس - جماعت وکلا جنکے حق میں کوئی رعایت خاص مرعی ہو -

ایڈیٹ - مجنون فطری - جنم پاگل -

ایڈیکانگ - رفیق یا مصاحب کسی اعلیٰ حاکم یا فوجی عہدہ دار کا -

ایئر - کان - گوش - خوشہ -

ایئر - سال - برس -

ایئر - ہوا -

ایئر پلو - ایک قسم کا تکیہ جو صرف ایک تھیلی کی شکل کا ہوتا ہے جس وقت منہ سے اوسمین ہوا بھری جاتی ہے تو پھول جاتا ہے -

ایرش - ملک ایرلینڈ کا باشندہ - منسوب بملک ایرلینڈ -

ایرلی - سالانہ -

ایرلینڈ - ممالک متحدہ برطانیہ کا ایک حصہ جو انگلستان اور اسکاٹلینڈ کے مغرب جانب سمندر پار بطور ایک جزیرہ کے علیحدہ واقع ہے -

ایرن - لوہا -

ایرو روٹ - دیکھو ارارُوٹ -

ایرونات - غبارہ ران - غبارہ پر اوڑنے والا -

ایریا - رقبہ - رقبہ اراضی -

ایریرس - بقایا - پسماندہ -

ایریرس آف رنٹ - بقایاے لگان -

ایریرس آف ریوینیو - بقایاے مالگذاری سرکار -

ایسٹ - مشرق - پورب - دی ایسٹ - ملک شرقی علی الخصوص ایشیا -

ایسٹ انڈیا - ہندوستان - واضح رہے کہ ہندوستان محض انڈیا کے معنی ہیں لیکن سبب یہ ہو کہ جب اس ہندوستان کی تلاش میں انگلستانکی مہم روانہ ہوئی تو پہلے نئی دنیا کیطرف جا پہونچی اور اوسکا نام انڈیا یعنی ہندوستان رکھا - بعد کو جب ملک ہند دریافت ہوا تو اوسکو [illegible] اسکا نام ایسٹ انڈیا یعنی ہند شرقی اور اوس کو ملک ویسٹ

انڈیا یعنی ہند غربی قرار دیا گیا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی۔ مشرقی ہند کی کمپنی۔ یہ کمپنی وہ ہے جو ۱۶۰۰ء مین انگلستان مین بعہد ملکہ الضبات قائم ہوئی تھی اور ہندوستان مین کاروبار تجارت کو پھیلاتے پھیلاتے یہان تک ترقی کی کہ آخرکو ملک گیری کی نوبت پھونچ گئی اور جب جت سا ملک اوسکے قبضہ مین آگیا تو ایسٹ انڈیا کمپنی کے نام کا سکہ جاری ہوا اور اوسکی سلطنت قائم ہوگئی اوسکے انتظام مین ایک کورٹ آف ڈیرکٹرس (دربار مہتمان ایسٹ انڈیا کمپنی) انگلستان مین مقرر تھی اور ہندوستان کے نظم و نسق کے لیے ایک گورنر جنرل رہتا تھا ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد ارکین سلطنت انگلستان کے مناسب سمجھا کہ ہندوستان کی حکومت کمپنی کے اختیار مین نہ رہے اور ۱۸۵۸ء مین عنان سلطنت ہند حضور ملکہ معظمہ نے اپنے ہاتھون مین لے لی اوسوقت سے کمپنی کی سلطنت جاتی رہی اور گورنر جنرل ہند وائسرائے یعنی نائب بادشاہ کہلانے لگا پہلے وائسرائے لارڈ کیننگ ۱۸۵۸ء مین قرار پائے۔

ایسٹ انڈین۔ منسوب بہ ایسٹ انڈیا۔ باشندہ ملک ہندوستان اس لفظ مین ہندوستان [illegible] سابق تمام لوگ جو مستقل طور سے حکومت [illegible] کے اعتبار سے داخل ہو سکتے ہین [illegible] ہندوستانی جو عوض [illegible] یہ لوگ بھی ایسٹ انڈین ہین۔ البتہ وہ انگریز جو عارضی طور پر اس ملک مین رہتے ہین اور اپنا اصل وطن اسکو نہین سمجھتے وہ ایسٹ انڈین نہین ہین بلکہ اینگلو انڈین یا انڈو یوروپین کہلاتے ہین۔

ایسٹر۔ عیسائی عید۔ دیکھو ایسٹر ڈے ۔ ایش وِڈنِسڈے۔

ایسٹرالوجر۔ نجومی۔ جوتشی۔

ایسٹرالوجی۔ علم نجوم۔ جوتش۔ آثار کواکب کے ذریعہ سے پیشین گوئی کرنے کا علم۔

ایسٹرانومر۔ مہندس۔

ایسٹرانومی۔ علم ہیئت۔ فلکیات۔

ایسٹرن۔ مشرقی۔

ایسڈ۔ کھٹی یا شورشی۔ تیز و تند چیز۔ ایسی اشیا یا ادویات کا جوہر یا تیزاب۔ کسی شے کی شوریت یا ترشی کا مادہ۔ انگریزی ادویات اس نام سے بہت مرکب ہین۔ مثلاً۔ آگزالک ایسڈ کھار اور چونے کا ایک مرکب جس سے دھبیت صاف کیجاتی ہے۔ نائٹرک ایسڈ ملی کاسٹ۔ سٹرک ایسڈ جو لیمو کی ترشی۔ سلفرک ایسڈ گندھک کا تیزاب۔ کاربالک ایسڈ وہ ایسڈ جو کاربن سے شامل ہو کسی کان کی بھاپ کا خاص ایسڈ جو پھوڑا وغیرہ کاٹنے کے لیے پلٹس مین استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکٹک ایسڈ دہی کا تیزاب [illegible] ایسڈ تیزاب نمک [illegible] شورہ کا تیزاب۔ [illegible] ایسڈ [illegible] کا ایک جز

جو شوریت سے شامل ہوتا ہے۔
ایسمنٹ۔ تشخیص جمع۔
ایشو۔ دیکھو لفظ اشو۔
ایش وڈنسڈے۔ (ونزڈی) عیسائیوں کے رمضان کا پہلا دن۔ یہ روزے ایش وڈنسڈے سے شروع ہوتے ہیں اور ایسٹر کے ایک روز پیشتر ختم ہوتے ہیں۔ ایسٹر کو عید ہوتی ہے۔
ایفرکا۔ براعظم افریقہ جسمین مصر و زنگبار و حبش و سوڈان و کیپ وغیرہ داخل ہیں۔
ایفرکن۔ منسوب بہ ملک افریقہ۔
ایکٹ۔ دیکھو اکٹ۔
ایکٹ۔ نقل سوانگ۔
ایکٹر۔ نقال۔ نقل کرنے والا۔ عامل۔ فاعل۔
ایکٹنگ۔ عارضی قائم مقام۔ مثلاً کسی ضلع مین اگر ڈپٹی کمشنر یا کلکٹر (افسر ضلع) دورہ پر جاے اور جنٹ مجسٹریٹ یا اسسٹنٹ کمشنر کو اپنا کام عارضی طور پر سپرد کر جاے تو وہ اسسٹنٹ کمشنر یا جنٹ مجسٹریٹ ایکٹنگ ڈپٹی کمشنر یا ایکٹنگ کلکٹر کہلاے گا۔ برخلاف اس کے آفیشئیٹنگ وہ قائم مقام ہے جو حسب ضابطہ کسی وقت معینہ تک کے لیے اوسی کام پر مقرر کیا گیا ہو گو مستقل نہو۔ دیکھو آفیشئیٹنگ۔
ایکر۔ (ھو ایکڑ کے نام سے مشہور ہے)۔ رقبہ اراضی دریافت کرنے کا ایک پیمانہ جسکی تعداد ۴۸۴۰ انگریزی مربع گز ہے۔ یا اس طرح سمجھنا چاہیے کہ ایک ایکر ساڑھے تین بگھے پختہ کا ہوتا ہے بشرطیکہ ایک بگھہ ۱۳۶۰ مربع گز کا قرار دیا جاے کیونکہ بگھہ کی تعداد کا کچھ ٹھکانا نہیں ہے۔
ایکرڈ۔ ترش۔
ایکشن۔ نالش۔ کارروائی۔ عمل۔ حرکت
ایکویٹر۔ خط استوا۔
ایکویٹوریل۔ منسوب یا متعلق بخط استوا۔
ایکویٹی۔ عدل۔ مساوات۔ جن مسائل کے متعلق قانونی احکام موجود نہوں اون کا فیصلہ صرف عدل و انصاف کے اصول پر کرنا۔ ایسے مقدمات فیصل کرنیوالی عدالت کو کورٹ آف ایکویٹی کہتے ہین۔
ایکوینا کس۔ نقطہ معدل النہار۔
ایگرسو۔ منسوب بہ ملک گیری۔ مثلاً روس کی سلطنت ایگرسو کہلاتی ہے کہ جہان تک اوسکا قابو چلتا ہے غیر ملک کو دبایا جاتا ہے۔
ایگرشن۔ ملک گیری۔ دوسری سلطنت کے لے لینے کے ارادہ سے پیش قدمی کرنا۔
ایگریکلچر۔ فن زراعت۔
ایگریکلچرل۔ زرعی۔ منسوب بہ فن زراعت۔
ایگریکلچرل شو۔ آلات زراعت یا پیداوار زراعت وغیرہ کی نمایش۔ وہ میلہ جسمین بیل گاے بکری اور اچھی سراون کو تھو یا غلہ وغیرہ نمونہ یا فروخت کے لیے

جمع کیا جاوے - فی زماننا اس قسم کے میلے اکثر مقامات پر
ہوا کرتے ہین -

اَیگریمنٹ - اقرار نامہ - معاہدہ - قول و قرار زبانی
یا تحریری - عام ہندوستانیون مین یہ لفظ گرِیمنٹ اور
گرمنٹ کے نام سے بہت مشہور ہی - مثلاً جو لوگ کرایہ پر
مکان چلاتے ہین وہ کہا کرتے ہین کہ مین نے فلان کرایہ دار
پانچ سال کا گرمنٹ لکھوالیا ہی - اوس کی اصلیت یہی
اَیگریمنٹ ہی -

اِیگیو - لرزہ -

اِیل - شراب بوزہ -

اِیلبم - بیاض تصویرات - انگریزون مین دستور ہی کہ ہر
شخص کے پاس ایک سادہ بیاض رہتی ہی جسکے ہر ہر
ورق مین ایک خانہ بنا ہوتا ہی یعنی اوراق اس طور کے ہوتے ہین
کہ صرف کنارے پر چارون طرف ایک یا دو انگل کا چوڑا
اور گندہ کاغذ رہتا ہی اور درمیان مین خالی جگہ پڑی رہتی ہی
جب کسی نئے آدمی یا دوست آشنا سے ملاقات ہوتی ہی
اور وہ کوئی تصویر دیتا ہی تو یادداشت کے طور پر اوس تصویر کو
چسپان کر لیتے ہین یا اوس کے ہاتھ سے اوسکا پتہ و نشان
لکھوا لیتے ہین اس بیاض تصویرات و یادداشت کو اِیلبم
کہتے ہین

اِیلَم - پھٹکری -

اَیلینڈ - جزیرہ - ٹاپو -

اَینتھم - گیت - بھجن - نیشنل اینتھم - قومی گیت -
عیسائیون کا قومی گیت یہ ہی گاڈ سیو دی کوئین یعنی
خدا ملکہ کو سلامت رکھے - انگریزی بینڈ باجے والے سرکاری
جشن کی تقریب مین یہی گت بجایا کرتے ہین -

اَینٹی - ماقبل - ماسبق - یہ لفظ لاطینی زبان کا ہی -

اِینٹی - برخلاف - محاذی - یہ لفظ یونانی زبان کا ہی -

اَینٹی پوڈیز - مغربی حکما کی تحقیقات کے مطابق
زمین شکل نارنج کے گول ہی اور جوف آسمان مین اسطرح جیسے
گھومتی پھرتی ہی جسطرح لڑکے صابون کے بلبلے ہوا مین
اوڑایا کرتے ہین یعنی ہوا مین معلق اور متحرک ہی جب
زمین اس شکل کی ہی اور ہر طرف آباد ہی تو ضرور ہی
کہ ایک سمت جو لوگ زمین پر کھڑے ہون گے اون کے
پاؤن دوسری جانب زمین پر کھڑے ہونیوالون کے پاؤن کے مقابل مین
ہونگے - اس اعتبار سے ایک جانب کے لوگ اوسکے جانب مقابل کے
لوگون کے مقابل اَینٹی پوڈیز ہین مثلاً ہم لوگ بمقابلہ اہل امریکہ
اور اہل امریکہ بمقابلہ ہم لوگون کے اینٹی پوڈیز ہین

اَینٹی ڈلووین - طوفان نوح کے پیشتر کے لوگ -

اَینٹی مُونی - سرمہ -

اِینجل - فرشتہ -

اَینڈ - حرف عطف (بمعنی اور) - مرکبات مین یہ کلمہ
بہت آتا ہی - مثلاً رابرٹ اینڈ کو - بمعنی رابرٹ کمپنی
رابرٹ اینڈ سنس بمعنی رابرٹ صاحب اور اونکے
بیٹون کی کمپنی یا کارخانہ

اَینسر - کسی سوال کا جواب -

اینسسٹر - مورث - بزرگ -

اینسسٹرل - موروثی -

اینگل - زاویہ - مچھلی پکڑنے کی کٹیا -

اینگلو - منسوب بہ ملک انگلستان یعنی سلطنت برطانیہ
مرکبات مین یہ لفظ بہت آتا ہی - مثلاً اینگلو رشین وار
جنگ روس انگلستان - اینگلو ورنکیولر - انگریزی
و دیسی وقس علی ہذا -

اینگلو انڈین - باشندہ انگلستان مقیم ہندوستان -

اینگلو انڈین پیپر انگلش اخبار جو ہندوستان مین
جاری ہو - دیکھو ایسٹ انڈین -

اینگلو سیکسن - دیکھو سیکسن -

اینلس - واقعات تاریخی -

اینول - سالانہ -

اینول اگزامنیشن - سالانہ امتحان -

اینول رپورٹ - سالانہ رپورٹ -

ایوڈین - ایک خاکستری رنگ کی چمکدار دوا جو
دریائی گھانس سے نکلتی ہی اور وہ مصفی اور مسکن ہی -

ایوریج - اوسط - یہ لفظ بھی اکثر اردو مین استعمال
کیجاتی ہی - مفہوم اوس کا یہ ہی کہ چند چھوٹی اور چند بڑی تعدادون
مین ایک حد فاصل کا قائم کرنا - مثلاً ایک دوکاندار کو
ایک دن چار روپیہ دوسرے روز چھہ روپیہ تیسرے روز
آٹھ روپیہ کا نفع ہوا تو اوسکے منافع کی ایوریج یعنی
اوسط چھہ روپیہ ہوے -

ایوننگ - شام - گڈ ایوننگ - شام کا سلام -
امسیت بالخیر -

ایوننگ پارٹی - ایک قسم کا جلسہ جو شام کے
وقت سیر و تفریح اور آپس کی صحبت گرم کرنے کے لیے ہوتا ہی -

ایوولیوشن دیکھو اِوُولیوشن -

ایویڈینس - (اِوِڈینس) - شہادت - گواہی -

ب

(بائے موحدہ)

بابو انگلش - بنگالیون کا انگریزی طرز تحریر -
اکثر انگریزی اخبارات مین یہ نئی اصطلاح بہت استعمال
کیجاتی ہی اور اردو اخبارون مین اوسی کی نقل کیجاتی ہی -
اصطلاح مذکور سے "مخالفانہ کلام" مراد ہی -

باٹری - توپخانہ کا ایک حصہ - دمدمہ -

باٹل - یہ انگریزی لفظ مدتون سے اردو مین بوتل کے
نام سے مستعمل ہی اور قریب قریب داخل زبان اردو
ہوگئی ہی -

باڈی - جسم -

باڈی گارڈ - سپاہ محافظ جان - وہ سپاہ جو کسی حاکم یا
اعلیٰ افسر سلطنت یا کسی امیر یا رئیس کی حفاظت کے لیے
دوامی خواہ عارضی طور پر تعینات کیجاے -

بار - لفظی معنی جنگلے یا کٹہرے کے ہیں مگر اصطلاح مین
علاوہ اور معنون کے اوس سے وکیلون کی جماعت مراد ہی
اور مناسبت یہ ہی کہ بڑی عدالتون مین وکلا کے بیٹھنے کی جگہ

کٹہرے کے اندر یا اوسی کے متصل ہوتی ہو لوگ کا۔ **بار**۔ کسی خاص مقام کے وکلا کی جماعت۔

بار بر۔ حجام۔

بارسٹر۔ خاص درجہ کے وکیل۔ کونسلی۔

بارنش (وارنش)۔ رنگ یا لگھ۔ یہ لفظ بھی بہت مشہور ہو۔ اور قریب قریب داخل اردو ہو گئی ہو۔

باسکٹ۔ ٹوکری۔ ڈلیا۔

باکس۔ صندوقچہ۔ صندوق۔ اونچی جگہ۔ وٹنس باکس۔ گواہ کا کٹہرا

بال۔ محفل رقص و سرود جو کسی تقریب سے منعقد ہوئی ہو۔ گیند۔

بانڈ۔ تمسک۔ دستاویز۔

بانڈ مِٹ۔ کفالتی دینا۔

بانڈ ہولڈر۔ دارندہ تمسک۔ دائن۔ مہاجن۔ چلانندہ کفالت نامجات۔

بایبل۔ دیکھو بیبل۔

بٹالین۔ پیدل سپاہ کی ایک جماعت۔ انگلستان کی فوج میں آٹھ سو پیدل سپاہیون کی ایک جماعت جو لفٹنٹ کرنل کے ماتحت ہو۔ عرفاً پلٹن جو غالباً اسی لفظ کا غلط العام ہو۔ یہ لفظ بھی زبان اردو میں بتدریج داخل ہو جاے گا۔ کیونکہ بہت کثرت سے اوسکا استعمال ہوتا ہو

بجٹ ہول۔ جو تمام تھا نے کا سوراخ۔ کاج۔

بجٹ۔ کسی سلطنت یا صوبہ کے یکسالہ خرچ مکررہ چند سال کے تخمینات کی تجویز۔

بچلر آف آرٹس۔ بی۔ اے۔ کا درجہ جو یف اے۔ کے بعد ہوتا ہو۔ ہندوستان میں علوم عامہ کی تحصیل کا یہ سب سے اونچا درجہ ہو۔ گو ایک معنی کر کے ایم۔ اے۔ کا درجہ اس سے بڑا ہو لیکن۔ ایم۔ اے کا امتحان عربی سنسکرت لاطینی ہر ایک اصل زبان میں صرف ادب یا کسی خاص شاخ علم کے متعلق مثل ریاضی و حکمت وغیرہ کے ہو سکتا ہو۔ بچلر آف آرٹس کا لفظی ترجمہ نونہال فنون ہو۔

بدھزم۔ مذہب بودہ جسمین لاما کی پرستش کیجاتی ہو چین و تبت وغیرہ کے سب لوگ اسی مذہب کے پابند ہین۔

برازیل۔ ملک امریکہ کی ایک ریاست۔

براکٹ۔ لکڑی کی دیوارگیر الگنی۔

براکٹ (اردو دانون مین اس کا تلفظ بریکٹ کیا جاتا ہو) مترجمون نے اس کا ترجمہ قوس کیا ہو۔ مگر اوس سے مراد چند نشانات ہین جو کسی خاص عبارت یا علم حساب مین بعض اعداد کے محدود کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہین۔ بریکٹ کے معمولی نشانات یہ ہین۔ ( ) چونکہ نشانات کمان سے اشبہہ ہین اس لیے اون کا نام قوس رکھا گیا ہو لیکن بعض صورتون مین قوس کے اندر قوس بنانا پڑتی ہو علی الخصوص علم حساب مین تو اون صورتون کے لیے کئی قسم کے نشانات بریکٹ اور ایجاد کیے گئے ہین

مثلاً (۱) [ ] (۲) { } (۳) ⏜ (۴) خط لکیر اسطور کی ——— یہ زیادہ تر علم حساب مین مستعمل ہو۔ انگریزی تحریرات مین بریکٹ کا استعمال زیادہ

فقرہ کی عبارت سے جدا یا کسی امر کی زائد تشریح یا توضیح کرنیکے لیے کیا جاتا ہو۔ مثلاً زید اپنے کوٹھے پر ٹہل رہا تھا یاون جو لڑکھڑایا تو دریا مین (دریا اوس کے مکان کے نیچے بہتا ہی) جا رہا۔ اور اوس کے استعمال کے مختلف قواعد بھی مقرر ہین۔ مگر اُردو دان حضرت بوجہ اس کے کہ اُردو مین اور نشانات وقف ووصل وغیرہ نہین ہین بعض اوقات بے موقع بھی بریکٹ کو استعمال کرتے ہین۔ چونکہ یہ حال کی اختراع ہی اسی سبب سے اوس کے استعمال کا کوئی قاعدہ نہین ہی۔ انگریزی عبارتون مین اس کا زیادہ استعمال عجز کلام پر دلالت کرتا ہی اور اکثر لائق انشا پرداز اوس کو معیوب سمجھتے ہین اوسی طرح اُردو مین بھی سوا خاص ضرورتون کے اوس کو ہرگز استعمال نکرنا چاہیے بعض اُردو دانون کا جو خیال ہی کہ بریکٹ کا استعمال ایک طور کا حسن کلام ہی یہ بالکل نادرست ہی بلکہ عجز کلام پر دلالت کرتا ہی۔

بَرانڈی (بُرَینڈِی)۔ انگور کی ایک نہایت تیز شراب۔ بنت العنب۔

بَرتھ۔ ولادت۔ پیدائش۔ بَرتھ ڈِے۔ سالگرہ۔ یوم ولادت۔

برٹش۔ متعلقہ برطانیہ یا باشندہ برطانیہ۔ منسوب بہ ممالک متحدہ برطانیہ اعظم و آئرلینڈ۔ حضور ملکہ معظمہ وکٹوریا جس سلطنت کی اسوقت فرمانروا ہین وہان کے اصل باشندے برٹن کہلاتے تھے اور اون کا ملک برٹینیا (یعنی برطانیہ کہلاتا تھا)۔ برطانیہ مین انگلستان

وَیلس اور اِسکاٹلینڈ یہ تین صوبے شامل ہین اور جزیرۂ برطانیہ کے نام سے معروف ہین اس کے متصل ایک جزیرہ اور ہی جس کا نام آئرلینڈ ہی اور یہ دونون جزائر ملکر سلطنت برطانیہ کو پورا کرتے ہین اور برٹش کا لفظ ان دونون ملکون کے باشندون اور وہان کے معاملات پر حاوی ہی۔ برٹش امپائر سلطنت برطانیہ جسمین جزائر مذکور اور کل بیرونی مقبوضات اور نوآبادیان مثل ہندوستان و برہما و جزائر ہند و آسٹریلیا و برٹش امریکہ وغیرہ کے داخل ہین

برٹن۔ برطانیہ۔ دیکھو برٹش۔

بُرش (بُرَش)۔ بال سیدھے کرنے بانات مخمل یا اس قسم کے دوسرے کپڑے صاف کرنے کی کنگھی یا کھرہرا۔ کونچی۔ مسواک۔

بُرک۔ یہ لفظ ریل پر اکثر سننے مین آتا ہی۔ بابو اور قلی لوگ بیچارے ہندوستانی مسافرون سے بیساختہ یہ سوال کر بیٹھتے ہین کہ تم اپنا مال ساتھ لیجاؤگے یا بُرک مین۔ پس اس لفظ سے یہ سمجھنا چاہیے کہ جو مال مسافر اپنے ساتھ اپنی گاڑی مین لیجاسکے وہ داخل بُرک نہین ہی اور جو مال وزن کرانے کے بعد ارباب ریلوے کے سپرد کردے وہ بُرک مین جاتا ہی۔ برک والے مال پر ایک چپکا بھی لگتا ہی۔ بلٹی مین برک اور غیر برک کا مال درج ہوتا ہی لیکن ساتھ والے اسباب پر چپکا نہین لگتا اور برک والے اسباب پر چپکا لگتا ہی۔ برک کے لفظ

معنی ٹوٹنے یا متفرق ہونے کے ہین چونکہ یہ اسباب متفرق مقامات پر مال گاڑی سے نکال لیا جاتا ہی اسوجہ سے مجازاً یہ اصطلاح قائم ہوئی ہی۔

بریک فاسٹ - ناشتہ - صبح کا کھانا - طعام چاشت -

بریگیڈ - ایک فوجی حصہ - یا بہت سی سپاہ کی جماعت جو برگیڈیر کے ماتحت ہو -

بریگیڈیر - برگیڈ کا افسر - دیکھو برگیڈ -

برننگ گلاس - آتشی شیشہ - دھوپ کی حرارت سے آگ بنانے کا شیشہ جو مشہور عام ہی - اس شیشہ کی سطح اس طرح کی بنی ہوتی ہی کہ آفتاب کے سامنے کرنے سے ایک نشست خاص پر شیشہ کے آجانے سے کرنون کی حرارت ایک مقام پر مجتمع ہو جاتی ہی اور وہ آگ پیدا کرتی ہی - اس اجتماع حرارت کو عرف مین دال بند صنا کہتے ہین - سیاہ کپڑے پر حرارت کا اثر زیادہ جلد پڑتا ہی -

برو - انگلستان کے اضلاع کی تحصیل یا پرگنہ کے قصبات یا بڑے گانون جنکی آبادی کیجانب سے ایک ممبر پارلیمنٹ مین مقرر ہو - پارلیمنٹ کی اسپیچون مین یہ لفظ بہت کثرت سے [illegible]

بروکر - دلال -

بروکرج - دلالی - دلالی کی اجرت -

برنج لوڈنگ - ایک قسم کی بندوق جو ہندوستانیون مین برنج لوڈن کے نام سے مشہور ہی -

بریف - خلاصہ - وکیلون کی یاد داشت مقدمہ -

بریکٹ - دیکھو براکٹ -

برانچ (جو برنج کے نام سے ہندوستانیون مین مشہور ہی) شاخ درخت - شعبہ - شق - مثلاً کسی مدرسہ کے متعلق اور چھوٹے مدرسون کو برانچ اسکول اور کسی سڑک ریل کے متعلق اور شاخون کو برانچ لین کہتے ہین -

بسٹ - چہرہ - نصف دھڑ یا بالائی حصہ جسم کی سنگی تصویر -

بسکٹ (بسکٹ) - یہ لفظ بھی اب اُردو زبان مین داخل ہو گیا - صرف تلفظ کا فرق رہگیا -

بشاپ - دیکھو بشپ -

بشپ - ایک کلیسائی منصب دار - پادریون کا پیشوا -

بشل - غلہ کا ایک پیمانہ جو بمبری ۳۲ سیر کے برابر ہوتا ہی -

بک - کتاب - بہی -

بک اسٹینڈ - کتاب دان - کتاب رکھنے کی کھلی ہوئی الماری - دیکھو لفظ بٹ -

بک بینڈنگ - جلد بندی -

بکس - دیکھو باکس - کوچ بکس - گاڑی پر کوچبان کے بیٹھنے کی جگہ -

بک سلر - کتب فروش - تاجر کتب -

بکنگ آفس - ریل کے اسٹیشن کا وہ دفتر جسمین مسافرون کے ٹکٹ اور کرایہ اسباب وغیرہ کا حساب ہوتا ہی -

بگل - دیکھو بیگل -

بَگلس - بکسوا - یہ لفظ بگل کا غلط العام ہے - انگریزی میں بگل کی جمع بگلس ہوئی اوسکو اُردو دانون نے بکلس کر لیا -

بگل - نرسنگا - شکار کی نفیری - فوج مین اسباب فوج اور شکار مین ہمراہیون اور ڈاک لیجانیکے وقت راہگیرونکے ہوشیار کرنے کا ایک باجا -

بگلر - بگل بجانے والا -

بگمی - کثیر الازدواجی -

بُل - بیل - جان بُل - انگلستان کے کسانون کا بولو مروج نام - مجازاً کسان اور ضدو ہٹیلے اشخاص - بعض موقعون پر مسٹر گلیڈ اسٹون سے بھی مراد لیجاتی ہے -

بِل - اس لفظ کے کئی معنی ہین (۱) چڑیا کی چونچ - منقار (۲) اطلاعنامہ یا اشتہار سرکاری (۳) مسودۂ قانون مقصود النفاذ - مثلاً البرٹ بل جسکی ایک زمانہ مین بڑی شہرت تھی - اسکا استعمال مولف کے مندرجۂ ذیل شعر مطبوعہ اودھ اخبار مورخہ ۲۴ ستمبر ۱۸۸۳ع سے معلوم ہوگا

نیا پسمارک اِسمارونز اک بل پاس کرتے ہین
کوئی منشا سمجھ سکتا نہین اس سانپکے من کا

(۴) تمسک - بل پاس کرنا - مسودۂ قانون کو نافذ کرنا -

بل آف اکسچینج - ہنڈی

بل آف پارسلنس - بجک

بل آف سیل - بیعنامہ [illegible]

بلاسفمی - کلمۂ کفر -

بلاکیڈ - غنیم کی آمد و رفت کا راستہ بند کر دینا - محاصرہ

بلیٹ - دیکھو بولیٹ -

بلیٹن - دیکھو بولیٹن -

بلڈ - خون -

بل ڈاگ - بیل کا ایسا فربہ کتا - ایک قسم کا شکاری کتا - گلڈ انک اسی کا غلط العام ہے -

بلڈ ہیٹ - اوسقدر گرمی جو خون کی حرارت کے برابر ہو - یہ آلۂ مقیاس الموسم (تھرما میٹر) کے ایک درجہ کا نام ہے - دیکھو تھرمامیٹر -

بلو بک (بلو بُک) - ملکی معاملات کی رپورٹون وغیرہ کی کتابین یا تحریرین جو پارلیمنٹ مین چھپتی ہین - چونکہ ان کی لوح کا کاغذ نیلا ہوتا ہے اسی سبب سے بلو بُک یعنی نیلی کتاب کہتے ہین -

بلیرڈ - ایک قسم کا انگریزی کھیل جو میز پر گولے رکھکر کھیلتے ہین اور ان گولون کو ایک طور کے ڈنڈے سے مارکر میز کے مقررہ نشانون پر پہونچاتے ہین - انجس مکان مین یہ کھیل کھیلا جاتا ہے اوس کو بلیرڈ روم کہتے ہین - ہندوستانیون مین اس لفظ کا تلفظ بلییڈ کیا جاتا ہے

بلیک - سیاہ - کالا -

بلیک بورڈ - سیاہ تختہ جسپر مدرسون مین ریاضی کے سوالات سمجھائے جاتے ہین -

بلیک میل - [illegible] کا عوض یا - مثلاً [illegible]

ہوس آف لارڈس کیطرف سے ایک عہدہ دار جو بلیک راڈ کہلاتا ہو ہوس آف کامنس مین آکر جھکتا ہی کے ساتھ ممبران موجودہ سے کہتا ہی کہ آپ تشریف لیجین ہوس آف لارڈس مین آپ کی طلبی ہی۔ اودھ اخبار ۵ فروری.

بلیک گارڈ۔ ایک گالی ہی بمعنی بدمعاش لچا۔

بلیک میل۔ نعلبندی۔

بلیک ہول۔ کالی کوٹھری۔ کالا جیلخانہ۔ وہ کوٹھری جسمین نواب سراج الدولہ نے ۱۴۳ انگریز قید کیے تھے جو نہایت کشمکش اور پیاس کی شدت اور حبس نفس سے صبح کو مرے نکلے۔ صرف ۲۳ آدمی جیتے بچے تھے باقی سب مر رہے تھے۔ سراج الدولہ نے اپنے آدمیون کو حکم دیا تھا کہ جب تک مین بیدار نہون اوسوقت تک پھاٹک نہ کھولنا۔ اسوجہ سے نوکرون نے اطلاع نہ کی اور یہ کمبخت سانحہ واقع ہوا۔

بم۔ بم کے گولے۔ یہ بھی انگریزی لفظ ہی۔

بنچ۔ اس لفظ کے لغوی معنی تپائی کے ہین مگر اصطلاح مین اوس ملکی حاکمون کی مشترکہ اجلاس مراد ہی۔ انگریزی مجسٹریٹون کا اجلاس۔ فل بنچ۔ اجلاس کامل (تمام کورٹ کا)۔

بنڈل۔ بستہ۔ گٹھری۔ بقچہ۔

بنک۔ بنک گھر۔ انگریزی وضع کی مہاجنی کوٹھی۔ سرکاری کوٹھی۔ مثلاً بینک آف بنگال۔ دہلی بینک۔ لنڈن بینک وغیرہ اصل لفظ بینک ہی۔

بنگلو۔ بنگلہ۔ یہ ہندوستانی بلکہ بنگالی زبان کا لفظ ہی جو انگریزی مین شامل ہوگیا ہی۔

بوائلر۔ پانی یا کسی دوسری شی کے جوش دینے کا پرزہ جو کسی کل مین ہو۔ ریل گاڑی کے انجن کا وہ پرزہ جسمین پانی جوش دیا جاتا ہی۔

بوٹ۔ کشتی۔ ناو۔ برج آف بوٹس۔ ناو کا پل۔

بوٹ۔ موزہ۔

بوٹینکل (بٹینکل)۔ منسوب بہ بوٹینی۔

بوٹینی (بٹینی)۔ علم نباتات۔ باغات تیار کرنیکا فن۔

بوچر۔ قصاب۔ یہ فرانسیسی زبان کا لفظ ہی جو داخل اردو ہوگیا ہی۔ بعض لوگ بوچڑ بھی کہتے ہین۔

بورڈ۔ تختہ۔ جہاز کی سطح۔ محکمہ۔ مجلس۔ مقررہ جماعت۔ میونسپل بورڈ۔ جماعت یا محکمہ میونسپلٹی۔ دیکھو بلیاڈ بورڈ۔ وسائن بورڈ۔

بورڈ آف اگزامینیشن۔ جماعت ممتحنین۔ جماعت منتظم امتحانات۔

بورڈ آف ریوینیو۔ صیغہ مال کی اعلی عدالت یا محکمہ۔

بورڈر۔ پردیسی طالب علم جو کسی مدرسہ میں جاکر اور وہین رہتا اور کھاتا پیتا ہو۔

بورڈنگ اسکول۔ وہ مدرسہ جسمین بورڈنگ بیٹھے ہون اور انکے کھانے پینے کا اہتمام ارباب مدرسہ کے متعلق ہو۔

بورڈنگ ہوس۔ پردیسی طالب علمون کے رہنے کا مکان جو مدرسہ کی طرف سے بنا ہو۔

بولٹ۔ سیسہ کی گولی جو بندوقون اور تپنچون مین استعمال کیجاتی ہو۔

بولٹن۔ ایک قسم کی کیفیت یا اعلام۔ کسی مشہور مریض کی روزانہ کیفیت جو چھاپ کر شائع کی گئی ہو۔ مغربی ملکون مین جب کوئی امیر یا وزیر بیمار ہوتا ہو تو بالعوض اس کے کہ اوسکی عیادت کے لیے ہر وقت اوس کے بستر علالت کے پاس ایک زمانہ بھر کے لوگون کا ہجوم رہے ایک بولٹن روزانہ یا دن بھر مین چند مرتبہ شائع کر دیا جاتا ہو تاکہ اوس کے مستفسرین حالات کو آگاہی ہوجاے۔ علیگڈہ گزٹ مین اس لفظ کا ترجمہ وہ ڈاکٹری پرچہ بھی کیا گیا ہو۔

بونڈری۔ حدود اربعہ۔ چوحدی۔ سرحد۔ ڈانڈا۔

بی۔ انگریزی الف بے کا دوسرا حرف جو بجاے حرف ب کے انگریزی مین استعمال کیا جاتا ہو۔ لفظ بچلر کا مخفف بھی ہو۔

بیاگرفی۔ کسی شخص کی سوانح عمری جو اوس نے خود لکھی ہو۔

بی۔ اے۔ دیکھو بچلر آف آرٹس۔

بی۔ اے۔ بی۔ یل۔ اعلی درجہ کی تعلیم کی ڈگری حاصل کرنی یعنی بی۔ اے۔ کا امتحان دینے کے بعد شخص دو برس تک قانون پڑھے اوسکو۔ بی۔ یل۔ کا درجہ ملتا ہو۔

بیبل۔ انجیل۔

بپٹزم۔ بپتسمہ۔ اصطباغ۔

بیٹ۔ چوگان۔ گیند کھیلنے کی تھاپی

بیٹ اینڈ بال۔ گوے وچوگان۔ گیند کا انگریزی کھیل

بیٹل۔ لڑائی

بیٹل فیلڈ۔ جنگاہ۔ رن۔

بیر۔ ریچھ۔ ایک قسم کی شراب جسمین نشہ کم ہوتا ہو۔

بیرر۔ قاصد۔ نامہ بر۔ کسی شے کا حامل۔ مثلاً فلیگ بیررز۔ جھنڈی بردار۔

بیرسٹر۔ دیکھو بارسٹر۔

بیرک۔ سپاہیون کے رہنے کے مکانات۔ (بارک۔ گورا بارک)۔ بیرک ماسٹر۔ مہتمم بارکخانہ

بیرن۔ پانچوین یعنی آخر درجہ کے امراے انگلستان اس کے بعد صرف ایک درجہ اوسی کی تصغیر کے طور اور ہو جسکو بیرونٹ کہتے ہین۔

بیرنگ (بیرنگ)۔ محصولی خط۔

بیرونٹ۔ امراے انگلستان کا سب سے چھوٹا درجہ جسمین نایٹ۔ اور سر کا خطاب دیا جاتا ہو۔

بیرونیسی۔ بیرونٹ کا درجہ۔

بیگ۔ ایک قسم کا کمانی دار سفری تھیلا جو بیگ پارچل بیگ کے نام سے مشہور عوام ہو۔

بیگج۔ اسباب۔

بیل - اوبالنا - کسی میم نے اپنے ایک نئے باورچی سے
جس نے چالاکی کرکے بیان کیا تھا کہ مین باورچی کے کام
مین بڑا تجربہ کار ہون اور مدتون صاحب لوگون کا نوکر
رہا ہون کہا تھا کہ انڈا بیل کرلاؤ (یعنی اوبال لاؤ) اس پچ
باورچی نے گھبراکر جواب دیا تھا کہ حضور انڈے سے بیل
کیونکر بن سکتا ہے یہ میرے امکان مین نہین ہے

بیلنس - بقایا -

بیلنس شیٹ - فرد واصلباقی -

بینڈ - گروہ - جماعت - علی الخصوص باجہ والون کا
طائفہ - بینڈ باجہ والے -

بینک - مہاجنی کوٹھی جو بنک کے نام سے مشہور
ہے - دیکھو بنک - ڈپارٹ بینک - دیکھو ڈپارٹ

بینکر - بنک کا افسر - کوٹھی وال -

بینکرپٹ - دیوالیہ -

بینکرپسی - دیوالہ نکل جانا -

بینکوئٹ - دعوت ضیافت -

بینکوئٹ ہال - دعوت خانہ - دعوت کی کوٹھی یا
دالان -

بیور - ایک دریائی جانور جسکے سمور ہوتی ہین - اسی
سمور کیوجہ سے اوسکی کھال بطور کپڑے کے استعمال
کیجاتی ہے جو نہایت قیمتی ہوتا ہے - ایک قسم کا دوسرا کپڑا
جو نقلی سمور یا بچا زا ہو بھی کہلاتا ہے - یہ کپڑا نہایت گندہ
ہوتا ہے اوسکے بالائی کوٹ وغیرہ تیار کیے جاتے ہین -

پ

(پائے فارسی)

پاپا - کمسن بچے باپ کو کہتے ہین - پوپ یعنی پاپائے روم
دیکھو پوپ -

پاپولیشن - آبادی -

پاٹری - کاسہ گری -

پادری - عیسائی مذہب کا مولوی یا عالم - غالباً لفظ
فادر کا معرب معلوم ہوتا ہے انگریزی مین پادری کوئی لفظ نہین ہے

پارٹ - حصہ - فصل - باب -

پارٹی - فریق - گروہ - جماعت - انگلستان بلکہ قریب
قریب کل مغربی سلطنتون کے تمام باشندے اور
اخبارات عموماً کسی نہ کسی پارٹی سے علاقہ رکھتے ہین
اور ہر پارٹی کے لوگ معاملات متعلقہ تمدن معاشرت
کے بارے مین جداگانہ راے رکھتے ہین - ہر ایک مغربی
سلطنت مین عموماً تین قسم کے اہل الراے پائے جاتے ہین
ایک وہ جو شخصی سلطنت اور خواص و عوام کی تخصیص
اور عموماً قدیم زمانہ کے مذہبی اور معاشرتی رواجون کو
(اوس حد تک جو اون کی مفہوم کے مطابق جہالت تعصب
اور سست اعتقادی پر محمول ہوسکین) قائم رکھنا
چاہتے ہین اور جنگ و جدل اور ملک گیری کو ضروریات
سلطنت سے قرار دیتے ہین اور رعایا کے خیالات اور
افعال مین آزادی کو محدود رکھنا چاہتے ہین انگلستان
مین پہلے اس گروہ کے لوگ ٹوری کہلاتے تھے

اور اب کنسرویٹو کہے جاتے ہین اور فرانس اور دوسرے ممالک یوروپ مین اسی خیال کے لوگون کو رایلسٹ (یعنی محافظ سلطنت شخصی) بھی کہتے ہین - جو فرقہ ان خیالات کے بالکل خلاف ہے اور انتہا درجہ کی آزادی اور باہمی مساوات خلائق کا محرک اور ہر امر کی بیخ و بن سے اصلاح کرنے کا ساعی ہو اوسکو ریڈیکل اور اینڈوانسڈ لبرل (یعنی لبرل خیالات مین حد سے زیادہ بڑھا ہوا) کہتے ہین - ریڈیکل فرقہ کے خیالات جمہوری خیالات کے مشابہ ہین - ان دونون کے بیچ بیچ ایک پارٹی لبرل ہو اور اوس فرقہ کے لوگون نے افراط و تفریط کو ناجائز قرار دیکر دونون کے بیچ بیچ ایک طریقہ نکالا ہو - لبرل فرقہ کے لوگون کا خیال یہ ہو کہ شخصی سلطنت بھی قائم رہے اور رعایا کو آزادی بھی دیجاے ملک گیری سے احتراز کیا جاے اور دنیا مین امن و امان قائم رکھنے کی کوشش کیجاے - اس کا قدیم یا دوسرا نام ھوگ بھی ہو - ایک فرقہ سوشیلسٹ ہو جو خواص و عوام مین بالکل مساوات قائم کرنے اور امرا و غربا کو یکسان کر دینے کا ساعی رہتا ہو اسی فرقہ کے لوگ چاہتے ہین کہ زمینداری یا تعلقداری کا نام باقی نہ رہجاے رعایا کے ساتھ خاص انتظام ہو - روس مین ایک فرقہ نھلسٹ ہو جو وہان کے موجودہ انتظامات کی ترمیم کا ساعی ہو اور اوس کو دوسری لبرل یا ریڈیکل تصور کرنا چاہیے اسی فرقہ کے لوگون نے گورنمنٹ روس کی سخت مخالفت کی ہو اور ملک مین بڑے بڑے فتورات پیدا کیے ہین - یہ ملکی جماعتین روز بروز بڑھتی جاتی ہین جب کسی خاص معاملہ کی بحث ہوئی یا کسی نامی گرامی شخص نے کوئی انقلاب پیدا کیا تو ایک پارٹی پیدا ہو جاتی ہو مگر عموماً ہر ملک اور خصوصاً انگلستان مین بڑے صرف دو فرقے ہین ایک لبرل دوسرا کنسرویٹو -

پارڈن - معذرت - معافی مانگنا -

پارسل (سِل) - کوئی شے یا اسباب جو پلندہ کر کے بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ریل گاڑی ایک مقام سے دوسرے مقام کو بھیجا جاے - ویلیو پی ایبل پارسل - قیمت طلب پارسل - وہ پارسل جو مرسل الیہ کو بعد اداے قیمت مل سکے - بغیر قیمت ادا کرنے کے نہ مل سکے -

پارک - رمنہ - احاطہ - مرکب نامون کے ساتھ یہ لفظ بہت آتا ہو -

پارلیمنٹ - سلطنت برطانیہ کی اعلی مجلس وضع قوانین - اس سلطنت کی حکومت دو طریقون پر منحصر ہو ایک وضع قوانین - دوسری نفاذ قوانین - وضع قوانین کا اختیار رعایا کو ہو جو اپنی جانب سے ہر ہر مقام کے لائق لوگون کو خاص اسی کام کے لیے مقرر کرتے ہین اور اون سب کے یکجا جمع ہونے کا نام پارلیمنٹ نفاذ قانون کا اختیار بادشاہ وقت کو ہو گو حضور ملکہ معظمہ کے وقت مین وہ اختیار وزرا و حکام عامل کے سپرد رہا اور اوسکی جوابدہی اونھین کے ذمہ ہو

چونکہ یہ لفظ نہایت اہم اور ضروری ہی اور اوسکی تشریح
مین تئیس چھبیس اہم الفاظ کی کامل صراحت متصور ہی
لہذا اسی موقع پر انتظام پارلیمنٹ کی مفصل کیفیت
مختلف مستند کتابون سے انتخاب کرکے نقل
کیجاتی ہی۔ سلطنت برطانیہ نہ تو بالکل خودمختار
بادشاہون اور نہ خودمختار والیان ملک و نہ جمہور
عوام پر منحصر ہی بلکہ تینون کے میل سے مقرر ہی۔
زمیندارون اور تعلقدارون کیطرف سے ہَوس
آف لارڈس کے ممبر مقرر ہین۔ عوام کیجانب سے
اوسط درجہ کے خوش باش اور شرفا ہَوس آف
کامنس کے ممبر مقرر ہین اور قدیم موروثی بادشاہی کا
حق قائم رکھنے کے لیے ارکان خاندان شاہی کا
تعلق ہی جنمین سے ایک شخص تخت نشین ہوتا ہی۔
ہر دو ایوان پارلیمنٹ کا اصل کام صرف اسقدر ہی
کہ قوانین وضع کرے اور سرکاری کامون کے لیے روپیہ
خرچ کرنے کی رائے دے۔ نفاذ قانون کا اختیار
جو بادشاہ وقت کو حاصل ہی وہ جیساکہ اوپر بیان
کیا گیا بادشاہ کیطرف سے وزرا یعنی منسٹری کے
سپرد ہی اور اس اعتبار سے عملدرآمد قوانین کی
جوابدہی منسٹری پر ہی۔ جب تک پارلیمنٹ کو
منسٹری پر اعتبار رہتا ہی اوسوقت تک قائم
رہتی ہی ورنہ بدل جاتی ہی اور بادشاہ وقت کو اختیار
ہی کہ دوسرے وزرا بھرتی کرے۔ اسی طور سے
پارلیمنٹ کو اعلیٰ اختیار حاصل ہی۔ بادشاہ کو اس
بات کا اختیار ہی کہ صلح یا جنگ کرے کسی مجرم کی سزا
معاف کردے پارلیمنٹ کو بھرتی کرے یا شکست
کردے۔ سکہ جاری اور خطابات امارت عطا کرے۔
مگر اصل مین یہ سب کام وزیرون ہی کے ذریعہ سے
ہوتے ہین۔ پارلیمنٹ دو درجون مین منقسم ہی ایک
اعلیٰ دوسرا ادنیٰ۔ اعلیٰ درجہ ہَوس آف لارڈس
اور ادنیٰ درجہ ہَوس آف کامنس کہلاتا ہی۔

ہَوس آف لارڈس یا اَپر ہَوس

ہوس آف لارڈس مین دو طرح کے ممبر ہین ایک دینی
لارڈ اور دوسرے دنیوی لارڈ۔ صاحبان لارڈ
کو پیئر بھی کہتے ہین۔ پیئر کے معنی یکسان کے ہین۔
پس اس اعتبار سے اگرچہ سب صاحبان لارڈ یکسان
ہین مگر اصل مین اس ہَوس کے ممبرون کے پانچ
درجے ہین۔ اول صاحبان ڈیوک۔ دوم مارکوئس
سوم اَرل۔ چہارم وائکونٹ۔ پنجم بیرن۔ ڈیوک کو
خطاب کرتے وقت یور گریس اور باقی صاحبان
پیئر کو خطاب کرتے وقت مائی لارڈ یا یور لارڈشپ
کہتے ہین۔ ہوس آف لارڈس مین لارڈ چینسلر
مخملی کرسی پر بحیثیت صدر انجمن متمکن ہوتے ہین
اس ہوس کو ادنیٰ عدالتون کے عدالتی فیصلہ کی اپیل سماعت
کرنے کا سب سے اعلیٰ اختیار حاصل ہی۔ یاد رہے کہ
ہر ایک ممبر کسی وجہ جائز سے غیر حاضر ہونے کی

حالت مین تحریراً بھی اپنی راے دے سکتا ہی۔

ھَوس آف کامنس یا لوور ھوس۔

ہوس آف کامنس مین انگلستان ویلس اسکاٹلینڈ اور آیرلینڈ کی کونٹیوں (پرگنون) برون (چھوٹے قصبون) اور یونیورسٹیون کے لوگ جمہور عوام کیطرف سے ممبر مقرر ہین۔ ہوس آف کامنس کے صدر نشین کا لقب اسپیکر ہے کیونکہ بادشاہ وقت سے خطاب کرنے کی حالت مین عوام کی نیابت وہی کرتا ہی۔ ہر مرتبہ جب نئی پارلیمنٹ بھرتی ہوتی ہی تو نیا اسپیکر مقرر ہوتا ہی۔ زر نقد کے متعلق جو مسودات قانون نافذ ہوتے ہین اونکی ابتدا اسی ہوس سے ہوتی ہی اور اس طور سے روپیہ کے معاملہ مین اسی ہوس کو بادشاہ وقت پر بھی اعلی اختیار حاصل ہی۔ خاص ضرورت کی حالتون مین یہ دربار ہوس آف لارڈس پر بھی دباو ڈالتا ہی کیونکہ اگر جلسہ وزرا کے قومی مددگار ہوس آف کامنس مین موجود ہون تو وہ زور ڈال سکتا ہی کہ ہوس آف لارڈس مین اوسکی پارٹی کا اجماع قائم رکھنے کے لیے جدید صاحبان لارڈس مقرر کیے جائین چنانچہ اسی غرض سے صاحبان لارڈس ہوس آف کامنس کا کہنا مان لیا کرتے ہین۔ جسوقت کوئی مسودہ قانون تیار ہوتا ہی تو پہلے بل کے نام سے کسی ہوس مین پیش کیا جاتا ہی۔ پیش ہونے پر پہلی مرتبہ بلا مخالفت پڑھا جاتا ہی اور حکم ہوتا ہی کہ تمام ممبر اوسکے مضمون سے آگاہی حاصل کرین۔ بعد اوسکے وہ مشتہر ہوتا ہی اور دوبارہ پڑھنے کے لیے اوسکی ایک تاریخ مقرر کیجاتی ہی۔ پہلی مرتبہ اس امر کا مباحثہ ہوتا ہی اور راے لیجاتی ہی کہ مسودہ دوبارہ پڑھا جاے یا نہ پڑھا جاے اگر یہ امر منظور ہو گیا تو ہوس ہر ہر دفعہ پر غور کر کے راے دینے کی کوشش کرتا ہی۔ اس کے لیے ہوس کمیٹیوں مین منقسم ہوتا ہی۔ جسوقت کمیٹی سے پاس ہو جاتا ہی تو ترمیم شدہ حیثیت سے ہوس مین پیش کیا جاتا ہی اور تیسری مرتبہ پڑھنے کے لیے تیار ہو جاتا ہی۔ اگر اس مرتبہ بھی اوسکی منظوری ہو جاتی ہی تو دوسرے ہوس کو بھیجا جاتا ہی۔ اوس دوسرے ہوس مین بھی یہی سب کارروائیان ہوتی ہین اور پھر ترمیم کے بعد جو حیثیت اوسکی قائم رہتی ہی اوسی حیثیت سے اصل ہوس کو جہان سے اوسکی ابتدا ہوتی ہی بھیجدیا جاتا ہی بعد اوسکے باہمی مشورت سے باقیماندہ اختلافات رفع کر دئے جاتے ہین۔ جب دونون ایوان پارلیمنٹ سے مسودہ قانون اس طور پر پاس ہو جاتا ہی تو نفاذ پذیر ہونے کے پیشتر بادشاہ وقت کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہی گو آج تک کسی بادشاہ نے منظوری سے انکار نہین کیا۔

[ہوتے ہین]

منسٹری یعنی جلسہ وزرا مین مندرجہ ذیل ممبر ضرور شامل

(۱) وزیر اعظم یا اول لارڈ خزانہ۔

(۲)۔ لارڈ چینسلر (اول لارڈ خزانہ)

(۳) چینسلر آف اکسچکر (وزیر خزانہ)

(۴) ہوم سکرٹری (وزیر داخلہ)

(۵)- فارن سکرٹری (وزیر خارجہ)

(۶)- کالونیل سکرٹری (وزیر نو آبادیہا)

(۷)- انڈین سکرٹری (وزیر ہند)

(۸)- سکرٹری آف وار (وزیر جنگ) [کرسی نشین

(۹) پریسیڈنٹ پریوی کونسل (دربار پریوی کونسل کا

یہ بادشاہ وقت کے مشیر وزرا ہین - ابتدا مین یہ مشیر پریوی کونسل کے نام سے مشہور تھے جن کو رائٹ آنریبل کا خطاب تھا مگر چونکہ ان کی تعداد زیادہ تھی اور دور دور کے رہنے والے تھے اسی سبب سے بعد بلوہ ۱۶۸۸ء زمام حکومت پریوی کونسل کی ایک کمیٹی کو دیگئی جو منسٹری یا کیبنٹ یعنی جلسہ وزرا مذکورہ بالا کے نام سے موسوم ہی - فی الحال وزرا پریوی کونسل سے منتخب نہین کیے جاتے ہین بلکہ پارلیمنٹ سے منتخب کیے جاتے ہین اور بعد اوسکے پریوی کونسل کے ممبر مقرر کر دیے جاتے ہین - جلسہ وزرا کا سرغنہ وزیر اعظم کہلاتا ہی - بادشاہ وقت اپنا وزیر اعظم اوسی فرقہ کے سرغنہ کو مقرر کرتا ہی جسکو قوت اجماع حاصل ہوتی ہی - جب منسٹری کا اعتبار جاتا رہتا ہی تو عموماً استعفا دیتی ہی اور بادشاہ وقت فریق مخالف کے سرغنہ سے جلسہ وزرا قائم کرنے کے لیے کہتا ہی - ہر ایک ہوس وقتاً فوقتاً اپنی اجلاس کو ملتوی کرسکتا ہی بادشاہ وقت بصلاح جلسہ وزرا ایک پارلیمنٹ کو برخاست اور جدید پارلیمنٹ کو بھرتی کرتا ہی - نئی پارلیمنٹ بادشاہ وقت کے مرنے سے بھی بھرتی ہوتی ہی - ایک پارلیمنٹ کے قائم رہنے کا زمانہ سات برس مقرر ہی لیکن ۱۷۱۶ء سے جب وہ قاعدہ مقرر ہوا تھا اب تک کوئی پارلیمنٹ چھہ برس سے زیادہ نہ رہی - اس زمانہ مین مدت قیام پارلیمنٹ اوسطاً پانچ برس رہی ہی -

پاس (اسم) - درہ یا گھاٹی مثلاً بولان پاس بمعنی درہ بولان - پروانہ راہداری - ریل پر بغیر ٹکٹ لیے ہوے سفر کرنے کا اجازت نامہ جو بعض سرکاری ملازمون یا ارباب ریلوے یا دوسرے اشخاص کو جو حکام ریلوے سے کوئی بندوبست کر لیتے ہین ملتا ہی - اردو دانون مین یہ لفظ سرٹیفکیٹ یا سند کے معنی مین بھی استعمال کیا جاتا ہی مثلاً فلان شخص نے مختاری کا پاس حاصل کرلیا ہی - (فعل) گذرنا - صادر کرنا قانون و احکام وغیرہ کا - امتحان مین کامیابی حاصل کرنا -

پاس بک - ڈاکخانہ مین روپیہ جمع کرنیکی کتاب

پاسپورٹ - پروانہ راہداری -

پاکٹ (پاکٹ) جیب - یہ لفظ جیب سے زیادہ استعمال مین ہی -

پاکٹ بک - بیاض جیب مین رکھنے کی

بیاض-یادداشت وغیرہ لکھنے کے لیے -

پالسی۔ یہ کمبخت لفظ نہایت ہی بیڈھب ہی۔ نہ تو
اسکا کوئی عمدہ ترجمہ دیکھنے مین آیا اور نہ اصل لفظ کا
استعمال اُردو دانون مین صحیح صحیح کیا جاتا ہی۔ عام طور
پر اسکا ترجمہ حکمت عملی کیا گیا ہی مگر حکمت عملی سے
اور بھی دھوکا ہوتا ہی۔ معلوم نہین پہلے پہل یہ لفظ
پالسی کے معنی مین کیونکر استعمال کیا گیا -
حکمت عملی ایک مقررہ اصطلاح علم حکمت کی ہی
صاحب میبذی لکھتے ہین کہ "وتلک الاعیان
اما الافعال والاعمال التی وجودھا بقدرتنا
واختیارنا اولا۔ فالعلم باحوال الاول من
حیث انه یودی الی صلاح المعاش و
المعاد یسمی حکمة عملیة والعلم
باحوال الثانی یسمی حکمة نظریة" ترجمہ
یہ موجودات یا تو اون افعال و اعمال سے ہین جنکا
وجود ہماری قدرت و اختیار مین ہی یا ان سے ہین
جنکا وجود ہماری قدرت و اختیار مین نہین ہی پس
جن افعال و اعمال کا وجود ہماری قدرت و اختیار
مین ہی اس حیثیت سے کر وہ باعث صلاح معاش
و معاد ہون اون کا علم حکمت عملی کہلاتا ہی اور دوسری
قسم کے اعمال و افعال کا علم حکمت نظری کہلاتا ہی
تو اب اس صورت مین حکمت عملی ایک اصطلاح
علم حکمت کی ہی اور اوس سے مراد اون افعال و اعمال کا
علم ہی جو باعث صلاح معاش و معاد ہون۔ پالسی
اور اس حکمت عملی مین زمین و آسمان کا فرق ہی۔ لفظ
پالسی کی اصلیت فرانسیسی زبان سے ہی۔ اس لفظ کا
مشتق منہ پالس یا پولس ہی جسکے معنی شہر کے ہین
اور اوسی مناسبت کے ساتھ پالسی کا لفظ مندرجہ
ذیل معنون پر دلالت کرتا ہی۔ ایک عام طریقہ یا قاعدہ
جسکے بموجب کسی قوم کے معاملات یا سلطنت کا
کاروبار چلایا جاے۔ سرکاری ضابطہ کے مطابق تنظیم کا
طریقہ۔ انتظامی چالاکی۔ فطرت۔ مکاری۔ اور وہ معنی
جنکے لیے اسقدر دردسری کی گئی ہی یہ ہین -

ضابطہ یا تدابیر کی ایک راہ جو کسی ملکی جماعت (پارٹی)
یا اوسکے سرغنہ نے اپنے عام دستور العمل کے طور پر
اختیار کی ہو۔ ظاہر ہی کہ حکمت عملی کو ان معنون سے
کسی طرح کی مناسبت نہین ہی۔ اس لفظ کا پورا مفہوم
دو ایک لفظ مین مولف کے نزدیک بمشکل ادا ہو سکتا ہی
اسلیے اصل انگریزی لفظ کا استعمال زیادہ تر موزون
معلوم ہوتا ہی۔ تدبیر حسن تدبیر اور منصوبہ ان لفظون سے
البتہ بعض صورتون مین کچھ کام نکل سکتا ہی لیکن پورے
مفہوم کے ادا کرنے مین وہ بھی قاصر ہین۔ جو حضرات
پالسی کے ترجمہ مین بھی لفظ تجویز کو استعمال کرتے ہین
وہ قیامت ہی کرتے ہین۔ رزولیوشن۔ ججمنٹ۔
پروپوزل۔ اسکیم۔ ڈسپوزل۔ ڈٹرمنیشن۔
اسٹیٹمنٹ ان سب الفاظ کا ترجمہ تو مولف نے دیکھا ہی

کہ صرف ایک لفظ تجویز سے کیجاتا ہو اب وہ بھی پالسی
بھی داخل کیجاتی ہو - پالسی عموماً تین طرح کی ہوتی ہو
(۱) فارن یعنی متعلق بیرونی معاملات سلطنت -
(۲) ڈومسٹک - یعنی متعلق اندرونی معاملات
سلطنت - (۳) کمرشیل متعلق معاملات تجارت
پس اگر ان سب موقعون اور اون کی مختلف صورتون
مین اردو دان حضرات لفظ حکمت عملی کے وہی معنی
سمجھتے ہون جو پالسی کے معنی بیان کیے گئے تو حکمت
عملی کیا حکمت نظری کے لفظ کو بھی اوسکی جگہ استعمال
کر سکتے ہین بشرطیکہ یہی معنی اوس سے سمجھ لیے جاوین
ورنہ مولف کے نزدیک اصل لفظ انگریزی ہی کو استعمال
کرنا بہتر ہو -

پالسی سند - پالسی آف انشورنس - بیمے کی
سند - دیکھو انشورنس -

پالش - جلا دینا - یہ لفظ انگریزیت جتانے کے لیے
اکثر استعمال کیا جاتا ہو -

پائیونیر - دیکھو پائنیر -

پائنیر (پیونیر) - بیلدار یا وہ لوگ جو کسی متحرک
فوج کے آگے آگے راستہ درست کرتے چلتے ہین -
مجازاً بمعنی ہادی و رہنما - الہ آباد سے ایک روزانہ انگریزی
اخبار اسی نام سے شائع ہوتا ہو جو بہت مشہور ہو -
نو مفتوح ملک برہما کی دار السلطنت سے ایک اخبار
بنام منڈالی پائنیر حال مین جاری ہوا ہو -

پاوَرٹی - مفلس - افلاس - مجازاً بمعنی اشخاص
مفلس و محتاج -

پاپ - دیکھو پوپ -

پبلشر - کسی اخبار یا کتاب کا مشتہر یا شائع کرنیوالا -
پرنٹر و پبلشر - چھاپنے اور شائع کرنے والا اکثر صورتون میں
مالک مطبع مراد ہوتا ہو

پبلک - یہ بھی ایک دقت طلب لفظ ہو - انگریزی
مین تو اوسکے صرف ایک معنی جمہور خلائق یا بنی نوع
انسان کے ہین مگر بعض بعض موقعون پر ترجمہ مین دشواری
معلوم ہوتی ہو اور سبب اس کا یہ ہو کہ مغربی خیالات کے
مطابق بادشاہ اور سلطنت کوئی شے نہین ہو ہر شخص
بحیثیت منفردہ رعایا اور بحیثیت مشترکہ بادشاہ ہو
یعنی ہر ایک شخص تنہا محکوم اور باعتبار شرکت خلائق
عام حاکم ہو - اس اعتبار سے پبلک ڈیوٹی کے معنی
اوس خدمت کے ہوے جو ہر شخص پر اپنے دیگر ابنائے
جنس کے بارے مین کرنا لازم ہو - اور پبلک سروینٹ
کے معنی ملازم جمہور خلائق کے ہوے - لیکن ایشیائی
خیالات اسکے مغائر ہین ہندوستانی اشخاص پبلک کے
شاہی یا شاہنشاہی کے معنی مین سمجھتے اور استعمال
کرتے ہین چنانچہ اسیوجہ سے پبلک کی جگہ پر لفظ
سرکاری مروج و مستعمل ہو - گورنمنٹ کا ترجمہ بھی
سرکار ہی آیا ہو - اسلیے اب پبلک کا لفظ گورنمنٹ
کے معنی مین خیال کیا جاتا ہو - لیکن بعض صورتون مین

جب پبلک کا لفظ محض جمہور عوام سے ہندوستانی
خیالات کے مطابق بھی تعلق رکھتا ہی تو وقت پڑتی ہی
مثلاً پبلک بینیفٹ (یعنی نفع خلائق) اور جو لوگ
ایسے موقع پر بھی سرکاری کا لفظ استعمال کر دیتے ہین
وہ خطا کرتے ہین - ان سب باتون کی وجہ سے اصل
انگریزی لفظ مستعمل ہونے لگا - اور جس حالت مین
مترجم لوگ ترجمہ سے عاجز ہین تو ایسے لفظ کو غیر
انگریزی دان قرینہ سے کب سمجھ سکین گے - مولف کو
امید ہی کہ مندرجہ بالا تشریح سے اس لفظ کے معنی
اُردو دان حضرات بخوبی دریافت کرلین گے -

پبلک ورکس - تعمیرات سرکاری -

پیپر منٹ - پودینہ - پودینہ کے ست کی گولیان
یا ٹکیان جو غذا کے بعد چورن کے طور پر استعمال
کیجاتی ہین - انگریزی مین اس لفظ کے معنی صرف
پودینہ کے ہین -

پیٹالون - دیکھو پینٹلون -

پٹرولیم - مٹی کا تیل -

پٹی کوٹ - زنانہ زیر جامہ -

پراپرٹی - جائداد - املاک -

پراسپکٹس - کسی کتاب یا اخبار یا نئے کارخانہ
وغیرہ کا اشتہار جسمین امر مقصود کے عام حالات
مختصر طور پر بیان کرنے کے بعد عوام الناس کو
اُسمین شریک یا معین ہونے کی توجہ دلائی گئی ہو
لفظ اشتہار پراسپکٹس کا پورا مفہوم نہین ادا کرسکتا -

پرافٹ - پیمبر پیشین گو -

پرافٹ - نفع -

پراگرس - ترقی تہذیب - بعض اخبارات کا
بھی نام ہی -

پرامس - وعدہ -

پرامسری نوٹ - رقعہ دستاویز یا اقرار نامہ
ادائے زر گورنمنٹ پرامسری نوٹ -
سرکاری نوٹ جو ہندوستان مین کلکتہ بمبئی اور
مدراس احاطون کے نام سے جاری ہین - یہ نوٹ
مثل سکہ رائج الوقت کے ہین کہ جب چاہا اون کو
رکھا اور جب چاہا خردہ کرالیا مگر بعض اوقات جب
کوئی ملکی خطرہ ہوتا ہی تو اسکا چلن سست پڑجاتا ہی
اور بٹہ لگنے لگتا ہی -

پراونس - صوبہ - علاقہ - ملک - نارتھ
وسٹرن پراونس - ممالک مغربی و شمالی -

پراونشل - صوبہ کے متعلق - کسی چیف کمشنر
یا لفٹنٹ گورنر یا گورنر کی عملداری کے متعلق -

پرائم (پریم) - اصل - خاص - مقدم - ابتدائی

پرائمر - مبتدیون کی کتاب -

پرائمری - ابتدائی - مقدم -

پرائم منسٹر - وزیر اعظم -

پرائیوٹ - دیکھو پرئیوٹ -

پریزنٹ - حاضر - تحفہ - پریزنٹ آرمس سپاہیونکی سلامی -

پرزنر - قیدی -

پریس - مطبع - چھاپہ خانہ - اخبارات -

پرس - تھیلی - کیسہ - بٹوہ - علی الخصوص روپیہ رکھنے کا بٹوہ

پریس بیٹیری - عیسائی گرجاگھرون کے اکابر کی ایک جماعت جو اپنے معتقدون پر اپنے انتظام سے حکومت کرتی ہو -

پریس بیٹیرین - عیسائیون کا ایک مذہب جسمین مشائخ کے ذریعہ سے حکومت کیجاے اس مذہب کے معتقد کو پریس بیٹیرین کہتے ہین -

پرسن - شخص -

پرسنل - شخصی ذاتی - پرسنل اسسٹنٹ کسی حاکم کی ذات خاص کے لیے جو مددگار مقرر کیا گیا ہو

پرشیا - ایران - ملک پارس -

پرشیا - یورپ کا ایک ملک جو سلطنت جرمن کے متعلق ہی - پروش بھی اوسکو کہتے ہین -

پرشین - منسوب بہ پرشیا - ایرانی -

پرشین - پروشن - منسوب بہ ملک پروش -

پرل - موتی -

پرل فشری - شکار صدف مروارید - فصل معینہ مین سمندر سے موتی کی سیپیون کا نکالنا -

پرمٹ (پرمٹ) - لفظی معنی اجازت - اصطلاح قانون مین پروانہ راہداری یا محصول تجارت داخلہ وخارجہ -

پرنٹ - چھاپنا علی الخصوص سیسہ کے حرفون سے

پرنٹر - چھاپنے والا علی الخصوص سیسہ کے حرفون سے

پرنٹنگ آفس - وہ مکان جسمین چھپائی ہوتی ہے بالخصوص سیسہ کے حرفون سے -

پرنس - شاہزادہ - رئیس - راجہ مہاراجہ -

پرنسپل - اصل (بمقابلہ سود) - کالج یعنی بڑے دار العلم کا اعلی افسر یا صدر معلم -

پرنسپل - اصول -

پروبیشن - آزمایش -

پروبیشنری - امتحانی یا شرطی یا آزمایشی ملازم

پروپرائیٹر - مالک علی الخصوص کسی اخبار کا -

پروپوزل - وہ تجویز جو صلاح یا مشورت کے طور پر کیجاے -

پروٹسٹینٹ - عیسائی مذہب کا ایک فرقہ جو رومن کیتھولک فرقہ سے اختلاف رکھتا ہو ملک انگلستان اسی مذہب مین ہین اور قاعدہ مقرر ہوگیا ہو کہ تخت انگلستان کے مستحقین سے صرف وہی شخص بادشاہ بنایا جاے گا جو پروٹسٹینٹ مذہب رکھتا ہو عام اس سے کہ جنس ذکور سے ہو یا اناث سے -

پْرُوزْ - نثر - (بمقابلہ نظم)
پْرُوسیشن - گشت - کوئی جماعت جو شارع عام مین ایک قاعدہ کے ساتھ ارادتاً کسی غرض خاص سے نکلے - ریلیجیس پْرُوسیشن - گشت مذہبی - مثل تعزیہ یا رام لیلا وغیرہ -
پْرُوف - ثبوت - پناہ - کسی کتاب یا اخبار کا ورق جسکی کاپی ابتدا ًبطور مسودہ صحت کرنے کے لیے چھاپی گئی ہو - فائر پْرُوف - کوئی ایسی شے جسپر آگ اثر نہ کر سکے - واٹر پْرُوف - موم جامہ یا کوئی ایسی شے جسپر پانی اثر نہ کر سکے -
پْرُوفیسر - کالجون کے مدرس جو خاص خاص علوم کی تعلیم کے لیے مقرر ہون - مثلاً - ارابِک پْرُوفیسر - معلم علم عربی - پْرُوفیسر میتھمیٹکس - معلم علم ریاضی - سنسکرت پْرُوفیسر - معلم علم سنسکرت -
پْرُوکٹر - سربراہکار - مختار - مدرسہ کا منتظم - دینی عدالت کا وکیل - مدرسہ کا منتظم اور طلبہ کے اخلاق کا نگران -
پْرُوگرام - کسی تماشہ یا جلسہ یا کسی حاکم کے دورے یا کسی سرکاری خدمت یا کارروائی وغیرہ کا تفصیلوار اشتہار - حکام کے دورے کے پروگرام اکثر شائع ہوا کرتے ہین کہ فلان حاکم فلان تاریخ فلان مقام مین اور بعد ازان فلان تاریخ فلان مقام مین پہنچین گے فلان فلان تاریخ قیام اور فلان فلان چیزین کا معاینہ ہوگا بعد ازان فلان تاریخ فلان مقام کو کوچ ہوگا - اعلیٰ حکام اگر اسطرح کے پروگرام شائع نکرین تو رسل و رسائل اور ضروری کامون مین خلل واقع ہو چنانچہ اگر تجاویز مندرجہ پروگرام مین کسیوجہ سے تبدیلی بحالی کرنا پڑتی ہے تو سرکاری طور پر اوسکا اشتہار دیدیا جاتا ہے -
پْرُوموشن - ترقی - درجہ کا بڑھانا -
پْرُومی (مع مرکبات) دیکھو پْرِیوِی -
پْرِیٹ - دیکھو پَیْرِڈ -
پْرِیچر - واعظ - ناصح -
پْرِیَر - نماز - دعا - دعائیہ گیتون کا پڑھانا -
پْرِیَر بُک - کتاب الصلوٰۃ - رسالہ اوراد -
پْرِیزن - قیدخانہ - محبس -
پْرِیزنٹ - دیکھو پْرِزنٹ -
پْرِیس (پْرِس) - مطبع - چھاپہ خانہ - دیکھو پْرِس
پْرِیسٹ - عالم شرع - پنڈت - پادری -
پْرِیسیڈنٹ - صدر نشین - کرسی نشین -
پْرِیسیڈنسی - احاطہ - عملداری -
پْرِیسیڈنسی ٹَون - کسی بڑے حصہ ملکی یا صوبہ کا صدر مقام - ہندوستان کی تقسیم بنگال مدراس بمبئی ان تین احاطون مین کی گئی ہے - پس پْرِیسیڈنسی ٹَون کے معنی احاطہ کے شہر یعنی احاطہ کے صدر مقامات ہوے جن سے کلکتہ و مدراس و بمبئی مراد ہے -

پریکٹس - دستور - رواج - مشق - عادت - بازاری حساب -

پرئمر - ابتدائی - مبتدیون کی کتاب -

پرئمیر - وزیر اعظم -

پرئیوٹ - اس لفظ کے معنی سمجھنے مین غیر انگریزی دان حضرات کو بڑی دقت پڑتی ہو اور اوسکا باعث یہ ہو کہ لفظ پبلک جو اسکی ضد ہو اوسکے مفہوم پر اونکا اطمینان نہین ہوتا - اوسکی وجہ لفظ پبلک کی صراحت مین بیان کی گئی ہو - پرئیوٹ کے معنی یہ ہین نج کا - ذاتی - پوشیدہ - خانگی - غیر سرکاری آپس کا - مزید تشریح کے لیے چند مثالین بھی حد اگانہ الفاظ کی مدمین درج ذیل کیجاتی ہین - پرئیوٹ

آربی ٹریشن - دیکھو آربی ٹریشن -

پرئیوٹ اسٹڈی - اپنے طور کی تعلیم جو مدرسہ کی نہو یعنی کتب بینی -

پرئیوٹ ٹیچر - خانگی معلم - اسکول کے معلمونکے سوا وہ معلم جو کسی کے گھر پر پڑھاتا ہو -

پرئیوٹ سکرٹری - معتمد خاص -

پرئیوٹ لٹر - نج کی چٹھی -

پرئیونشن - انسداد -

پرئیوی (پریوی) محرم راز - سرکاری اسرار - مستراح -

پرئیوی کونسل - سلطنت برطانیہ (یعنی کل عملداری سرکار برطانیہ) کے مقدمات اپیل کی اعلیٰ ترین عدالت - دیکھو لفظ پارلیمنٹ -

پرئیوی کونسلر - پرئیوی کونسل کا ممبر یا رکن -

پزنیٹ - کسان - مزارع -

پستول - دیکھو لفظ مابعد -

پسٹل - تپنچہ - پستول اسی لفظ کا مہند ہے -

پسٹی لنٹ - وبا - طاعون - مرض ساری

پسٹی لنشیل - وبائی - طاعونی - ساری -

پسنجر - دیکھو پیسنجر -

پکچر - تصویر -

پکچر گیلری - تصویر خانہ - تصویرون کی نمائش کا برآمدہ -

پل - گولی حب - ہالوزپلس - ہالوے صاحب کی مشہور گولیان -

پلاسٹر }
پلاسٹر } دیکھو پلیسٹر -

پلاؤ - ہل -

پلٹس - (پولٹس) میدہ مین اور دوائین اور پانی شامل کرکے آگ مین پکانے کے بعد جو مرکب تیار کیاجاتا ہو اور پھوڑون وغیرہ کے پکانیکے لیے استعمال کیاجاتا ہو - دیہات مین اسکو میشر کہتے ہین - لوئی -

پلس - نبض -
پلسٹر - دیکھو پلیسٹر -
پلیٹ - رکابی - پلیٹ - یہ لفظ بھی اصل اُردو ہوگیا ہی -
پلیٹ فارم - کوئی اونچی یا ممتاز جگہ جو کسی خطیب کے لیے تیار یا مقرر کی گئی ہو -
پلیڈر - وکیل - گورنمنٹ پلیڈر وکیل سرکار -
پلیسٹر - استرکاری - ریختہ گچ - کہگل - لیس -
پلینٹ - پودھا - قلم -
پلینٹ - عرضی دعوی -
پلینٹر - مالک زراعت - کسی پودھے کی کاشت کرانے والا تاجر - مثلاً انڈگو پلینٹر - نیلور - نیل کا گودام کرنے والا -
پلینٹیشن - پودھون کی زراعت مثلاً چاے یا نیل وغیرہ -
پلین ٹین - کیلہ کا درخت اور پھلیان -
پمپ - پانی نکالنے یا کھینچنے یا بھرنے کی کل - پمپا - جو غالباً اسی لفظ سے مہند کیا گیا ہی -
پمفلٹ - دیکھو پیمفلٹ -
پن - قلم -
پین - دیکھو اپین -
پنچ (پنش) - ظریف - مسخرا - نکٹ کاٹنے کا آلہ - اکثر اخبار اس نام کے جاری ہین جو ظرافت آمیز مضامین لکھتے ہین اور ظرافت کے پہلو مین بڑے بڑے اہم معاملات کی نسبت اپنی آزادانہ راے ظاہر کر جاتے ہین - لندن پنچ مسٹر گلیڈسٹون کی تصویر کبھی ماما کبھی مزدور کبھی بیل اور کبھی اس سے بھی زیادہ ذلیل جانورون کی شکل مین چھاپتا ہی اور صاف صاف نام لکھ دیتا ہی - پارلیمنٹ کے ممبرون کی ایسی ایسی تصویرین بناتا ہی کہ آدمی ہنستے ہنستے بیخود ہو جاے کسیکی ناک پاؤن سے بڑی کسی کی تو ندکل جسم کی دو چند کسی کے پاؤن ایک بالشت سے بھی چھوٹے - اور اون سے طرح طرح کی باتین ثابت کرتا ہی - ہندوستان مین اودھ پنچ بھی آپ اپنی نظیر ہی -
پنڈولم - گھڑی کا لنگر -
پنس - پنی کی جمع دیکھو پنی -
پن نایف - دیکھو پن نیف -
پننسولا (پنِنسلا) - جزیرہ نما - زمین کا وہ حصہ جسکے اکثر اطراف پانی سے گھرے ہون -
پنشن (پنِشن) - وظیفہ - کفاف - مدمعاش وہ تنخواہ جو کسی سرکاری ملازم کو بعد اختتام ایام ملازمت بنظر گذارہ بطور امداد صلہ خدمت سابقہ کے دیجاے - عموماً پنشن اصل تنخواہ کی ایک ثلث ملتی ہی اور بیس برس کی سرکاری ملازمت کے

بعد پنشن کا استحقاق ہوتا ہی۔ بعض صورتین ان
قواعد سے مستثنی بھی ہوتی ہین۔
پنشنر۔ پنشنخوار۔ گذارہ پانیوالا۔
پنل کوڈ۔ دیکھو پینل کوڈ۔
پن نیف۔ پر کے قلم بنانے کا آلہ یا چاقو جسمین
دو مرتبہ پیچ کے دبانے سے خود بخود پر کا قلم بنجاتا ہی۔
پنی۔ انگلستان کا ایک سکہ جو پون آنے کے برابر ہی
پنی ویٹ۔ چوبیس رتی کا ایک وزن۔
پوایزن۔ زہر۔ سمیات۔
پوائینٹ۔ نقطہ مہندس۔ امر تنقیح طلب۔ نفس مباحثہ
پوائینٹ مین۔ جھنڈی دکھانیوالا۔ اشارہ کرنیوالا
پوپ۔ پاپاے روم۔ افسر کلیساے روم۔ قدیم
دینی و دنیوی فرمانروایان ملک اطالیہ جنکو پیشتر تمام
ممالک یوروپ کے سیاہ و سفید کا اختیار حاصل تھا۔
کیونکہ پوپ ہی کے حکم سے تمام عیسائی ممالک ہین
یوروپ کے بادشاہ مقرر ہوتے تھے اور وہ دینی حاکم کے
علاوہ دنیاوی حاکم بھی جانے اور مانے جاتے تھے۔
اب ترقی تہذیب سے پوپ کا وہ اختیار نہین رہا تاہم
عیسائی سلطنتون مین کسیقدر مذہبی رنگ ابھی
مسلم تصور کیجاتی ہی۔ پوپ کی شرع پر چلنے والے
رومن کیتھولک اور اون کے رہنے کی مملکت
ویٹیکن کہلاتی ہی۔
پوپڈم۔ سلطنت پاپاے روم۔

پوپلش۔ منسوب بہ پاپاے روم۔
پوٹاش (پٹاش)۔ سجی۔ کھار۔
پوپری۔ دیکھو پڑپیڈری۔
پوڈر۔ سفوف۔ گن پوڈر۔ بارود۔
پوور۔ مفلس۔ محتاج۔
پورٹ۔ ایک قسم کی شراب۔ بندر یعنی دریا کنارہ کا
شہر یا قصبہ جہان جہازات ٹھہرتے ہون۔
پورٹر۔ دربان۔ ایک قسم کی شراب۔
پورٹریٹ۔ تصویر کسی آدمی علی الخصوص چہرہ کی
پوسٹ۔ چوکی۔ ڈاک۔ ریٹرن پوسٹ۔ ڈاک
واپسی یعنی جس چٹھی مین ڈاک واپسی کا حوالہ دیا گیا ہو
اوسکے پہونچنے کے بعد سب کے پہلے جو ڈاک مکتوب الیہ کے
مقام سے کاتب کے مقام کو روانہ کیجاے۔
پوسٹ آفس۔ ڈاکخانہ۔
پوسٹ پیڈ۔ ادا کردہ شدہ (یعنی ٹکٹ چسپان)
پوسٹل گائیڈ۔ ڈاکخانون کے حالات کی کتاب۔
ہدایتنامہ محکمہ ڈاک۔
پوسٹمارٹم۔ مردہ کی لاش چیر کر سبب وفات کی تحقیقات
کرنا۔
پوسٹ ماسٹر۔ افسر ڈاکخانہ۔ ڈپٹی پوسٹماسٹر
ڈاک محرر۔ چھوٹے ڈاکخانون کا افسر۔
پول۔ تالاب۔
پولٹس۔ دیکھو پلٹس۔

پولس - دیکھو پولیس -

پولیٹکل - تمدنی - متعلق سیاست مدن -

پولیس - تھانہ کے سپاہی - (برخلاف سپاہ جنگی)

پونڈ (سکہ) - انگلستان کا ایک نقرئی سکہ جو اصل میں عہ کے برابر ہی مگر نرخ بٹہ کے انقلاب سے کبھی عہ اور کبھی للعہ کا محسوب ہوتا ہی -

پونڈ (وزن) - وزن کا ایک انگریزی بہ جو نمبری آدہ سیر کے قریب قریب ہوتا ہی -

پونیر - دیکھو پائنیر -

پوئیٹ - شاعر -

پوئیٹری - نظم (ضد نثر)

پوئیٹ لاریٹ ملک الشعرا -

پوئیم - مثنوی - کلام نظم -

پے - تنخواہ - مشاہرہ -

پی - انگریزی کا سولھوان[16] حرف جو پ کا فائدہ دیتا ہی

پیانو - ایک قسم کا مشہور انگریزی باجہ -

پیپ پیپا اسموکنگ پیپ - دیکھو اسموکنگ -

پیپر - کاغذ -

پیپر مل - کاغذسازی کی کل - لکھنؤ والون نے اپر انڈیا پیپر مل کمپنی کے کارخانہ کا نام پتلی گھر رکھا ہی -

پیپرمنٹ - دیکھو پپرمنٹ -

پیپر منی - کاغذ زر - نوٹ -

پیتھالوجی - علم تشخیص مرض - طب نظری -

پیٹرن - سرپست -

پیٹرول - فوجی گرداوری - غنیم کی سراغرسانی -

پیٹرولنگ آفیسر - فوجی گرداوری کی سپاہ کا افسر

پیٹری آرچ - یہودیون کے قبیلہ کا سردار - بطریق اسی کا معرب ہی -

پیٹریاٹک - حب الوطنی کے متعلق -

پیٹریٹ - وطن دوست - ایک اخبار ہنڈو پیٹریٹ (ہندوستانیون کا دوست) کے نام سے جاری ہی -

پیٹنٹ - شاہی سند پائے ہوے - رجسٹری شدہ -

پیج - صفحہ کتاب - نایٹ لوگون کا ہمراہی جس کو اسکوایر کا خطاب ہوتا ہی اور اسی خطاب سے بالعموم ہر شخص جسکی معمولی حیثیت درست ہو مخاطب کیا جا سکتا ہی -

پیڈ - ادا کردہ شدہ - محصول ادا کردہ شدہ -

پیر - امراے انگلستان کا لقب - دیکھو لارڈ -

پیرا - مخفف پیراگراف -

پیرا فریز - ترکیب نحوی -

پیراگراف - فقرہ - مطلب جو ایک سلسلہ مین بیان کیا جائے

پیرڈ - صف آرائی - پیریڈ اسی کا جمع ہی

پیرش - محلہ یا پورہ - ایک پادری کی عملداری مین جو آبادی واقع ہو - انگلستان مین کلیسائی حکومت کے جس طور پر تقسیم ہوا ہو اسکے بموجب ادنی ترین حصہ ملک

پیریاڈکل۔ رسالہ موقت شیوع۔ ماہواری یا سہ ماہی یا ششماہی رسالے۔

پیس۔ ٹکڑا۔ تھان۔

پیس۔ امن وامان۔ صلح۔

پیس۔ پیسا۔

پیس۔ قدم۔

پیسٹر۔ ایک سکہ جو مختلف ملکون مین مختلف مالیت کا چلتا ہی۔ سلطنت روم کا پیسٹر ڈیڑہ آنے کا ہی اور اطالیہ کا پیسٹر سوا روپیہ کا ہوتا ہی

پیسنجر ٹرین۔ مسافرون کی ریل گاڑی (برخلاف مال گاڑی و ڈاک گاڑی وغیرہ)

پیسیفک اوشن۔ بحر الکاہل۔ وہ سمندر جو ملک چین کے مشرق جانب واقع ہی۔ ملک جاپان اسی سمندر کے اندر کا جزیرہ ہی۔

پیشنٹ۔ مریض۔ مستعلج۔

پیکٹ۔ کاغذ و کتاب وغیرہ کا پلندہ جو قید ک لگا کر ڈاک میں روانہ کیا جاے۔ اسمین دس تولہ پر دو پیسہ محصول لگتا ہی

پیکج۔ گٹھہ۔ پلندہ

پے ماسٹر۔ بخشی۔ عملہ تقسیم تنخواہ۔

پمفلٹ۔ کوئی کاغذ یا کتاب جو کھلے ہوے لفافے مین ڈاک میں روانہ کیجاے۔ کوئی مختصر اور عارضی چھوٹی کتاب یا رسالہ

پینٹلون۔ پاجامہ۔ پتلون اسی کا مھند ہی۔

پینل کوڈ۔ مجموعہ تعزیرات۔ انڈین پینل کوڈ مجموعہ تعزیرات ہند۔

پینیر۔ دیکھو پائنیر۔

پیوپل۔ شاگرد۔ مردمک یعنی پتلی۔

پیورٹن۔ عیسائی مذہب کا ایک فرقہ جس نے ملکہ الزبتھ کے زمانہ مین کلیسا ے انگلستان سے مخالفت کی تھی۔ یہ فرقہ از بس متعصب المذہب ہی اس لفظ کے معنی باصطلاح خاص خارجی یا منکر کے بھی ہو سکتے ہین۔

پیون۔ چپراسی۔ ڈاکیہ۔

پیونیر۔ دیکھو پائنیر

ت

(تاے فوقانی)

ٹارپیڈو (ٹا)۔ ایک قسم کی کل جو پانی کے نیچے نیچے کوسون چلی جاتی ہی اور جہازات کے تباہ کرنے مین سرنگ کا کام دیتی ہی۔

تھاروفیر۔ شارع عام۔ نوتھاروفیر۔ یہ فقرہ اکثر انگریزی کوٹھیون اور مکانون کے پھاٹکون پر تختی مین لکھا ہوا آویزان رہتا ہی۔ اوسکے معنی یہ ہین کہ یہ راستہ عام نہین ہی یعنی سواے بعض خاص آدمیون کے جو اوس مکان کے اندر کچھ ضرورت رکھتے ہون اور اوسکے مجاز ہون باقی سب لوگ

عام کیطرح ہر شخص پیدل خواہ بذریعہ سواری اوسطرفسے
ہو کر نکل نہین سکتا ہی۔
تھیٹر۔ ناٹک کا تماشہ۔ انگریزی بھانڈون کا جلسہ
ان جلسون مین مہمل واہیات خلاف تہذیب باتین
بہت کم ہوتی ہین بلکہ کسی داستان یا قصہ کی اصل کیفیت
بذریعہ نقل دکھائی جاتی ہی اور اوسکے لیے اعلیٰ درجہ کے
انگلش انشاپردازون کی کتابین موجود ہین جو ڈرامہ
اور اون کے مصنفین ڈرامیٹسٹ کہلاتے ہین۔
مغربی ملکون کے تھیٹرون مین اور بھی اعلیٰ درجہ کی
باتین ہوتی ہین وہان ملکی معاملات اور پارلیمنٹ کے
مباحثے تھیٹرون مین پیش ہوتے ہین اور ان کے
ذریعہ سے عوام پر اثر پیدا کیا جاتا ہی۔ یہ تھیٹر گویا مثل
پنچ اخبارون کے ہوتے ہین۔ فرق صرف اسقدر ہوتا ہی
کہ اخبارات ظریف تحریر کے ذریعہ سے آزادانہ راے
ظاہر کرتے ہین اور تھیٹر والے تقریر اور نقل کے
ذریعہ سے وہی صورت کھینچ دیتے ہین۔ تھیٹرون
کے جلسے مفید اور قابل دید ہوتے ہین۔
تھرٹی۔ تیس۔
تھرڈ۔ تیسرا۔
تھریشنگ مشین۔ خوشہ سے غلہ نکالنے کی کل۔
تھرمامیٹر۔ آلہ مقیاس الموسم۔ ایک چھوٹا آلہ جو
عموماً ایک بالشت لمبا اور دو ڈھائی اونگل چوڑا ہوتا ہی
اسکے اندر ایک شیشہ کی نلی رکھی ہوتی ہی جسکے نیچے ایک
شیشہ کا گول خزانہ اوسی نلی سے ملصق بنا ہوتا ہی۔ اس
خزانہ مین پارہ بھرا رہتا ہی اور نلی کے برابر برابر اوپر تک
ہندسے لکھے ہوتے ہین۔ چونکہ نلی ہوا سے خالی کر لیجاتی ہی
اس سبب سے جیسی گرمی یا سردی ہوتی ہی اوسکے مطابق
پارہ وقتاً فوقتاً چڑھتا اوترتا رہتا ہی اور اوسی سے حرارت
و برودت کا اندازہ کیا جاتا ہی۔
تھرون۔ تخت شاہی۔
تھرون اسپیچ۔ تقریر منجانب تخت شاہی۔ انگلستان مین
ملکہ معظمہ کی اسپیچ تھرون اسپیچ کہلاتی ہی۔ پارلیمنٹ
مین تخت کیجانب سے جو اسپیچ دیجاتی ہی گو وزرا کی تیار
کی ہوئی ہوتی ہی اور وہی لوگ پڑھتے بھی ہین۔ لیکن قانوناً
شاہنشاہ وقت کی تقریر کہلاتی ہی۔
تھوزینڈ۔ ہزار۔
تھیاسوفسٹ (سفسٹ)۔ دیکھو تھیاسوفی۔
تھیاسوفی (تھیاسفی)۔ ایک مذہب جس کو
میڈم بلویٹسکی اور کرنل الکاٹ نے ہندوستان مین
رواج دینے کی کوشش کی۔ گو ایک اعتبار سے وہ
بھی داخل تصوف تھا لیکن اوسکے مقاصد کے بیان مین
اسقدر اختلاف ہوا ہی اور بعض اشخاص نے اوسکی ایسی
تردید اور تضحیک کی کہ اب اوسکی کوئی خاص تعریف
نہین ہوسکتی۔ بہر حال اس مذہب کو ہندو اور مسلمان
دونون فرقون کے اکثر لوگون نے قبول کیا اور اوسکے
عام مقاصد یہ بیان کیے گئے کہ مسلمان ہندو عیسائی

بودھ ہر ایک مذہب کے لوگ ایک ہوجائیں اور آپس میں
میل جول سے بسر کریں اور زبان سنسکرت (اور بعض
موقعوں پر عربی) کو ترقی دیں۔ اس مذہب کے قبول کرنیوالے
تھیاسوفیسٹ کہلاتے ہیں۔
تھیالوجی۔ الہیات۔
تھینکس۔ شکریہ۔ شکرگزاری۔
تھینکس یو۔ جس موقع پر ہم لوگ بندگی یا تسلیم
اظہار شکرگزاری کے لیے کہتے ہیں وہاں انگریزوں میں
یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔
تھیورم۔ اقلیدس کی شکل عملی۔

ٹ

(تائے ہندی)

ٹاپ۔ لٹو۔ نوک۔ چوٹی (بمعنی منتہائے بلندی)
ٹاپوگرافی۔ تذکرۃ البلاد۔
ٹاٹری۔ ملک تاتار۔ ترکمانوں کا ملک۔ توران۔
ٹارپیڈو۔ دیکھو تارپیڈو۔
ٹارٹرک ایسڈ۔ املی کا ست۔ دیکھو ایسڈ۔
ٹانک۔ دوائے مقوی۔ مقوی شے۔
[illegible]۔ برج۔
ٹاون۔ دیکھو [illegible]۔
ٹائلٹ۔ سنگار۔ بناؤ۔
ٹائلٹ ٹیبل۔ سنگار میز۔
ٹائلٹ سوپ۔ منہ میں ملنے اور ہاتھ پاؤں دھونے کا
عمدہ صابون۔
ٹیفن۔ دیکھو ٹفن۔
ٹرافک۔ آمدورفت۔
ٹرایل۔ مقدمہ فوجداری کی سماعت و تحقیقات
آزمایش۔ امتحان۔
ٹرسٹ۔ امانت دار۔ معتمد علیہ۔ متولی۔
ٹرسٹی شپ۔ تولیت۔
ٹرگنامیٹری۔ علم مثلث۔
ٹرم۔ میقات۔ مدت۔ زمانہ۔ وقت مقررہ۔ شرط۔
مدت درس یا مدت اجلاس عدالت کا ایک معین حصہ
ٹرمنس۔ منتہی۔ کنارہ۔ ریلوے ٹرمنس۔
وہ مقام جہاں ریل کی سڑک ختم ہو جاوے۔
ٹروپ۔ ترپ اسی لفظ سے بنا ہے۔ فوج کا حصہ
سواروں کی جماعت۔
ٹروپر۔ فوجی سوار۔
ٹرائب۔ قبیلہ۔ فرقہ۔ جرگہ۔
ٹریٹوری۔ علاقہ۔ ملک۔
ٹریجڈی۔ وہ قصہ یا افسانہ جس کا انجام غمناک
ہو۔ برخلاف کامیڈی جس کا انجام فرحناک ہو۔
ٹریڈ۔ تجارت۔ بیوپار۔ بورڈ آف ٹریڈ۔ مجلس تجارت
ٹریڈس مین۔ تاجر۔ بیوپاری۔
ٹریڈ مارک۔ علامت یا نشان حرفہ۔
ٹریژرر۔ خزانچی۔

ٹریژری - خزانہ -

ٹرمیکار - گھوڑا گاڑی جو ریل کے ادنیٰ درجہ کی سڑک پر چلائی جاے -

ٹریم وے - ادنیٰ درجہ کی سڑک ریل جس پر گھوڑا گاڑی بڑے شہرون مین چلتی ہو -

ٹرین - گاڑیون کا سلسلہ - ریل گاڑی آپ ٹرین - جانے والی یا کسی صدر مقام سے چلنے والی گاڑی - روانگی کی گاڑی - اسپشل ٹرین - دیکھو اسپشل - اکسپرس ٹرین - دیکھو اکسپرس - ڈون ٹرین - آنے والی یا کسی صدر مقام مین پہونچنے والی گاڑی - واپسی گاڑی - سیج ٹرین - توپون کی قطار - قلعہ شکن توپخانہ - گڈس ٹرین - مال گاڑی - مکسڈ ٹرین - مسافرون اور ڈاک کی مشترک گاڑی - میل ٹرین - ڈاک گاڑی -

ٹرنسلیٹر - مترجم -

ٹرنسلیشن - ترجمہ -

ٹرنسفر - انتقال - تبدیلی -

ٹرنیگل - مثلث -

ٹریولر - مسافر - دی ٹریولر - ایک مشہور انگریزی مثنوی کا نام ہو -

ٹریولنگ الاونس - زاد راہ - سفر خرچ -

ٹسٹ - کسوٹی - معیار - آزمایش -

ٹسٹ اگزامنیشن - آزمایشی یا ابتدائی امتحان جو اس بات کے جانچنے کے لیے لیا جاے کہ امیدوارون مین سے کون کون طلبا اصل امتحان مین شریک ہونیکی قابلیت رکھتے ہین -

ٹسٹمنٹ - کتاب اللہ - کلام ربانی - اوڈ لڈ ٹسٹمنٹ - دیکھو اولڈ - نیو ٹسٹمنٹ - انجیل -

ٹسٹی مونی - شہادت - اور ل - زبانی -

ٹفن - دوپہر کے بعد کا کھانا جو پانی پینے کے طور پر کھایا جاے -

ٹکٹ (ٹکٹ) - محصول ادا کرنیکی سند - ایک پرزا جس پر چھپا یا لکھا رہتا ہو کہ فلان امر کا محصول اسقدر ہی او سکا خرید کر لینا محصول ادا کرنے کے برابر ہے

ٹکس } محصول خراج - ابواب - مطالبہ سرکاری
ٹکس } اصل لفظ ٹیکس -

ٹکنکل - اصطلاحی - خاص کسی خاص فن یا پیشہ کے متعلق -

ٹکنکل اجوکیشن - تعلیم فنون صنعت و حرفت یا خاص خاص ہنر کی تعلیم -

ٹکنکل اسکول - مدرسہ فنون صنعت و حرفت یا خاص ہنر کا مدرسہ -

ٹلسکوپ - دوربین -

ٹلیفون - باتین کرنیکی تار برقی جسکے ذریعے ایک مقام کا آدمی دوسرے مقام کے آدمی سے صد ہا کوس کے فاصلہ پر اسطرح باتین کر سکتا ہو کہ

دوسرے کی آواز کو بخوبی پہچان سکے - امرا اور وزرا کے یوروپ کے مکانون اور سرکاری محکمون مین یہ تار کثرت سے جاری ہے -

ٹلیگراف - علامات سے خبر پہونچانے کا آلہ - برقی تار - عربی اخبارون مین اسکا معرب طلغراف مستعمل ہے -

ٹلیگرام - وہ خبر جو تار پر آئی ہو - تار برقی -

ٹمپرمنٹ - مزاج - خصلت - نفوس انسانی کی مجموعی حالت

ٹمپریٹ - معتدل - معتدل المزاج - ٹمپریٹ زون دیکھو زون -

ٹمپرنس - اعتدال - علی الخصوص اعتدال آب و غذا سنجیدگی - پرہیزگاری خاص کر کے شراب سے

ٹمپرنس سوسایٹی - انجمن انسداد بادہ گساری

ٹمپریچر - موسم کی کیفیت باعتبار حرارت و برودت حرارت و برودت کے درجے -

ٹمپل - مندر - معبد - کنپٹی -

ٹن - ایک انگریزی پیمانہ وزن جو ۲۷ ¼ (سوا ستائیس) من نمبری کے برابر ہوتا ہے -

ٹن - ٹین جسکے بکس وغیرہ بنتے ہین او سکی اصلیت جست ہے -

ٹنکچر - عرق -

ٹنکچر آف اسٹیل - جوہر فولاد -

ٹوتھ - دانت -

ٹوٹل - میزان -

ٹوری - دیکھو کنسرویٹو -

ٹوسٹ - جام صحت یا خوشی کا پیالہ جو مغربی جلسون مین بادشاہ وقت یا اعلی حکام یا معزز مہمانو وغیرہ کے نام سے پیا جاتا ہے -

ٹون - اس لفظ مین بھی بعض اوقات کسیقدر شبہہ معلوم ہوتا ہے - اور سبب او سکا یہ ہے کہ اس لفظ کے اصل معنی قصبہ یعنی ایسے مقام کے ہین جسکی آبادی گانون یا پورہ سے زیادہ اور شہر سے کم ہو - مگر بعض صورتون مین ٹون کا لفظ محض شہر پر دلالت کرتا ہے پس یاد رہے کہ مفرد لفظ کے معنی قصبہ کے ہین مگر مرکبات مین شہر سے مراد لیجاتی ہے - مثلاً نیو پیسیڈ لنبی ٹون دیکھو نیو پیسیڈ لنبی -

ٹون ٹاک - وہ باتین جنکا شہر مین چرچا ہو - افواہ

ٹون کونسل - اہل شہر کی کونسل - ارباب مینوسپلٹی -

ٹون ہال - کسی شہر کا ایوان عام - سرکاری تقریبات کے انجام کے لیے ایک ایوان عام -

ٹی - چاے - ٹی پارٹی - جلسہ چاے نوشی جو کسی معزز مہمان کی دعوت کے طور پر کیا جاے -

ٹی - انگریزی کا بیسوان حرف جو ٹ کا فائدہ دیتا ہے -

ٹیبل - میز -

ٹیبل ٹاک - میز یعنی دسترخوان پر کی گفتگو - کلام ہنگام طعام - ہم لوگ جو اس اصول کے پیرو ہین کہ "اول طعام بعدہ کلام" ٹیبل ٹاک کے معنی بمشکل سمجھین گے - اہل مغرب مین جو مسئلہ "اول کلام بعدہ طعام" کے قائل ہین دستور ہے کہ عموماً کھانا پکا اور عام صحبتون مین کھاتے ہین کھانا آنیکے پیشتر اخبارات میز پر رکھے جاتے ہین اور لوگ اون کو پڑھتے اور مختلف معاملات پر بحث کرتے ہین - اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ جب کوئی نامی گرامی شخص ان صحبتون مین آجاتا ہے تو اوس سے اسپیچ کہلواتے ہین اور ضروری معاملات پر بحث کرتے ہین - یہ سب گفتگو اور مباحثہ جو میز کے پاس یعنی دسترخوان پر ہوتا ہے اوس کو ٹیبل ٹاک کہتے ہین -

ٹیبل کلاتھ - میز پوش - میز پر بچھانے کا رومال -

ٹیپ - سیسہ کے حروف جو ردیف وار علحدہ رکھے ہوتے ہین اور کسی کتاب کے چھاپنے کے وقت ایک خاص قسم کی پٹری پر ترتیب یکجا دیے جاتے ہین - اور بعد اوسکے آسانی سے کتاب چھاپ لیجاتی ہے -

سٹیریو ٹیپ چھاپنے کا سانچہ - لکڑی دھات علی الخصوص ٹین کی پٹری جسپر کسی کتاب کے صفحہ یا تصویر یا وغیرہ کا نقش زیادہ عرصہ یا بیشمار مقدار تک چھاپنے کے لیے بنوالیا گیا ہو اوسکو اخبار کی لوح ہی سٹیریو ٹیپ کہتے ہین - ٹیپ - فیتہ -

ٹیتھ - دانت (بصیغہ جمع)

ٹیتھنگ - دانت نکلنا -

ٹیٹل - خطاب - لقب - حق -

ٹیٹل پیج - صفحہ لقب یعنی تسمیہ کتاب - کتاب کے اوپر کا صفحہ جسمین نام و پتہ وغیرہ لکھا ہوتا ہے - لوح -

ٹیٹل ڈیڈ - دستاویز حقیت -

ٹیچر - معلم - مدرس - اُستاد -

ٹیٹنس } دیکھو اسٹیٹشن -
اٹیٹن }

ٹیفڈ } ایک قسم کی تپ جسمین اعضا شکنی
ٹیفوئیڈ } زیادہ ہوتی ہے اور دماغ پر گرمی چڑھ جاتی ہے -

ٹیکس - محصول - خراج - ابواب -

ٹیلر - درزی -

ٹیلرس شاپ - درزی کی دوکان -

ٹیم - وقت - ٹیٹم (بکسر اول و سکون ثانی) جو عوام مین مشہور ہے وہ اسی کا غلط العام ہے -

ٹیم پیس - ایک قسم کی گھڑی جو صرف وقت بتاتی ہے اور بجتی نہین ہے لیکن بجتی نہین ہوتی یہ گھڑیان میز پر رکھنے یا ایک ہی مکان مین مختلف مقامات اور مختلف پہلوؤن مین وقت کا اندازہ دریافت کرنے کے لیے استعمال کیجاتی ہین -

ٹیم ٹیبل - ضبط اوقات - نقشہ تقسیم اوقات - فہرست

ٹیمس - واقعات موجودہ - جو کچھ ہر وقت گذر رہا ہو - اکثر اخبارون کے نام مین یہ لفظ شامل رہتا ہو مثلاً - ٹیمس آف لنڈن - ٹیمس آف انڈیا - مدراس ٹیمس - رنگون ٹیمس - عربی مین ایک اخبار لسان الحال جاری ہو جو اس لفظ کا پورا ترجمہ ہو -

ٹیم کیپر - ایک قسم کی گھڑی جو محض وقت بتاتی ہو بجتی نہ ہو - دیکھو ٹیم پیس -

ٹیوب - نل - چونگا -

ٹیوٹانک - قدیم باشندگان ملک جرمنی کے متعلق - قدیم باشندگان ملک جرمنی کی زبان -

ٹیوٹر - اتالیق -

ٹیوٹنس - قدیم باشندگان ملک جرمن -

ج

(جیم معجمہ)

جاپان - ایک بڑا بھاری جزیرہ یا جزائر کا ملک جو ملک چین کے مشرق جانب بحر الکاہل مین واقع ہو - صنعت و حرفت مین اس ملک کے لوگ بڑی ترقی کر رہے ہین -

جاپانی بوٹ - سیر کرنے کی چھوٹی ڈونگی -

جاپنیری - دیکھو جنوبینٹری -

جان - جوان یونان خواہ عیسائیون کا بہت مروج اور علم درجہ کے لوگون کا نام - جان بل -

دیکھو بُل - اسکے لفظی معنی رحمت اللہ کے ہوے

جانڈس - یرقان -

جج - قاضی - یا مفتی - انصاف کرنے والا - دیوانی اور فوجداری عدالتون کا اعلیٰ حاکم - ججون کے صنف مختلف ہوتے ہین - مثلاً ڈسٹرکٹ جج - جج ضلع - سبارڈنیٹ یا سب جج - جج ماتحت - سشن جج - جج دورہ - ہائی کورٹ جج - جج ہائی کورٹ -

ججمنٹ - تجویز -

ججمنٹ ڈٹر - مدیون ڈگری -

ججی - جج کی عدالت - یہ لفظ فارسی کے قاعدہ سے بنایا گیا ہو -

جرنل - روزنامچہ - اخبار -

جسٹس - عدل - انصاف - حاکم عدالت گستر تمام ادنیٰ ججان ہائی کورٹ مسٹر جسٹس کے لقب سے ملقب کیے جاتے ہین - اور ہائی کورٹ کے ججون کا افسر اعلیٰ چیف جسٹس کہلاتا ہو -

جسٹس آف دی پیس - وہ عہدہ دار جسکو معدلت عامہ کی حفاظت سپرد ہو -

جمناسٹک - ورزش - کثرت - کشتی اور فنون کے تماشہ کی مشق - یہ فن وہ ہو جو بڑے مدرسون مین لڑکون کو اس غرض سے تعلیم کیا جاتا ہو کہ وہ کاہل اور سست نہونے پائین بلکہ تیز و چالاک اور قوی و توانا رہین -

جمناسٹک ماسٹر - جمناسٹک کا تعلیم کرنیوالا -

جن - ایک قسم کی تیز شراب -

جنٹ - دیکھو جوائینٹ -

جنٹلمین - وہ شخص جسکی حیثیت عرفی درست ہو - بھلا مانس - شریف -

جنجر - ادرک -

جنرل - کل - کلیہ - عام - اعلیٰ افسر - صیغہ فوج کا ایک اعلیٰ عہدہ دار یعنی سپہ سالار - مرکبات میں یہ لفظ علویت کا فائدہ دیتا ہی مثلاً گورنر جنرل - حاکم اعلیٰ - وزیر یا اڈ جنرل وغیرہ

جنوری - انگریزی کا پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہی

جنیوا - ملک اطالیہ کا ایک شہر جہان کی گھڑیان مشہور ہین - ایک قسم کی شراب -

جوائینٹ - مددگار - شریک - اجمالی - اسکا تلفظ جنٹ بھی کیا جاتا ہی -

جوائینٹ فیملی - خاندان اجمالی -

جوجوب - عناب - رب عناب -

جوڈیشل - متعلق عدالت - متعلق انصاف -

جوڈیشل کمشنر - کسی صوبہ کی اعلیٰ عدالت انصاف کا افسر مثلاً ملک اودہ کی عدالت جوڈیشل الہ آباد کے ہائی کورٹ کے برابر ہی جسکی اپیل کی ولایت مین سماعت ہوتی ہی - عجب نہین اس کتاب کے ... [illegible]

جورسپروڈنس - فقہ -

جورسٹ - فقیہ - مقنن - رسالہ قانونی -

جورسڈکشن - اختیار سماعت -

جوری - ثالث عدالت - انگریزی اسیسر -

جولائی - انگریزی سال کا ساتوان مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہی -

جون - انگریزی سال کا چھٹا مہینہ ۳۰ دن کا ہوتا ہی -

جونیر - ادنیٰ - ادنیٰ درجہ کا - دیہی مدرسون کے ادنیٰ امتحان کا درجہ - دیکھو سینیر -

جی - انگریزی الف بے کا ساتوان حرف جو کبھی جیم کبھی گاف اور کبھی غین کا فائدہ دیتا ہی -

جے - انگریزی کا دسوان حرف جو جیم کا فائدہ دیتا ہی -

جیاگرفی - جغرافیہ اسی یونانی لفظ کا معرب ہی

جیالوجسٹ - عالم علم جیالوجی - دیکھو جیالوجی

جیالوجکل - متعلق جیالوجی - دیکھو جیالوجی

جیالوجی - علم الارض -

جیل - قیدخانہ محبس - یہ لفظ اردو مین ایسا خلط ملط ہوگیا ہی کہ کلام شعرا مین بھی اوس کا استعمال ہوتا ہی -

جیلر - جیلخانہ کا محافظ ... [illegible]

جیلی - پتّا - ایک قسم کا لعاب جو مختلف میوہ جات سے مثل نارنگی و املی و امرود و شریفہ وغیرہ کے بنایا جاتا ہے - انگریزوں میں اس کا بہت استعمال ہوتا ہے۔

جینیالوجی - نسب نامہ - کرسی نامہ - شجرہ خاندانی۔

جیو - یہود -

جیومیٹری - اقلیدس -

چ
(جیم ہندی)

چاپٹر - فصل - باب -

چارٹر - سند - حق - فرمان -

چارٹر پارٹی - جہازی اقرار نامہ -

چارج - تحویل - ذمہ واری - جوابدہی - جرم - حساب - خرچ - کار مفوضہ - عہدہ - خدمت - کرایہ - ٹوٹیک چارج - چارج لینا یعنی اپنے ذمہ یا اپنی تحویل میں لینا - ٹومیک اوور چارج - چارج دینا - کام سونپنا -

چارکول - کوئلہ -

چاک - کھریا - کھریا مٹی

چانسری - پارلیمنٹ کے بعد سب سے اعلیٰ عدالت جس کا صدر نشین لارڈ چانسلر کہلاتا ہے۔

[illegible] محکمہ ... دیکھو چانسلر

چاپل - دیکھو چیپل -

[illegible]

پتہ جو ہنڈی کے طور پر بناکر بجائے حق کے پیا جاتا ہے۔

چرچ - کلیسا - انگلش چرچ - کلیسائے انگلستان - رومن چرچ - رومن یعنی پاپائے روم کا کلیسا جو رومن کیتھولک مذہب کا مخرج اور مرکز ہے۔

گریک چرچ - کلیسائے یونان -

چرچ آف انگلینڈ - کلیسائے انگلستان

چرچ مشن - سفارت کلیسائی - کلیسا کی جانب سے دوسرے ملکوں میں پادریوں کے جو گروہ اشاعت مذہب عیسوی کے لیے بھیجے جائیں -

چرچ مشن اسکول - چرچ مشن کا جاری کیا ہوا مدرسہ -

چیس - شطرنج -

چیس بورڈ - بساط -

چک - ہنڈی - رقعہ - رسید - بیاپ -

چک بک - کتاب اجرائے ہنڈیات - چک بک

چکن - چوزہ - مرغی کا بچہ

چمنی - دودکش - روشندان - لیمپ کے اوپر کا شیشہ

چیپل - کسی ضلع کا گرجا گھر

چیپلین - چیپل کا پادری -

چیر - کرسی -

چیریٹی - خیرات

چیریٹی فنڈ - سرمایہ خیرات یا [illegible]

[illegible]

یوروپین اشخاص مین تالیان بجائی جاتی ہین-

چیئرمین - میر مجلس -

چیریٹ - رتھ گاڑی -

چیز - پنیر -

چیف - اعلی - خاص - افسر -

چیف جسٹس - دیکھو جسٹس -

چیف کمشنر - کسی صوبہ کا اعلی حاکم - مثلاً چیف کمشنر اودہ و چیف کمشنر آسام -

چیف کورٹ - خاص عدالت - صدر عدالت - کسی صوبہ کی سب سے اعلی عدالت - مثلاً چیف کورٹ پنجاب -

چیمبر - کمرہ - کوٹھی - کچہری - مجلس شوری -

چیمبر آف ڈپوٹیز - مجلس مبعوثان فرانس -

چیمبر آف کامرس - انجمن تجارت -

چیمبرلین - دربان - حاجب -

چیمبر میڈ - خادمہ خوابگاہ -

چین - زنجیر - گھڑی کی زنجیر -

چینا - ملک چین - چینی ظروف -

چینسری - دیکھو چانسری -

چینسلر - صدر دیوان - (لارڈ چینسلر) -

چینسلر آف دی اکسچکر - دیوان خالصہ -

چینل - نالہ - سمندر کا حصہ جسکے دو طرف خشکی ہو اور درمیان مین بطور آبنائے کے نکل گیا ہو لیکن آبنائے کی نسبت زیادہ وسعت رکھتا ہو -

چینیز - اہل چین - زبان چین - متعلقہ ملک یا سلطنت چین -

د

(دال مہملہ)

ڈرجن - دیکھو ڈزن -

دسمبر (ڈیسمبر) - انگریزی سال کا آٹھوان مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے -

دی - حرف تخصیص جو عربی کے آل کا فائدہ دیتا ہے دریاؤن پہاڑون جھیلون جہازون و اخبارون وغیرہ کے نام کے قبل یہ کلمہ ضرور آتا ہے - مثلاً کابل سے دار الامارت افغانستان سمجھا جاوے گا اور دی کابل سے دریائے کابل تصور کیا جاوے - اسیطرح پائونیر کے معنی بیدار کے ہین اور دی پائونیر سے الہ آباد کا اخبار سمجھا جاوے گا -

ڈ

(دال ہندی)

ڈارون - ایک مشہور مغربی حکیم - دیکھو ایپ -

ڈارونزم - ڈارون کا مذہب -

ڈارونزم تھیوری - ڈارون کا اصول - دیکھو لفظ ایپ -

ڈاکٹ (کٹ) - مختصر سرکاری چٹھی جو حسب ضابطہ معینہ لکھی گئی ہو -

ڈاکٹر - معالج - عالم - وہ شخص جس نے علم ادب

خواہ علم حکمت خواہ طبابت خواہ جراحی مین اعلیٰ درجہ کا کمال حاصل کیا ہو۔ مجازاً بمعنی طبیب۔ طبیب کو اصل مین ڈاکٹر آف مڈیسن، کہنا چاہیے۔

ڈاکیارڈ۔ وہ جگہ جہان جہاز بنانے کا سامان جمع کیا جاوے

ڈاگ کتا۔ بُل ڈاگ شکاری کتا جو گلڈ انک کے نام سے مشہور ہی اوسکا تسمیہ اسی لفظ کا غلط العام ہی

ڈاگ کارٹ۔ ایک ہلکی گاڑی جسمین صرف ایک گھوڑا جوتا جاتا ہی۔ دیکھو لفظ ڈاگ اور کارٹ۔

ڈالر۔ یونائٹڈ اسٹیٹس یعنی ممالک متحدہ امریکہ اور ملک مکسیکو واقع امریکہ اور ملک اسپین وغیرہ کا ایک نقرئی سکہ چار ڈھائی روپیہ سے لیکر تین روپیہ تک کا ہوتا ہی

ڈاون
ڈاون شرین
ڈائجسٹ
ڈائرکٹر
ڈائرکٹری

ان سب لفظون کو بالالف بعد ڈ دیکھنا چاہیے۔

ڈائری۔ روزنامچہ۔ سادی جنتری۔ یادداشت۔

ڈائنامیٹ۔ دیکھو ڈینامیٹ۔

ڈبٹ۔ خرچ مین لکھنا۔ دیکھو آکونٹ۔

ڈبل (جو اردو مین ڈبل مشہور ہی) دو چند۔ دونا۔ دوہرا۔ بعد ازان اس لفظ کو سنگین اور موٹی اور گندہ کے معنی مین بھی استعمال کرتے ہین

ڈبلو (ڈبلیو)۔ انگریزی کا تیئیسوان حرف جو واو کا فائدہ دیتا ہی۔ عوام اس لفظ کو سند وکالت کے معنی مین بھی استعمال کرتے ہین۔ اور اوس صورت مین اس لفظ کو ڈپلوما کا غلط العام سمجھنا چاہیے۔

ڈبلوما۔ دیکھو ڈپلوما۔

ڈبلیو۔ انگریزی کا تیئیسوان حرف۔ دیکھو ڈبلو۔

ڈبنچر۔ اقرارنامہ جات۔ تمسکات و کفالت نامہ جات قرضہ

ڈپارٹمنٹ۔ محکمہ۔ صیغہ۔

ڈپازٹ۔ روپیہ کا جمع کرنا۔ دھروہر۔

ڈپازٹ بک۔ دھروہر بہی۔ ڈاکخانہ مین روپیہ جمع کرنے کی کتاب۔

ڈپٹی۔ (ڈپیوٹی) نائب۔ دیکھو ڈپٹی انسپکٹر اس لفظ کے مرکبات بہت ہین جنکو علحدہ علحدہ مقرر آمین دیکھنا چاہیے

ڈپلوما۔ کسی بات کی اجازت رعایت اختیار یا عزت ولیاقت کی سند۔ ڈبلو اور ڈبلوما اسیکا غلط العام

ڈپلومیٹک۔ منسوب بہ ڈپلومیسی۔

ڈپلومیسی۔ ملکی وکالت۔ معاملہ فہمی۔ ایلچی گری۔ معاملہ رسی۔ کسی سلطنت کے مدبرون کا دوسری سلطنت کے مدبرون سے گفتگو کرکے زیرکی ہوشیاری بلکہ چالاکی اور عیاری کے ساتھ معاملات کے سطور پر طے کرنیکی کوشش کرنا کہ اپنی سلطنت کو فائدہ پہونچے اور دوسری سلطنت سے دوستانہ تعلق قائم رہے۔

ڈپو۔ کسی شے کے بھرتی کا مقام۔ بنک جمع۔ کتابون کا گدام۔

ڈیوٹی - دیکھو ڈیپٹی -
ڈپوٹیشن - دیکھو لفظ مابعد -
ڈیپوٹیشن - نیابت - وکالت - وہ لوگ جو کسی شہر کے باشندون یا کسی دوسری جماعت کیطرفسے اوسکے نائب بن کر کسی خدمت کو ادا کرنے علی الخصوص کسی درخواست یا عرضداشت کو پیش کرنے جائین -
ڈِٹ - دین -
ڈِٹر - مدیون - دیکھو ججمنٹ ڈٹر -
ڈچ - ملک ہالینڈ کے باشندے اور اون کی زبان -
ڈچز - ڈیوک کی بی بی - دیکھو ڈیوک -
ڈیڈ لیٹر - لاوارثی خط -
ڈیڈ لیٹر آفس - لاوارثی چٹھیون کا دفتر -
ڈیڈ لینگویج - زبان مردہ - زبان متروک الرواج -
ڈرابرج - تختہ پل -
ڈراپسی - جلندھر - استسقا -
ڈراگون - دیکھو ڈریگون -
ڈراما - سوانگ - نقل - ناٹک - دیکھو تھیئٹر -
ڈرامیٹسٹ - مصنف ڈراما - دیکھو تھیئٹر -
ڈرائنگ - قرعہ اندازی - دیکھو لاٹری - نقشہ کشی -
ڈرائنگ روم - ملاقات کا کمرہ -
ڈریس - کپڑا - پوشاک -
ڈریسنگ روم - کپڑے پہننے کا کمرہ -
ڈرگ - دوا - بوٹی -
ڈرگسٹ - دوا فروش - پنساری -
ڈرل - فوجی تعلیم -
ڈرل سارجینٹ - ایک غیر کمیشن یافتہ افسر جو سپاہیون کو فوجی تعلیم دیتا ہے -
ڈرفٹ - مسودہ - خاکہ -
ڈرفٹسمین - عمارتون وغیرہ کے خاکے یا نقشے بنانے والا -
ڈریگون - وہ سپاہی جنکو سوار اور پیدل دونون قسم کی فوجی تعلیم دیگئی ہو -
ڈریور - ہانکنے والا - چلانے والا - انجن ڈرایور - ریل گاڑی بان -
ڈزن - ۱۲ عدد - درجن اسی کا مہند ہے -
ڈسپاٹک - خودسر - خودمختار -
ڈسپنسری - خیراتی شفاخانہ یا دواخانہ -
ڈسپیچ - روانگی - ارسال -
ڈسٹرکٹ - ضلع - کسی صوبہ کی قسمت کا حصہ -
ڈسکلیمر - لادعوی - ابراء نامہ - فارغخطی -
ڈسمبر - جو دسمبر کے نام سے مشہور ہے - دیکھو دسمبر
ڈسمس - خارج کرنا - ممنوع کرنا - برخاست کرنا - موقوف کرنا -
ڈسنٹری - پیچش -
ڈسنیل - دہ سالہ -
ڈسنیل سٹلمنٹ - دہ سالہ بندوبست -

ڈش - ظرف طعام - وطعام ظرف -

ڈفالٹر - خاطی - قصوروار - باقیدار - قسط خلافی کرنے والا -

ڈفنڈنٹ - مدعا علیہ - جوابدہ -

ڈفنس - جوابدہی - مدافعت یعنی وہ جنگ جو اپنے بچانیکے لیے کیجاے برخلاف اوفنس یعنی اوس جنگ کے جو غنیم کو ضرر پہونچانیکے لیے کیجاے -

ڈگری - حکم - فرمان - ڈگری جو بہت مشہور اور مروج ہے

ڈگری ہولڈر - ڈگریدار -

ڈکشنری - فرہنگ -

ڈکلریشن - اعلان - اظہار - قرارداد -

ڈکمپوز - کسی شی کے اجزا ترکیب کیمیائی سے متفرق کرنا - تجزیہ کرنا -

ڈکمپوزیشن - تجزیہ :

ڈگری - دیکھو ڈگری -

ڈگریڈ - تنزل - درجہ سے اوتارنا -

ڈگری ہولڈر - دیکھو ڈگری ہولڈر -

ڈکشنری - دیکھو ڈکشنری -

ڈلیگیٹ - وہ شخص جو کسی جماعت کیطرف سے وکالت کرنے کے لیے نیابتہً بھیجا گیا ہو - انڈین ڈلیگیٹس - اون اشخاص سے مراد ہی جو ہندوستان کیجانب سے پارلیمنٹ انگلستان مین ضروری معاملات کرنے کیواسطے [illegible] کا اثر [illegible] کرے گا کسی

دوسرے ملک مین اسیطرحکے کسی دوسرے کام کے لیے روانہ کیے گئے ہون

ڈلیوری - دہانید - تفویض - حوالگی - چٹھیونکا مکتوب الیہم کے پاس پہونچانا منی آرڈر اور پارسل وغیرہ کا مرسل الیہم کو ملنا - ریل کے چالانی مال کا چھوٹنا یہ سب امور داخل ڈلیوری ہین -

ڈنٹسٹ - دندان ساز -

ڈنکی - خچر - گدھا (جانور) گدھا (بمعنی احمق)

ڈنمارک - یوروپ کا ایک ملک -

ڈواپن - دیکھو ڈوپن -

ڈوکیٹ - یوروپ کے بعض ملکون کا ایک نقرئی سکہ جو تین روپیہ کے برابر ہوتا ہی - اس نام کا طلائی سکہ مالیت مین نقرئی سکہ کا چہارچند ہی -

ڈومسٹک (ڈمسٹک) خانگی - اندرونی نج کا - داخلہ (بمقابلہ خارجہ) -

ڈومس ڈے - روز قیامت - روز محشر -

ڈومیسیل - اشخاص تارک الوطن - مہاجر - وہ لوگ جو پردیس مین جاکر اقامت گزین ہون -

ڈون - نیچے - میدان ڈوون ٹرین - دیکھو ٹرین -

ڈونیشن - یکمشت روپیہ جو کسی امر رفاہ خلائق کے لیے یا خاص عنایت یا اعانت کے طور پر دیا جاے - عطیہ - دان -

ڈویڈنڈ - منافع یا سود کا حصہ - کسی کارخانہ یا اپنی ملکیت [illegible] سے منافع جو باہم تقسیم ہونیکے لیے

حساب کرکے نکالا جاے -

ڈویژن - تقسیم - تقسیم کا حساب - قسمت - فوج کا حصہ -

ڈوئیل - رقیبانہ جنگ - دو رقیبوں کے مابین برابری کی لڑائی - وارا نیارا -

ڈوین - آسمانی - غیبی - ربانی - رحمانی -

ڈی - انگریزی کا چوتھا حرف جو ڈ کا فائدہ دیتا ہی -

ڈے - دن - گڈ ڈے - اچھا دن - کلمۂ صاحب سلامت

ڈیٹ - تاریخ ماہ - کھجور - رطب -

ڈیجسٹ - خلاصہ - ڈیجسٹ آف انڈین لا - خلاصۂ نظایر ہند - اشخاص قانون پیشہ اس کتاب کے نام سے خوب واقف ہیں -

ڈیڈ - دستاویز - تحریر -

ڈیر - پیارے - مہربان - عزیز الوجود - مائی ڈیر - جان من - میرے پیارے - اسکا اطلاق اکثر بچے پر ہوتا ہی ورنہ اس لفظ کے ساتھ دوسرا نام استعمال کرتے ہیں -

ڈیر سر - شفیق من - پیارے حضرت - انگریزی میں معمولی القاب سر ہی ڈیر کے ملانے سے کسیقدر خصوصیت ظاہر ہوتی ہی -

ڈیرکٹر - ہادی - نگران - مہتمم - دیکھو لفظ انسٹرکشن -

ڈیرکٹری - جنتری - ضروری حالات اور ضروری امور اور روزمرہ کے ضروری معاملات کا ہدایت نامہ -

ڈیکن - پادریوں کا ایک نیچا درجہ -

ڈیلٹا - خشکی کا وہ حصہ جو مثلث کی شکل پانی سے گھرا ہو - دریا جس مقام پر سمندر میں جاگرتا ہی وہاں اس شکل کی زمین اکثر بنجاتی ہی -

ڈیلی - روزانہ - یومیہ -

ڈیلی نیوز - روزانہ اخبار - انڈین ڈیلی نیوز اس نام کا ایک اخبار کلکتہ سے شائع ہوتا ہی - لنڈن ڈیلی نیوز لندن سے شائع ہوتا ہی -

ڈیم - ایک گالی ہی - ڈیم فول بھی کہتے ہیں - لفظی معنی ڈیم کے "و بچہ دار مادہ" ہی -

ڈیمی - نصف - آدھا - ڈیمی آفیشل - نیم سرکاری -

ڈین - پادریوں کا ایک درجہ -

ڈینامیٹ - ایک قسم کی نہایت ہی تیز باروت جسکی خفیف مقدار بڑی بڑی عمارات کو اوڑا دے سکتی ہی - مغربی ممالک کے مفسد اور شوریدہ پشت اشخاص اور بدخواہان سلطنت فی الحال اس ڈینامیٹ کے ذریعہ سے بڑی بڑی عمارتیں ڈھا رہے ہیں - کبھی دریاے ٹیمس کے پل کبھی وزارت خانہ کبھی دوسری شاہنشاہی عمارتوں کے گرانے کا اس باروت کے ذریعہ سے قصد کیا جاتا ہی اکثر مفسد اشخاص گرفتار بھی ہوے اور اجنبی مسافروں کی انگلستان میں بڑی نگرانی رہتی ہی

ڈیناآمیٹ کے لفافے بھی جاری ہوے تھے۔

ڈینس۔ رقص۔ ناچ۔

ڈینسر۔ رقاص۔ رقاصہ۔ ناچنے والا۔

ڈینش۔ باشندہ ڈنمارک۔

ڈیوک۔ انگلستان کے ارکان خاندان شاہی کا لقب جنکو خطاب کرتے وقت یوز گریس کہتے ہین۔

ڈیوکڈم۔ ریاست ڈیوک۔

ر

(راے مہملہ)

رابر۔ ڈاکو۔

رابری۔ ڈاکہ۔

راڈ۔ چھڑی۔ لیٹننگ راڈ۔ دیکھو لیٹننگ۔

رایٹ (رٹ) سیدھا۔ داہنا۔ صحیح۔ واجبی۔ جائز۔

رایٹ آنریبل۔ ممبران پریوی کونسل کا لقب لفظی معنی واجب التعظیم۔

رایٹر۔ محرر۔ کاتب۔

رایٹنگ۔ لکھنا۔

رایٹنگ پیپر۔ چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رایل۔ شاہی۔

ربر۔ سیاہی خواہ پنسل کے حروف ونشانات حک کرنے کا آلہ۔ بعض لوگ اسکو رَبَڑ بھی کہتے ہین۔ ایک درخت جسکے دودھ سے ربر تیار ہوتا ہی۔ ولایتی ربر نہایت سفید اور شفاف اور نرم ہوتا ہی جو چمڑے کے طور پر مختلف کامون مین استعمال کیا جاتا ہی۔ انڈیا ربر ہندوستانی سیر جو سیاہ رنگ کا ہوتا ہی۔ ایک قسم کا فیتا جو ریشم یا سوت کے دھاگے مین ربر کا دھاگا شامل کر کے انگریزی جوتون اور ہندوستانی بوٹون مین استعمال کیا جاتا ہے۔

ربیلین۔ غدر۔ بلوہ۔

ریپبلک۔ موید سلطنت جمہوری۔ ارکان سلطنت جمہوری

ریپبلکن گورنمنٹ۔ سلطنت جمہوری۔

رپٹ۔ دیکھو ریپورٹ۔

ریپرزنٹیٹو۔ وکیل۔ قائم مقام۔ نیابتاً تائید اور اظہار حال کرنے والا۔

ریپلائی۔ جواب۔ جواب الجواب۔ تردید۔

رپوٹ۔ دیکھو ریپورٹ۔

ریپورٹ۔ کیفیت۔ صورت حال۔ حقیقت حال عوام اسکو رپوٹ اور رپٹ بھی کہتے ہین۔

ریپورٹر۔ مخبر۔ پرچہ نویس۔ اخبار نویس۔

ریٹائرمنٹ۔ کنارہ کشی۔ ترک ملازمت۔

ریٹرن۔ نقشہ۔

ریٹرن پوسٹ۔ ڈاک واپسی۔

ریٹیلر۔ خردہ فروش (ضد تھوک فروش)

ریٹیل سیل۔ خردہ فروشی۔

رجسٹر۔ کتاب اندراج نام۔ سیاہہ بہی۔

رجسٹری۔ اندراج۔ کسی دستاویز یا معاہدہ یا اقرار نامہ کا سرکاری طور پر درج کتاب ہونا کہ آیندہ کے لیے سند کے

ریجکشن - نامنظوری - نامسموعی -

رجمنٹ (رجیمنٹ) - پلٹن یا رسالہ -

ریجنٹ } دیکھو ریجنٹ و ریجنسی -
ریجنسی }

رڈکشن - تخفیف -

رڈمشن - انفکاک رہن -

رزرو - محفوظ - نگاہداشتہ - کسی قسم کی فوج یا سامان رسد یا سرمایہ یا کوئی اور شی جو خاص ضرورت کے لیے علاحدہ رکھ لی گئی ہو -

رزگنیشن - استعفا - نوکری سے کنارہ کشی کرنیکی عرضی -

رزلٹ - نتیجہ - نتیجہ امتحان طلبا -

رزولیوشن - پیش نہاد - کوئی امر جو غور و فکر کرنیکے بعد قطعی طور پر کسی معاملہ میں قرار پائے -

رزیڈنٹ - وہ شخص جو کسی مقام پر بطور چند روزہ سکونت اختیار کرے - کسی غیر سلطنت کا سفارتی افسر جو کسی باجگزار یا ماتحت یا دوسری ریاست کے دربار میں اپنی سلطنت کے مقاصد قائم رکھنے کے لیے مقرر کیا جائے -

رزیڈنسی - رزیڈنٹ کے رہنے کی کوٹھی یا مکان - دیکھو رزیڈنٹ -

رسپانڈنٹ - دیکھو رسپانڈنٹ -

رسپانڈنٹ - [illegible]

مقدمہ اپیل کا مدعا علیہ - پلینٹف رسپانڈنٹ - مدعی رسپانڈنٹ - ڈفنڈنٹ رسپانڈنٹ - مدعا علیہ رسپانڈنٹ -

رسپانسبلٹی - جوابدہی - ذمہ داری -

رس جوڈیکیٹا - امر تجویز شدہ -

رسیٹ - رسید -

رسیور - امین - کوئی شخص جو منجانب عدالت کسی علاقہ یا زمینداری کی تحصیل وصول کے لیے تا فیصلہ مقدمہ علاقہ مذکور مقرر ہوا ہو -

رشیا - ملک روس -

رشین - روسی زبان یا باشندے -

رفارم - اصلاح - درستی - علی الخصوص تہذیب اخلاق یا سیاست مدن کے متعلق -

رفارمر - مصلح - مصلح ملک - نئی باتوں اور نئے خیالات کا پھیلانے والا اور رسم پرستوں کا مخالف - دیکھو رفارم -

رفارم کلب - انجمن اصلاح معاشرت - دیکھو رفارم اور کلب -

رفائنمنٹ - شائستگی - تہذیب -

رفرشمنٹ - آرام کرنا - دم لینا - طبیعت کو تازہ کرنا - ہوا کھانا - سیر یا تفریح کرنا - ایسے خاص خاص مکانات بھی بنے ہوتے ہیں جو رفرشمنٹ روم (تفریح گاہ) کہلاتے ہیں -

رفرنس - [illegible]

رِفلکٹر - عکس انداز - لمپ کا ترپا - حرارت یا گرمی کا عکس ڈالنے کے لیے دھات یا کسی اور شے کا جلا کیا ہوا آلہ

رِفنڈ - زر واپسی - وہ روپیہ جو زائد وصول کرنیکے بعد واپس یا مجرا دیا جاے -

رِفینمنٹ - شایستگی - تہذیب -

رِفیوزل - انکار -

رِکارڈ - تحریر - دفتر - کاغذات - مثل -

رِکارڈر - خاص خاص شہرونکا اعلیٰ حاکم عدالت -

رِکارڈ کیپر - محافظ دفتر -

رِکروٹ - دیکھو ریکروٹ -

رِکمنڈ - سعی کرنا - سفارش کرنا -

رِکمنڈیشن - سعی سفارش -

رِگیولر - باقاعدہ انتظام ترتیب یا سلسلہ کے ساتھ

رِگیولر آرمی - باقاعدہ سپاہ - قواعددان فوج -

رِگیولیٹر - گھڑی یا دوسری کلون کا وہ پرزہ جو حرکت کے گھٹانے اور بڑھانے کا پیمانہ ہو - گھڑی کے ریگولیٹر میں ایک سوئی ہوتی ہے جسکی ایک جانب حرف ایف F (یعنی فاسٹ - مخفف فاسٹ بمعنی تیز) - اور دوسری جانب ایس (یعنی ایس مخفف سلو بمعنی سست) لکھا ہوتا ہے چنانچہ جب گھڑی کی رفتار کو تیز کرنا ہوتا ہے حرف ایف کیجانب اور جب رفتار سست کرنا ہو تو حرف ایس کیجانب ریگولیٹر کو کھسکا دیتے ہیں -

رِلائی - تکیہ کرنا - بھروسہ کرنا - استدلال کرنا -

رِلِک - تبرک - قدیم زمانہ کی کوئی مقدس یادگار شے -

رِلیٹو - عزیز قریب -

رِلیجن - مذہب -

رِلیجیس - مذہبی -

رِلیشن - تعلق - رشتہ - قرابت -

رَم - نیشکر کے رس یا گڑ کی مقطر شراب -

رِم - دیکھو رِنیر -

رِمارک - کیفیت - شرح - قول - رائے - بات -

رِمِٹ - پھیر دینا - حوالہ کر دینا - تخفیف کرنا - معاف کرنا - روانہ کرنا -

رِمِٹنس - دیکھو رِمِٹینس -

رِممبرینسر - یاد دلانے والا - اطلاع دینے والا -

لیگل رِممبرینسر - قانونی اطلاع بہم پہونچانیوالا - ایک عہدہ دار قانونی - مشیر قانونی - سرکاری مقدمات میں پیروی کرنے والا افسر -

رِموٹ - دور کا - بعید -

رِموٹ ایر - وارث بعید -

رِمِٹینس - ہنڈی - زر مرسولہ - ارسال -

رِنٹ - کرایہ مکان - لگان اراضی -

رِنٹ کورٹ - عدالت لگان -

رِنگروٹ - دیکھو رِنکروٹ -

رِوارڈ - صلہ - نعم البدل - انعام -

روڈ - سڑک -

رُوڈسس - سٹرکانہ - ابواب بابت تعمیر سٹرک -

رُوژشن - عصوبت -

رُوژشنری اِیئر - وارث آیندہ -

رُوز - گل یعنی گلاب کا پھول -

رُوزئیٹ - گلابی -

رُوز واٹر - گلاب یعنی عرق گلاب -

رُول - اس لفظ کے بہت سے معنی ہین - (۱) حکومت - سلطنت (۲) حکم - عمل (۳) قانون آئین (۴) دفعہ - قاعدہ - ضابطہ - رُول آف پریکٹس - دستور العمل - برٹش رُول انگریزی حکومت نیٹیو رُول دیسی حکومت - دیکھو رُولر -

رُول - دیکھو رُولر -

رُولر - لکڑی یا پتھر یا دھات کا بیلن یا بیلن کیطرح گھومنے والا آلہ - مسطر یعنی چوبی رجدول کشی اردو مین اسکو رُول اور رُول بھی کہتے ہین اور کوئی عربی فارسی یا ہندی کا لفظ اسکی جگہ استعمال نہین کیا جاتا ہے جسکی وجہ بظاہر یہی معلوم ہوتی ہو کہ ہماری زبانون مین اوسکا مرادف نہین ہے -

رُولر - فرمانروا - حاکم - بادشاہ -

رُوم - کمرہ - خانہ - مثلاً اسلیپنگ رُوم سونیکا کمرہ - بیتھنگ رُوم - غسلخانہ - ڈائننگ رُوم کھانا کھانے کا کمرہ - ڈرائنگ رُوم - ملاقات کا کمرہ - دریسنگ رُوم کپڑے پہننے کا کمرہ - کوکنگ رُوم - باورچی خانہ -

رُوم - شہر رومۃ الکبریٰ دار السلطنت ملک اطالیہ اس لفظ مین واو مجہول ہے -

رُومن - منسوب بہ شہر رُوما انگریزی حروف یعنی دیسی زبان کی تحریر -

رُومن کیتھولک - عیسائیون کا قدیم فرقہ جو پرانے خیالات کو زیادہ لیے ہوے ہے اور جو بیبل کی عبارت مین انتخاب و اقتباس کو روا نہین رکھتا اور اوسکو کلام ربانی سمجھکر اوسکا حرف حرف واجب التعظیم اور واجب العمل سمجھتا ہے - دیکھو پوپ -

رِوِیو - نظر ثانی - قواعد فوج - جایزہ نگرانی مقدمہ -

رِوِینیو (رِوِنیو) - مالگذاری سرکاری -

رِوِینیو ایجنٹ - دیکھو ایجنٹ -

رِوِینیو کورٹ - عدالت مال -

رِیپ - زنا بالجبر -

رِیٹ - شرح - کرایہ - محصول - رسوم -

رِیپ - اور اوسکے مرکبات - دیکھو ریٖپ -

رِیٹ پیئر - ٹکس یا محصول دینے والا -

رِیجنٹ - ناظم - دیوان ریاست -

رِیجنسی - نظامت -

رِیڈ - پڑھنا -

رِیڈر - پڑھنے والا - قاری (بمقابلہ سامع) کتاب

گرجا گھروں وغیرہ میں دعاؤں کا پڑھانے والا۔ سیسہ کے چھاپہ کا مصحح۔ مبتدیوں کے پڑھنے کی کتاب جس میں چھوٹے چھوٹے سبق لکھے ہوئے ہوں۔

ریڈیکل } دیکھو پارٹی
ریڈیکل }

ریزرو۔ محفوظ۔ بچایا ہوا۔ نگاہداشتہ۔

ریزرو آرمی۔ فوج محفوظ۔

ریئر ایڈمرل۔ دیکھو ایڈمرل۔

ریئر گارڈ۔ وہ سپاہ محافظ جو کل فوج کے پیچھے بچا کر رکھی گئی ہو۔

ریزن۔ قوت مجوزہ۔ عقل۔

ریزنیبل۔ قرین عقل۔ قرین قیاس۔

ریس۔ نسل۔ خاندان۔ سلسلہ نسبت۔

ریس۔ گھوڑدوڑ۔ دوڑ کسی سواری یا پیدل کی شرط پر۔

ریسر۔ دوڑ کی شرط لگانیوالا۔ دوڑنے یا دوڑانیوالا۔

ریس ہارس۔ گھوڑدوڑ کا گھوڑا۔

ریشن۔ بری یا بحری فوج کے ہر آدمی کے لیے [illegible] یا جانوروں کے لیے چارہ اور دانہ کی مقررہ خوراک یا مقدار۔ حصہ خوراک۔

ریشنل۔ ذی عقل جسکا اطلاق نوع انسان پر کیا [illegible]

ریشنلسٹ۔ معقولی (ضد منقولی)

ریشیو۔ مناسبت [illegible]

ہو جس نسبت تین کو چھ سے ہو۔

ریفل۔ رفل۔ ایک قسم کی بندوق۔

ریفل کور۔ رفل بند سپاہ۔

ریفل مین۔ رفل بند سپاہی۔

ریکروٹ۔ کسی شی کا ذخیرہ جو صرف کے لیے جمع کیا گیا ہو۔ بھرتی۔ علی الخصوص سپاہ کی بھرتی وہ سپاہ جو نئی بھرتی ہوئی ہو۔ رنگروٹ کا لفظ جو اخبارات اور بعض دوسری تحریرات و تقریرات میں استعمال ہوتا ہے اسی لفظ کا غلط العام ہے۔

ریگ۔ چیتھڑا۔

ریل۔ کٹہرا یا لوہے کی پٹریاں جو ریل کی سڑک پر بچھائی جاتی ہیں اور اسی وجہ سے اس سڑک کا نام ریل سے منسوب ہوا۔

ریلوے۔ ریل کی سڑک۔

ریلوے اسٹیشن۔ دیکھو اسٹیشن۔

ریلوے ٹرین۔ دیکھو ٹرین۔

ریم۔ گڈی (بیس دستہ کاغذ کے) بعض دوکان دار اسکو دھر بھی کہتے ہیں۔

رین۔ بارش۔ لجام فرس یعنی باگ۔

رینک۔ درجہ۔ مرتبہ۔ منصب۔

رینگنگ۔ تخت نشین۔

رینگنگ پاور۔ تخت نشین قوت یعنی فرمانروائے وقت۔

رِیننگ کِنگ - بادشاہ وقت - سلطان عصر -

رِیننگ کوئین - ملکہ عہد -

رِیوئیو (مع مرکبات) - دیکھو رِوِیئو -

رِیوئیو (رِوِیو) - نظر ثانی - تقریظ - تبصرہ - اخبارات مین اس لفظ سے کسی مضمون یا کتاب کی نسبت راے ظاہر کرنا اور قانون مین کسی فیصلہ پر مکرر غور کرنا مراد ہی -

رِویئو آف ججمنٹ - تجویز ثانی -

ز

(زاے معجمہ)

زار - شہنشاہ روس - زار روس -

زارِنا - شاہنشاہ بیگم روس -

زِبرا - گورخر -

زِنجبرِس - زنجبیل - سونٹھ -

زِنک - جست - جستہ -

زوآلوجی - علم حیوانات -

زوآلوجِکل گارڈن - زندہ جانورون کا عجائب خانہ -

زون - زمین کے حصے باعتبار حرارت وبرودت زون تعداد مین پانچ ہین ایک ٹارڈ زون یعنی طبقہ حارہ - دو ٹمپرٹ زون یعنی طبقات معتدلہ اور دو فریجڈ زون یعنی طبقات منجمدہ شکل ذیل سے مطلب بخوبی سمجھ مین آجائے گا -

زیرو - صفر یعنی یہ نشان (٥) جو ہر اکائی کے پیشتر لکھنے سے اوسکو دہ چند کرتا ہی اُردو مین اس نشان کے بدلے صرف نقطہ استعمال کیا جاتا ہی - آلہ مقیاس الحرارت مین درجون کے شروع ہونیکا مقام - زیرو اس قسم کے دوسرے موقعون پر بھی استعمال کیا جاتا ہی مثلاً ایک سڑک لکھنو کے چوک سے نکالی گئی اور محلہ امین آباد سے گذرتی ہوئی ریل کے اسٹیشن کو اور وہان سے کسی بیرونی مقام تک پہونچادی گئی اور فرض کیجیے کہ چوک لکھنو سے امین آباد ایک میل اور اسٹیشن دو میل ہی تو اس صورت مین میل کا پتھر چوک مین نصب کیا جائے گا اوسپر زیرو لکھا جائے گا اور بعد اسکے امین آباد والے میل مین ایک اور اسٹیشن والے میل مین دو کا ہندسہ لکھین گے - ایسے موقع پر زیرو کا نشان فقدان یا عدم کو ثابت کرتا ہی یعنی سری سڑک کی ابتدائی حد کا اظہار کرتا ہی -

س

(سین مہملہ)

سارٹیفکنگ / سارٹیفکٹ } دیکھو سرٹیفکٹ۔

سارجن۔ دیکھو سرجن۔

سارجنٹ۔ لفظی معنی مہتمم یا داروغہ کے ہیں مگر اصطلاح میں اور بھی کئی معنی ہیں۔ (۱) ایک اعلیٰ جج کا منصب۔ (۲) ایک افسر جو کسی بادشاہ کی اردلی میں ہو۔ (۳) شاہی خانساماں یا داروغہ۔ (۴) ایک فوجی عہدہ دار جو کارپورل کے اوپر ہوتا ہے۔

ڈرل سارجنٹ۔ دیکھو ردیف (ڈ)۔

ساس۔ چٹنی یا کوئی ترش یا سلونی شے جو اصلاح ذائقہ کے لیے کھانے کے ساتھ استعمال کی جائے۔

ساسر۔ ساس رکھنے کا ظرف۔ تشتری۔ پیالی۔

سالیسٹر۔ مختار عدالت۔ مشیر قانونی پیروکار مقدمات۔ وہ شخص جو کسی عدالت ایکوئٹی میں اوس طرح سے مقدمات کی پیروی کرے جس طرح الت کامن لا میں اٹرنی لوگ پیروی کرتے ہیں۔

لا معلوم الفاظ کی فہرست دیکھو لو۔

ساورن۔ دیکھو سوورن۔

سائنس / سائنسز } دیکھو سینس

سائنٹفک / سائنٹفک فرنٹیر } دیکھو سینٹفک

سائینس۔ دیکھو سینس۔

سب۔ ماتحت۔ ادنی۔ نیچے۔ خفیف۔ قلیل۔ یہ کوئی خاص لفظ نہیں ہے بلکہ لاطینی زبان کا ایک کلمہ ہے جو بعض الفاظ کے قبل شامل کرنے سے دنوت یعنی کمی یا چھوٹائی کا اظہار کرتا ہے۔ مثلاً سب جج ماتحت جج۔ سب مرین دریا کے نیچے کا۔ سب ایسڈ کسی قدر ترشی لیے ہوئے وقس علی ہذا۔

سب بکسر (س) غلط ہے۔

سب آرڈنٹ۔ ادنی درجہ کا۔ ماتحت۔ زیر دست یہ لفظ قریب قریب سب کا ہم معنی ہے۔ مثلاً سب آرڈنٹ جج۔ ماتحت جج۔ سب آرڈنٹ پلیڈر شپ۔ وکالت درجہ ادنی۔ اکثر اس لفظ کو ایک میں ملا کر اس صورت پر لکھتے ہیں جیسے سباڈنٹ حرف (س) کا مضموم پڑھنا انگریزی تلفظ کے اعتبار سے مذموم ہے۔

سب آلٹرن۔ فوج کے ادنی عہدہ دار جو کپتان کے نیچے ہوں۔

سب انسپکٹر۔ ماتحت انسپکٹر صیغہ پولس میں تھانہ دار سے مراد ہوتی ہے جس صیغہ یا محکمہ کا انسپکٹر ہو اوسکا ماتحت۔

سب اوورسیر۔ ماتحت اوورسیر۔ محکمہ تعمیرات ہند کا ایک عہدہ جسکے متعلق سڑکوں وغیرہ کی نگرانی رہتی ہے۔ اس لفظ کو اردو داں

اشخاص سب ڈویژنل بھی کہتے ہین -
سب جج - دیکھو لفظ سب -
سبجکٹ - رعایا - محکوم - بحث - کسی شے کا موضوع -
سب ڈپٹی پوسٹماسٹر - ڈپٹی پوسٹماسٹر یعنی بڑے ڈاکخانون کے منشی کا ماتحت - گانوون اور چھوٹے قصبات اور عموماً ہر ضلع کے مضافات کے ڈاک محرر -
سبرانجی - مجلس ملی بلغارستان - پارلیمنٹ ملک بلغاریہ -
سبربن - متعلقہ مضافات شہر -
سبسکرائبر - چندہ دینے والا - مددگار شریک - خریدار اخبار - کسی کتاب کے خریدارون مین نام لکھوانے والا -
سب سیڈی - نعلبندی - خراج - امدادی روپیہ جو کسی سلطنت کی طرف سے دوسری سلطنت کو دیا جاے - غیر معمولی خراج جو بروقت ضرورت کوئی بادشاہ مدد کے لیے رعایا سے وصول کرے -
سب سیڈیری - سب سیڈی کے طور پر روپیہ دینے والا -
سپٹک - سوفسطائی - وہمی - حکما کا ایک گروہ جو حواس مین خطا ثابت کرکے محسوسات کی اصلیت سے انکار کرتا ہے -

سپٹمبر - دیکھو ستمبر -
سپر - شب کا کھانا جسکو ہندوون مین بیالو کہتے ہین - شب کے کھانے کی دعوت -
سپر - اعلی - مافوق - مرکبات مین - یہ کلمہ بہت آتا ہے -
سپرسٹشن - سست اعتقادی - ضعیف الاعتقادی - اس لفظ کو اکثر مغربی اشخاص عجب موقعون پر استعمال کرتے ہین - بعض لوگ تو ایسے ہین کہ خدا کے سوا اور تمام مذہبی عقائد کو اس لفظ کے معنون مین داخل کرتے ہین اور بعض اشخاص ہر ایک قسم کے مذہبی عقیدہ کو سپرسٹشن سمجھتے ہین -
سپرنٹنڈنٹ - سربراہ کار - مہتمم - نگران - اعلی افسر -
سپرنٹنڈنٹ آف پولس - اعلی افسر محکمہ پولس - ضلع کے کل تھانون اور معاملات پولس کا اعلی افسر -
سپریم - اعلی - اعظم - دیکھو الفاظ مابعد -
سپریمیسی - حکومت اعلی - فوقیت - افضلیت - اختیار - صدارت -
سپریم کورٹ - عدالت اعلی -
سپریم کونسل - کونسل عالیہ - اجلاس وائسرائے ہند -

سُپریم گورنمنٹ - گورنمنٹ عالیہ -
سپلائی - وجہ کفاف - رسد - چالان - کھیپ -
وہ رقم جو پارلیمنٹ اہل ملک سے ایکسال کے
اخراجات کے بابت طلب کرے -
سپلایئر - فوجی رسد کا ذخیرہ -
سپلکر - مقبرہ - روضہ - مزار -
سپورٹ - تائید - اعانت - پرورش -
سپٹمبر (سپٹمبر) - انگریزی کا نوان مہینہ جو
۳۰ دن کا ہوتا ہی -
سٹرک ایسڈ - تیزاب لیمون - یعنی جوہر لیموے
ترش - دیکھو ایسڈ -
سٹلمنٹ - بندوبست یا تشخیص -
سٹنگ روم - نشستگاہ -
سٹی - شہر -
سٹیزن - باشندہ شہر - کسی مقام کا معزز
اور ممتاز باشندہ جو کسی شہر کے رؤسا و عمائد
مین داخل کرلیا جاے - مغربی ملکون مین دستور
ہی کہ جب کوئی شخص کسی مقام کا رہنے والا کوئی لیاقت
یا خوبی یا شہرت حاصل کرتا ہی تو بڑے بڑے
شہرون کے لوگ اعزاز اور خطاب کے طور پر اوسکو
نے شہر کی آزادی عطا کرتے ہین جو ایک ڈبیا مین
رکھکے دیجاتی ہی -
سٹیزن شپ - آزادی شہر - سٹیزن کا

اعزاز - دیکھو سٹیزن -
سٹی مجسٹریٹ - حاکم فوجداری شہر - کوتوال -
سدرن - جنوبی -
سر - خط کتابت کا لقب یا گفتگو کرنے کے
وقت کا خطاب - جو جناب حضرت صاحب
اور اس قسم کے الفاظ کا ہم معنی ہی - انگریزی خط
کتابت مین یہ لقب عموماً ہر مکتوب الیہ کو لکھا
جا سکتا ہی - اس سے کسیقدر مغائرت البتہ
ثابت ہوتی ہی - اکابر اور افسرون کو صرف سر
لکھتے ہین اور عزیزون کو ڈیر یا مائی ڈیر کے ساتھ
خطاب کرتے ہین - دیکھو ڈیر سر -
سراگلیو - یہ تلفظ غلط ہی دیکھو سیرالیو -
سیرالیو - محلسراے سلاطین روم -
سرٹیفکٹ (ٹیفکیٹ) - کسی واقعہ کی اصلیت
یا کسی شخص کے چال چلن یا اوصاف و لیاقت
کی تحریری سند -
سرجری - جراحی - بیرونی عضلات جسم کا
علاج - اون امراض کا دواخانہ یا مطب -
سرجن - سرجری کا کام کرنیوالا - سول
سرجن سرکاری طبیب جو سول حکام کے علاج کے لیے
منجانب سرکار معین رہتا ہی - ملٹری سرجن
حکام فوج کا سرکاری طبیب - سرجن عموماً طبیب
بھی ہوتے ہین -

سرجنٹ - دیکھو سارجنٹ -

سرجنٹ میجر - دیکھو سارجنٹ میجر -

سرف - غلام کاشتکار - وہ کاشتکار جو سرکار یا مالکان اراضی کے فائدہ کے لیے کھیتون مین کام کرے کاشتکاری کا نفع سرکار یا مالکون کو ہو اور وہ غلام کیطرح کام کیا کرے - روس مین کاشتکاری کا یہی طریقہ تھا اور جا بجا اب بھی ہے - بعض صورتون مین غلامی کے معنی صرف یہ تصور کیے جاتے ہین کہ کاشتکار کو حق مقابضت نہو -

سرکٹ - احاطہ - حکام کا دورہ -

سرکٹ بنگلو - وہ بنگلہ جو بعض ویران مقامات مین حکام دورہ کی منزل کے لیے بنا دیا جاتا ہے - یہ بنگلے ایسے مقامات پر بھی بنے رہتے ہین جہان حکام یا دوسرے معزز سیاحون کے اوترنے یا عارضی طور پر ٹھہرنے کے لیے کوئی دوسرا موزون مکان نہو -

سرکس - کوئی زمین جو گھوڑدوڑ کے تماشہ یا تھیٹر کے دوسرے کامون کے لیے مخصوص کی گئی ہو - اکھاڑہ -

سرکل - دائرہ - ملک کا وہی حصہ جو کسی سرکاری محکمہ کی حدود اختیار کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے جسکو عرف مین حلقہ کہتے ہین -

سرکلر - مدور - گول - چکر کھانیوالا - گھومنے والا - کسی سرکاری محکمہ کا وہ حکم جو محکمہ کے کل افسرون کے پاس گشت کرایا گیا ہو حالانکہ یہ معنی اوسوقت پیدا ہوتے ہین جب آرڈر کا لفظ بھی اوسمین شامل کیا جائے - دیکھو آرڈر -

سرکیولر - دیکھو سرکلر کیونکہ وہ تلفظ زبان زد عام ہو گیا ہے -

سرگلیو - یہ تلفظ غلط ہے - دیکھو سرالیو -

سروس - ملازمت - نوکری - خدمت - کام - سول سروس غیر فوجی ملازمت ملیٹری سروس فوجی ملازمت - دیکھو سول -

سروے - تحقیقات - خشکی یا تری کی پیمایش مع تحقیق حالات متعلقہ مثل کیفیت آبادی وغیرہ -

سرویر - محقق - سروے کا کام انجام کرنیوالا - دیکھو سروے -

سرونیٹ - ملازم - نوکر - پبلک سرونٹ ملازم سرکار -

سسٹم - نظام - طریقہ - سولر سسٹم نظام شمسی

سشن - پارلیمنٹ یا اعلیٰ عدالتون یا بڑے بڑے کالجون یا اسی قسم کے دوسرے سرکاری محکمون کے کھلے رہنے کی مدت - کسی خاص مقام پر کسی حاکم کے اجلاس کرنے کی خاص مدت - دورہ -

سشن جج - کسی خاص مقام پر خاص مدت تک اجلاس کرنے کا حاکم - حاکم دورہ - اعلیٰ حاکم [illegible]

فوجداری۔ (مجازاً)۔

سفرج۔ کسی شخص کو کسی عہدہ یا منصب علی الخصوص پارلیمنٹ انگلستان کی ممبری پر مقرر کرنے کی رائے دینا۔

سِک۔ کسلمند۔ خستہ۔ وہ شخص جسکی طبیعت کچھ مضمحل ہو یا مالش کرتی ہو برخلاف اُس کے جو فی الواقع بیمار اور کسی خاص عارضہ مین مبتلا ہو۔

سکٹر۔ لفظ بابعد کا غلط العام ہے۔

سِکرِٹری۔ معتمد۔ منشی۔ وزیر۔ مثلاً پرائیوٹ سکرٹری۔ معتمد خاص۔ سکرٹری کمیٹی منشی یا سرِ دفتر۔ انجمنی سلطنتوں کے تمام وزرا جنکو ہر محکمہ کا خاص انتظام حاصل ہو وہ اسی لقب سے ملقب کیے جاتے ہین۔ مثلاً سکرٹری آف اسٹیٹ ہند۔ وزیر ہند۔ فارن سکرٹری۔ وزیر خارجہ۔ ہوم سکرٹری۔ وزیر داخلہ۔ وار سکرٹری۔ وزیر محکمہ جنگ۔ کالونیل سکرٹری۔ وزیر نوآبادی۔ اسکو بعض لوگ سکٹر بھی کہتے ہین۔

سکریٹیریٹ۔ سکرٹری کا محکمہ یا دفتر۔

سکس پنس۔ انگلستان کا ایک نقرئی سکہ جو چونی کے مشابہ اور قیمت مین اوسکے برابر ہے۔

سکشن۔ کسی کتاب یا مضمون کے کسی حصہ یا ٹکڑے کا [illegible] عارضی [illegible] فصل

[illegible]

سکنڈ۔ دوم۔ دوسرا۔ ایک منٹ کا ۱/۶۰ حصہ۔

سکنڈری۔ ضمنی۔ درجہ دوم کی۔

سکنڈری آبجکشن۔ اعراض (یقابلہ جوہر)

سکنڈ ماسٹر۔ مدرس دوم۔

سکنڈ ہینڈ۔ استعمالی چیز جو نئی شے کے مقابلہ مین ارزان قیمت پر دستیاب ہو سکے۔ درجہ دوم کی

سکنس۔ بدمزگی خستگی یا مالش طبیعت کی۔

سی سکنس متلی۔ پہلے چل جو لوگ دریا کا سفر کرتے ہین اون کو اکثر یہ شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔

سکیورِٹی۔ ضمانت۔ کفالت۔ حفاظت۔

سگار۔ تنباکو کی بینڈی۔ چرٹ۔

سگنل۔ کسی واقعہ یا خطرہ کا اشارہ بتانا۔ جھنڈی وکھلانا۔ ریل کی سڑکون پر ایک قسم کا ستون نصب ہوتا ہے جسمین تختے عموماً سرخ اور سفید رنگ کے لگے ہوتے ہین اور وہ ریل کے آنے جانے کے وقت پھیر دیے جاتے ہین۔ یہ سب نشانات سگنل مین داخل ہین۔

سگنیچر۔ دستخط۔ نشان۔

سِلٹ۔ فرنگستانی قوم۔ مغربی یوروپ کے باشندے۔

سلٹک۔ منسوب بہ سلٹ

سِلف۔ خود۔ آپ۔ انانیت۔ نفس ناطقہ

سلفر۔ گندھک۔

سِلف رِسپکٹ - انسان کا آپ اپنے کو بے پرواہ پاس آبرو - غیرت - ۱۹۲۲ء کے اودھ اخبار (۲۵ اگست و ۲ - ستمبر وغیرہ) مین اس لفظ کے معنون پر طول طویل مباحثے ہو چکے ہین -

سَلفرک ایسڈ - گندھک کا تیزاب - دیکھو ایسِڈ -

سِلف گورنمنٹ - رعایا کی آپ اپنی حکومت انتظام خود اختیاری اسی کا ترجمہ کیا جاتا ہی جو مولف کے نزدیک نادرست ہی - دیکھو لوکل سِلف گورنمنٹ -

سِلف ہلپ - ہمت - سعی نفسی -

سِلک - ریشم - پارچہ ریشم -

سِلکشن - پسند کرنا - منتخب کرنا -

سِلک فیکٹری - ریشم خام کی تیاری کا کارخانہ -

سِلوَر - چاندی - جرمن سِلوَر - ملک جرمن کی کھوٹی چاندی -

سِلوَر کِنگ ایکسچینج - دیکھو اکسچینج -

سلیپر - آرام پائی -

سلیٹ - ایک قسم کا سیاہ اور نرم پتھر اور اوسکی تختی جو مدرسے کے لڑکوں کے استعمال مین آتی ہی -

سلیٹ پنسل - سلیٹ کی تختی پر لکھنے کے قلم جو اوسی پتھر کا بنا ہوا ہوتا ہی -

سلیو - غلام - بردہ -

سلیو ٹریڈ - بردہ فروشی -

سلیوری - غلامی -

سلیوشن - کسی مسئلہ کا حل کرنا - کسی شے کی تحلیل -

سیمِٹک - اولاد سام بن حضرت نوحؑ -

سَمر - فصل گرما -

سَمری - سراسری - مختصر - مجمل - اخبارات کی خبروں کا خلاصہ -

سَمری اپیل - اپیل سراسری -

سَمری سِٹلمنٹ - بندوبست سراسری -

سَمَن - اطلاعنامہ - طلبی نامہ - احضار نامہ -

سَمنس - دیکھو سَمَن جو اس لفظ کا غلط العام ہے -

سیمی - نصف - آدھا -

سیمی آفیشل - نیم سرکاری -

سِنانم - الفاظ ہم معنی مرادف -

سِنانِمس - مترادف -

سَنتری - دیکھو سِنٹری -

سِنٹ - صدی مثلاً فور پرسِنٹ بمعنی چار فی صدی - امریکہ کا ایک سکہ جو بل پیسہ کے قریب قریب ہوتا ہی -

سِنٹ - دیکھو سینٹ -

سِنٹر - مرکز - صدر مقام -

سِنٹرل - اعلیٰ - اعظم - خاص -

سِنٹری - پہرہ [illegible]

اسی لفظات گڑھا گیا ہی۔
سنچرِ می۔ مدت صد سالہ۔ سو برس۔ صدی۔ مثلاً نیٹین تھ سنچری اونیسوین صدی۔ اس نام کا ایک رسالہ بھی لندن مین جاری ہی جسمین نہایت اعلیٰ درجہ کی انشاپرداز اپنے مضامین چھپواتے ہین۔
سنڈیکیٹ۔ حکام کی مجلس۔ منتظمین سررشتہ تعلیم کی کونسل۔
سن ڈے۔ اتوار۔ یکشنبہ۔
سنس۔ حاسہ۔ ادراک۔ دی سنس خمسہ حواس کامن سنس شعور طبعی۔ فہم معمولی۔
سنگونا (سنگنا)۔ ایک پودھا جس سے کونین تیار کیجاتی ہی۔
سنیٹ۔ اعلیٰ درجہ کی جماعت وضع قوانین۔ انجمن۔
سوپ۔ صابون۔ روز سوپ گلاب کا صابون۔ ٹائلٹ سوپ غازہ۔
سوتھ۔ جنوب۔
سوتھ وسٹ۔ جنوب مغرب کا گوشہ۔
سوٹ۔ نالش۔ کپڑے کا جوڑا۔ جماعت رفقا [illegible]
سوڈا۔ نمک [illegible]
سوڈا واٹر۔ ایک [illegible] جسکی بوتلین پانی والو [illegible] بکا کرتی ہین۔ یہ پانی بارد اور ناہضم ہوتا ہی اور بوتل کے کھلتے ہی کاگ اوڑ جاتا اور اوسمین سے [illegible]

اگر فوراً اوسکا پانی پی نہ لیا جائے تو اوبل کر اوڑ جائے اکثر اہل لکھنؤ اسکو ولایتی پانی کہتے ہین۔
سوورن۔ بادشاہ وقت۔ ایک طلائی سکہ یعنی اشرفی۔ جو بیس شلنگ کے برابر ہوتی ہی۔
سوسائیٹی۔ ملت۔ برادری۔ صحبت۔ معاشرت۔ گروہ۔ جماعت۔ کوئی خاص گروہ جو کسی مقصد کے لیے متفق ہوگیا ہو۔
سوشل
سوشیل } منسوب بہ سوسائیٹی۔
سول۔ شہر اور شہر کیحالت اور باشندگان شہر اور اون کے حقوق کے متعلق۔ دیوانی قانون اور ضابطہ کے متعلق (برخلاف صیغہ فوجداری)۔ اس لفظ کا مفہوم کسیقدر پیچیدہ ہی۔ سول کا اعتبار جب کریمنل کے مقابلہ مین ہوگا تو اوس سے دیوانی (بمقابلہ فوجداری) سمجھا جائے گا جسطرح عربی مین قضا و فتا کی اصطلاح ہی۔ لیکن اکثر صورتون مین سول کا اعتبار بمقابلہ ملٹری (صیغہ جنگ) کے کرنا پڑتا ہی اوس صورت مین سول کا مفہوم صیغہ صلح متصور ہوگا۔ اسی باعث سے اس لفظ کے معنون کے سمجھنے مین دقت ہوتی ہی۔ اور اوسکا ترجمہ غلط ہوجایا کرتا ہی مثلاً سول سروس ملازمت کے اوس صیغہ کو کہتے ہین جسمین اہل قلم داخل ہین اہل سیف نہین داخل ہین لیکن ہسٹپ۔ ڈیکن اور اس قسم کے تمام مذہبی افسرون کے فرائض وس ملازمت صیغہ [illegible]

نہین داخل ہین۔ صاحبان ڈپٹی کمشنر و کمشنر گو فوجداری کام کرتے ہین مگر وہ سول سروس مین داخل ہین اور یہ سب سویلین کہلاتے ہین (بمقابلہ اہل سیف کے) اس لفظ کے معنی خلیق اور مہمان نواز کے بھی ہین۔

سُولجر۔ سپاہی۔

سول سروس۔ دیکھو سول۔

سول وار۔ خانہ جنگی۔

سُوِیپر۔ خاکروب۔

سُوِیٹ مِیٹ۔ شیرینی۔

سُوِیڈن۔ یورپ کے ایک ملک کا نام ہی۔

سِوِلائزڈ۔ مہذب۔

سِوِلزیشن۔ تہذیب۔

سِوِلین۔ دیکھو سول۔

سی۔ انگریزی الف بے کا تیسرا حرف جو کبھی ک اور کبھی س کا کام دیتا ہی۔ یہ حرف لفظ کپتان (رفیق یا صاحب) کا مخفف بھی ہی۔

سی۔ آئی۔ ای۔ مخفف کمپینین آف انڈین امپائر یعنی خطاب ندیم السلطنت ہند۔ یہ خطاب خاص خاص عالی اشخاص علی الخصوص عہدہ داران کے دینے کے لیے وضع کیا گیا ہی اور اوسمین خطاب لقب [illegible] نہین ہوتا۔

سی۔ ای۔ مخفف سول انجینیر یعنی [illegible] [illegible]

سَیبَتھ ڈے۔ یوم السبت۔ روز شنبہ۔ انگریزی لغات سے لفظ سیبتھ (جو بہ تلفظ شیبتھ لکھا گیا ہی) عبرانی اور سَبت اوسی کا معرب ثابت ہوتا ہی۔

سی۔ بی۔ مخفف کمپینین آف دی باتھ جو انگلستان کا ایک خطاب ہی۔ اسکے معنی یہ ہوے کہ "رفیق حمام"۔ جی۔ سی۔ بی۔ مخفف گرینڈ کراس آف دی باتھ یعنی اوس سے اعلی درجہ کا خطاب۔

سَیبیریا۔ ملک روس کا مشرقی حصہ۔ ایشیائے روس۔ ایک بہت بڑا روسی صوبہ جو شدت برودت آب و ہوا کیوجہ سے بہت کم آباد ہی لیکن ارکان سلطنت روس مجرمون اور قیدیون اور جلاوطنون کے ذریعہ سے رفتہ رفتہ اوسکو آباد کرتے جاتے ہین۔

سِیٹ۔ جگہ۔ مونڈھا کرسی وغیرہ۔ منصب عہدہ۔

سَیٹرڈے۔ یوم ہفتہ۔ سیٹرڈے ریویو (تبصرہ واقعات ہفتہ) اس نام کا ایک اخبار بھی جاری ہی۔

سَیٹن۔ شیطان۔ انگریزی لغات کے بموجب اس لفظ کی اصلیت عبرانی زبان سے ثابت ہوتی ہی۔

سَیٹن۔ اطلس۔

سَیڈل۔ زین کاٹھی۔

سَیڈلر۔ [illegible]

سیڈلری - گھوڑے کا ساز و سامان -
سیڈل ہارس - ران سواری کا گھوڑا -
سیریا - ملک شام -
سیرین - شامی -
سیر ٹوکامک - ظریف متین - متانت آمیز ظرافت کا اخبار -
سیزن - موسم - فصل - بہار - اسپرنگ - بہار - سمر - گرما - ونٹر - سرما - آٹم - برسات - کسی مقام کی آبادی یا رونق کا خاص زمانہ مثلاً کلکتہ سیزن وہ ہی جب ویسرایان ہند پہاڑون سے آکر کلکتہ مین قیام کرتے ہین -
سیفٹی - حفاظت - پناہ -
سیفٹی لیمپ - ایک قسم کا لمپ جو کانون کے اندر جلایا جاتا ہی اور اوسکے چارون طرف تار کے حلقے بنا کر کچھ اس ترکیب سے اوسکو تیار کرتے ہین کہ اوسکی حرارت سے کان کے ابخرات مین آگ نہین لگنے پاتی -
سیفٹی والو - حفاظت کا سوراخ - ریل گاڑیکے انجن مین سیٹی دینے کا پرزہ - کسی خالی کل کے بوئیلر کے ... پردہ جسکے ذریعہ سے انجن کی قوت کم کرنیکے لیے بھاپ باہر نکالدی جاے -
سیک - بورا - تھیلا -
سیکسن - شمالی جرمنی کی ایک قدیم قوم جسنے ... صدی عیسوی کے ... مین انگلستان کو فتح کیا اور اوسی ملک مین سکونت اختیار کی یہ لوگ اینگلو سیکسن کہلاتے ہین -
سیک کلاتھ - ولایتی ٹاٹ کا کپڑا -
سیل - فروخت - بیع - نیلام - پبلک سیل - نیلام - آکشنل سیل بیع سلطانی - نیلام - پرائیوٹ سیل - بیع خانگی فروخت -
سیل - بادبان جہاز کا - جہاز کا چلنا -
سیل - مہر - آفیشل سیل - دیکھو آفیشل -
سیلڈ - مہر شدہ -
سیلر - جہازی - خلاصی - کشتی بان -
سیلون - جزیرہ سراندیپ - لنکا -
سیلیوٹ - سلامی - سلامی دینا - فوجی - توپون یا بندوقون کے چھوڑنے یا ہتیارون کے علم کرنے یا باجے بجانے کے ذریعہ سے خیر مقدم یا خوشی کرنا -
سیمپل - نمونہ - بانگی - چاشنی -
سیمی - نصف - آدھا - سیمی آفیشل نیم سرکاری دیکھو آفیشل -
سین - ناٹک کا ایک پردہ - تماشہ گاہ - کیفیت واردات - سرگذشت -
سین - دستخط - سینڈ - دستخطی -
سین بورڈ - اشتہارات کے چسپان کرنے کا تختہ - وہ تختہ جسپر کوئی دوکاندار اپنے نام و نشان و اشیاء فروخت کا اشتہار مشتہر کرے -

سینٹ - ولی - پیر - مغربی مقامات کے اکثر ناموں میں یہ لفظ شامل ہوتا ہی -
سینٹ پیٹرس برگ - روس کے قدیم شاہنشاہ پیٹر اعظم کا بسایا ہوا شہر جو اب روس کی دار السلطنت ہی - اسکے پیشتر ماسکو دار السلطنت تھی -
سینٹیفک - متعلق یا منسوب بہ سائنس - حکیمانہ - حکمیہ - علمیہ - دیکھو سائنس - سائنٹیفک فرانٹیر - دیکھو فرانٹیر -
سینڈ - دیکھو سینڈ -
سینڈ - بالو -
سینڈ پیپر - بالو جمایا ہوا کاغذ جس سے لکڑی پر رندا کیا جاتا ہی یا کوئی اور چیز صاف کیجاتی ہی -
سینری - سواد ملک - کیفیت - سیر کرنے کا کوئی دلچسپ مقام -
سائنس - علم - علم حکمت - علوم (بمقابلہ فنون) دیکھو آرٹ -
سینکشن - منظوری -
سینیارز | سینیر } مقدم - بڑا باعتبار منصب یا حکومت یا اختیار - اعلی (ضد جونیر یعنی ادنی) - سینیر کلاس اعدہ کے مدرسے - مدارس دیہاتی کا امتحان درجے اعلی دیکھو جونیر -
سینیٹری - متعلقہ حفظان صحت -

سینیٹیریم - وہ مقام جہان تبدیل آب و ہوا کے لیے اکثر لوگ جاتے ہوں - علی الخصوص پہاڑی چھاؤنی مثل شملہ و دارجلنگ و نینی تال وغیرہ -
سیوج - وحشی - جنگلی - نامہذب - خونخوار -
سیونگ بینک - روپیہ جمع کرنے کا بنک - پوسٹ آفس سیونگ بینک - ڈاکخانوں میں روپیہ جمع کرنے کا دفتر -
سی - ایس - سول سروس کا مخفف جو امتیازا اس صیغہ کے افسروں کے نام کے آگے لکھا جاتا ہی دیکھو سول سروس -
سی - ایس - آئی - مخفف کمپینین آف دی اسٹار آف انڈیا یا ستارہ ہند کا تمغا اور خطاب نجم الہند -

ش
(شین معجمہ)

شاپ - دکان -
شاپ کیپر - دکاندار -
شاٹ - گولی چھرا - تیغ بندوق - قدر اندازہ یا توپ کی خوراک یا آواز - شلک -
شارٹ - چھوٹا - کوتاہ - مختصر -
شارٹ ہینڈ - اشارات کی تحریر ... اخ بجائے الی آخرہ - مغربی ممالک میں اس تحریر کا بہت رواج ہی - ... اور ... رہا ...

اودھر تو وکلا یا مدبران ملک تقریر کرتے جاتے ہین
اور ادھر اس تحریر کے لکھنے والے جنکو شارٹ
ھینڈ رایٹر کہتے ہین پوری عبارت اشارہ کی
تحریر مین لکھے جاتے ہین۔

شارٹ ہینڈ رایٹر۔ اشارہ کی تحریر کے
لکھنے والے۔ دیکھو شارٹ ھینڈ۔

شامپین۔ دیکھو شیمپین۔

شایر۔ ملک انگلستان کا ایک علاقہ جو سابق مین
ارل کے ماتحت رہتا تھا۔ اب اوسکو کونٹی۔
کہتے ہین ضلع۔

شایر ٹوان۔ شایر کا صدر مقام۔ دیکھو شایر
اور ٹوین۔

شایر ہال۔ شایر کے صدر مقام کا ھال یعنی
ایوان عام۔

شپ۔ جہاز۔

شپ ماسٹر۔ مالک جہاز۔ کپتان یا افسر جہاز۔

شپنگ۔ متعلقہ جہازات۔ ایک بندرگاہ کے
کل جہازات ہیئت مجموعی۔

شٹ۔ بند کرنا۔

شٹ اپ۔ بند کر لو۔

شٹ کول (سڈ یعنی) فہرست ضمیمہ
تتمہ کسی دستاویز کا تتمہ جسمین کسی قانون کا ضمیمہ

شرٹ۔ چادر [illegible]

شیرف۔ ناظر عدالت۔ عامل نیلام۔ ملک
انگلستان مین شیرف اوس عہدہ دار کو کہتے ہین
جو کونٹی یا شایر (یعنی ضلع) کے کل احکام قانونی
تعمیل کرائے اور ملک اسکاٹلینڈ مین شیرف
ہر کونٹی کے مختص المقام جج کو کہتے ہین۔ عوام
مین شریف مشہور ہے۔

شریف دیکھو شیرف۔

شلف۔ کھلی ہوئی دیوار گیر الماری۔ دیوار گیر۔

شلنگ۔ انگلستان کا ایک نقرئی سکہ جو بارہ
پنی کے برابر ہوتا ہے۔ پیشتر اسکی مالیت ہندوستانی
اٹھنی کے برابر سمجھی جاتی تھی لیکن اس زمانہ مین بٹہ
کے بڑھ جانے سے کبھی دس اور کبھی گیارہ آنہ تک
اوسکی مالیت تصور کیجاتی ہے۔ انگلستان کی اٹھنی۔

شو۔ موزہ۔ جوتا۔ گھوڑے کی نعل۔ جوتی کی نعل۔

شو۔ میلہ۔ نمایش۔ ایگریکلچرل شو۔ علیحدہ
دیکھو۔ دھوم دھام۔ تکلف۔ اظہار امارت۔

شوگر (شگر)۔ شکر۔ یہ لفظ فارسی زبان سے
انگریزی مین شامل کر لیا گیا ہے۔

شوگر کین۔ نیشکر۔ پونڈا۔ کتارا۔ اوکھ۔

شوگر کینڈی۔ مصری۔ نبات سفید۔

شوگر لوف۔ قند کا کوزہ۔

شومیکر۔ موچی۔ چمار۔ کفش دوز۔

شیپ۔ بھیڑی۔

شیپ اسکن - بھیڑی کی کھال یا تیار کیا ہوا چمڑا
شیٹ - فرد - ایک ورق کاغذ - ایک ورق کی کتاب - چادر یا چادر کی شکل کی کوئی شی -
شیئر - حصہ - سہم -
شیئر ہولڈر - حصہ دار سہیم -
شیمپین - فرانس کا ایک قصبہ جسکے نام سے وہان کی ایک انگوری شراب مشہور ہی - اردو دان اسکو شام پین بھی کہتے ہین -
شیورٹی - ضامن -

ف

(فا)

فارسٹ - جنگل -
فارفیٹ - تاوان ضبطی -
فارگو - معاف کرنا -
فارم - ٹھیکہ مستاجری - کی کھیتونکی جوت -
فارم (فارم) - خالی نقشہ کا نمونہ خالی نقشہ جو بھر اینی لکھا نگیا ہو - سادہ نقشہ -
فارمر - مستاجر - صاحب فارم - کاشتکار -
فارمیولا - جبر و مقابلہ کا گر -
فارن - متعلقہ سلطنت یا متعلق معاملات غیر سلطنت خارجہ - فارن سکریٹری - وزیر امور خارجہ - دیکھو سکریٹری - فارن منسٹر - معاملات خارجہ - فارن کنٹری - ملک غیر پرایا دیس - فارن اسٹیٹ سلطنت غیر -
فارن آفس - محکمہ نظارت خارجہ -
فارنر - اجنبی - پردیسی -
فاسٹ - تیز -
فاسفٹ (فاسفیٹ) - فاسفرس کا ایک مرکب نمک -
فاسفر / فاسفرس / فاسفورس - ایک زرد رنگ کی آتشگیر جلد اشتعال پذیر شی جو دیا سلائی کے مسالے مین پڑتی ہی - ایک دوا جو انڈے کی زردی مین ملا کر تیار کیجاتی ہی اور مقویات حارہ کے طور پر استعمال کیجاتی ہی -
فاگ - کہرا
فایر - آگ -
فایر انجن - آتشی کل - آگ بجھانے کی کل -
فایر بریگیڈ - آگ بجھانے والون کی سپاہ یا جماعت -
فایر پلیس - آتشدان - الاو -
فایر ورک - آتشبازی -
فایل - دیکھو فیل -
فاین - عمدہ - نفیس - لطیف -
فاین آرٹ - فنون لطیفہ - اعلی درجہ کی صنعت مثلاً مصوری نقاشی وغیرہ
فروری - فروری جنوری کا مہینہ

فرودی۔

فبری فیوج۔ دافع بخار۔

فِدر۔ چڑیون کے پر۔

فرامشن۔ اسکا انگریزی صحیح تلفظ فری میسن
ہی۔ لفظ فری کے معنی آزاد اور میسن کے معنی
سنگ تراش کے ہین۔ اور سابق مین فری میسن
(یعنی فرامشن)۔ انگلستان کے وہ لوگ کہلاتے
تھے جو عام مزدورون کے قوانین سے آزاد یعنی
مستثنی تھے اور اون کے ساتھ کچھ رعایت ہوتی
تھی۔ اب فری میسن ایک ایسے گروہ کے لوگونکو
کہتے ہین جسکی نسبت عجیب عجیب خیالات ظاہر
کیے جاتے ہین اور اسرار فرامشن ایک مشہور
اور مروج عام لفظ ہی۔ جس حالت مین صاحبان
فرامشن (حسب مشہور) اپنا حال فرامشن ہونے
کے بعد کسی پر ظاہر ہی نہین کرتے اور اون کی
کارروائیان بالکل مخفی و مستتر رہتی ہین تو غیر
فرامشن اشخاص اوس اسرار سے بمشکل آگاہ
ہوسکتے ہین باانہمہ مولفان لغات پر ایک خاص
عمل کے ذریعہ سے اوسکے حالات افشا ہوجاتے
ہین اور اوسی ذریعہ سے مولف کہہ سکتا ہی کہ اسرار
فرامشن ایک ذریعہ اس بات کا نکالا گیا ہی کہ لوگ
[illegible] صاحب [illegible] اور انھین [illegible]
[illegible] کے [illegible]
کرین۔ باہمی ملاقات صحبت شرکت اور ہمدردی
اور بنی نوع انسان مین ربط و ارتباط و اخوت
پیدا کرنے کا ایک ذریعہ جو قریب قریب تھیاسوفی کے
مشابہ ہی۔

فرانٹیر۔ سرحد۔ سینٹیفک فرانٹیر۔ صنعی
سرحد۔ مساحی سرحد۔

فرانس۔ یوروپ کا ایک مشہور ملک جسکی
سلطنت جمہوری ہی۔

فرانک۔ ملک فرانس کا ایک نقرئی سکہ جو
دس پنی یعنی آٹھ آنے کے قریب قریب ہوتا ہی۔

فرائیڈے۔ جمعہ۔

فرسٹ۔ پہلا۔ اول۔ بعض لوگ اس کا تلفظ
فسٹ بھی کرتے ہین۔

فرلانگ۔ ۲۲۰ گز کی مسافت کا پیمانہ۔ ایک
میل کا آٹھوان حصہ۔

فرلو۔ ایک خاص طور کی رخصت جو ایک [illegible]
مقررہ کے بعد حکام سول یا ارباب فوج کو مل سکتی
ہی۔ ہندوستان مین تمام انگلش افسرون کو
رخصت [illegible] دیجاتی ہی جس سے مقصد یہ ہوتا
[illegible] ایک مدت تک اس گرم ملک مین کام کرنے
[illegible] آب و ہوا اپنے وطن کو جا [illegible]

فرم۔ شراکتی کارخانہ یا کمپنی۔

فرما۔ اصطلاح اہل مطابع مین چھپے ہوئے [illegible]

پرتون یا صفحات کا یکجائی صفحہ - یا کسی کتاب کے چھپنے والے نسخون کی تعداد باعتبار ہر تہر کے اسکی اصلیت فارما ہی جو لاطینی زبان کا لفظ ہی اور انگریزی لفظ فارم اسی سے مشتق ہی-

فرینچ - فرانسہ - فرانسیسی - ملک فرانس کا باشندہ فرانس - یا زبان فرانس - ایک قسم کا پتلا اور چکنا سفید کاغذ-

فرنیچر - اثاث البیت - کاٹھ کباڑ - خانگی ضروریات یا آرایش مکان کا اسباب مثل تخت و میز و کرسی و الماری وغیرہ کے -

فرینڈ - دوست - خیر خواہ -

فرینڈ آف انڈیا - دوست ہند - ایک اخبار کا نام ہی-

فرنگ - یہ مشہور اور مروج عام لفظ لفظ فرینکش کا مسند ہی جسکے لفظی معنی باشندۂ فرینکونیا کے ہین یعنی جرمنی کی ایک قوم جو مقام مذکورہ مین جا کر آباد ہوئی اور بعد ازان مغربی ملک فرنگستان یعنی یوروپ مین پھیل گئی اور اس اعتبار سے لفظ کل مغربی یوروپ پر دلالت کرتی ہی جہان کے باشندے گورے اور عموماً عیسائی ہین - اوس ملک کے رہنے والون کو فرنگی کہتے ہین - عموماً اس لفظ سے صرف انگلستان کے باشندے مراد لیے جاتے ہین-

فرنگی - دیکھو فرنگ -

فروٹ - میوہ - پھل -

فروری (فبروری) - انگریزی کا دوسرا مہینہ جو ہمیشہ اٹھائیس ۲۸ دن کا ہوتا ہی مگر چوتھے برس ۲۹ دن کا شمار کیا جاتا ہی - جو سال چار کے عدد سے پورا پورا تقسیم ہوجانے اوس سال فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوگا مثلاً ۱۸۸۴ء مین جو چار کے عدد سے پورا تقسیم ہوسکتا ہی فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا تھا - ۱۸۸۵ و ۱۸۸۶ و ۱۸۸۷ء مین اٹھائیس ۲۸ دن کا ہوگا اور بعد ازان ۱۸۸۸ء مین پھر ۲۹ دن کا ہوگا - چوتھے برس گویا لوند لگتی ہی-

فری - آزاد - حر - سبکدوش - خیراتی - معافی لاخراج - بلا محصول - بے دام - مثلاً فری اسکول وہ مدرسہ جسمین طالب علمون کو حق التعلیم نہ دینا پڑے - فری اسٹوڈنٹ (اردو دان مدرس صرف فری کہتے ہین) وہ طالب علم جسکو حق التعلیم نہ دینا پڑے - فری ہولڈ معافیدار لاخراج حقیت رکھنے والا - فریمین آزاد مرد و آراستہ حقوق شہر کا مستحق - فری بوٹر مطلق العنان - لوٹیرا - ڈاکو - فری تھنکر آزاد خیالات کا آدمی جسکو مذہب کی قید نہو صرف اپنی عقل یا اوہام پر عمل کرتا ہو - صفحہ

فریٹریڈ۔ آزادانہ تجارت جسمین کوئی روک نہو یعنی محصولات وغیرہ کی قید سے بری ہو۔

فریجڈ زون۔ طبقہ مبرودہ دیکھو زون۔

فریڈم۔ فری ہونے کی حالت یا کیفیت۔ حریت۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ مخلصی۔ بیباکی۔ مطلق العنانی۔ مولف کے نزدیک اس لفظ کا مفہوم یہ ہے "انسان اپنی طبیعت کا مختار ہے۔ بجز اون امور کے جس سے دوسرے بنی نوع انسان کو کسی ملک کے مقررہ آئین بہاندا ری (بشرطیکہ یہ آئین بھی ایسے ہی خیالات کے بموجب تیار کیے گئے ہون) کی روسے ضرر پہونچ سکتا ہو اور جملہ باتون مین نہ تو حکام دین اور نہ حکام دنیا اور نہ کوئی گروہ خلائق اوسکی مرضی کے خلاف اوسکے عقائد و اقوال و افعال مین مزاحم ہوسکتے ہین"

فریم۔ ڈھانچہ۔ چوکھٹا۔ ٹھٹھر۔ کسی شے کے اجزا کی ترتیب۔ کسی شے کے بند کرنے یا رکھنے یا سنبھالنے کی چیز۔ قالب۔

فری میسن۔ دیکھو فرامشن۔

فرینچائیز، **فرینچز** — ممبران پارلیمنٹ کے مقرر کرنے کی بابت راے دینے کا حق۔

فرینڈ۔ دیکھو فرنڈ۔

فرنیٹک۔ دیکھو فرنٹک۔

فزک۔ علم طب۔ بیدک۔

فزکس۔ علم طبیعات۔

فزیشن۔ طبیب۔

فزیکل (فزکل)۔ طبعی۔ قدرتی۔ جسمانی۔

فسٹ۔ دیکھو فرسٹ۔

فشری۔ شکار ماہی۔ پرل فشری۔ غواصی۔ موتی کی سیپ کا نکالنا۔

فشن۔ دیکھو فیشن۔

فل۔ پورا۔ کامل۔ فل بنچ اجلاس کامل۔ دیکھو بنچ۔

فلاح (یا فلاحین) مزارعین مصر سے لفظ عربی کا ہے جو اخبارات مین بہت آتا ہے اور اکثر لوگ اوسکے معنون سے ناواقف ہین۔

فلاسفر۔ فلسفی۔ فیلسوف۔ حکیم۔

فلاسفی۔ فلسفہ۔ علم حکمت

فلالوجی۔ تحقیق زبان۔ تدقیق لغات۔

فلالین۔ دیکھو فلینل۔

فلاور۔ پھول۔ گل سرسبد یعنی چیدہ و منتخب

فل بنچ۔ دیکھو فل۔

فلٹر۔ پانی چھانٹ یا صاف کرنے کا ایک آلہ۔ پانی ٹپکانے کی کل۔

فلسکیپ۔ ایک قسم کا بڑا چکنا کاغذ

تلفظ فولس کیپ ہو جسکے لفظی معنی ''احمق کی ٹوپی'' کے ہین -

فلش - گوشت - عضلات -

فلو - ندیم - رفیق - ہم جنس - ہم پیشہ - کسی علمی یا حکمی مجلس یا انجمن کا رکن - کالج کا تولی

فلوٹلا - چھوٹے جہازات یا کشتیون کا مختصر بیڑا -

فلوَر - آٹا - میدا - سوجی -

فلور - کسی مکان یا کمرہ کی سطح زمین - چند مکانات کا درجہ مثل دو منزلہ و سہ منزلہ وغیرہ - کسی بچی ہوئی شے یا چوکے کی بالائی سطح - فرش -

فلوشپ - فلو کا عہدہ یا منصب - دیکھو فلو -

فلوئڈ - رقیق - سیال - پانی یا رقیق شے کے متعلق - فلوئڈ اونس - دیکھو اونس -

فلیکس - السی - السی کا درخت - السی کا سن - اور اوسکا کپڑا -

فلیگ - جھنڈی - بیرق -

فلینل - ایک قسم کا نرم اور گرم کپڑا جو ہندوستان مین فلالین کے نام سے مشہور ہو مگر لفظ انگریزی ہو - اور فلالین اوسیکا مبتذل ہو -

فیمن - قحط

فنانشل / **فنانشل** } دیکھو فینانشل

فنڈ - سرمایہ کسی خاص رقم یا آسامی کی تحویل -

فوٹ - پاؤن - گز کا تیسرا حصہ (یعنی ۱۲ گرہ) فیٹ اسی لفظ کی جمع ہو دونون معنون مین - پیدل سپاہ - آن فوٹ یا پیادہ -

فوٹو / **فوٹوگراف** } عکسی تصویر -

فوٹوگرافر - عکسی تصویر اوتارنے والا مصور -

فوٹوگرافی - عکسی تصویر یا چھاپہ کا فن -

فوڈ - غذا - کھانا -

فورٹ - قلعہ -

فورٹ نیٹ (فارٹ نیٹ) - مخفف فورٹین نیٹس یعنی ۱۴ شب - ۱۴ شب روز کا زمانہ - دو ہفتہ کا زمانہ -

فورٹ نیٹلی - دو دو ہفتہ کے بعد -

فورس - قوت - تاثیر - سپاہ - لشکر -

فورمین - مقدم - چودھری - اگواکار -

فول - احمق - بیوقوف - سادہ لوح -

فولڈ - تہ - پرت - جھری - شکن -

فولسکیپ - دیکھو فلسکیپ -

فولیو - دو ورقہ -

فونٹین - چشمہ - فوارہ -

فونڈری - فلزات کا کارخانہ - ڈھلائی کا کارخانہ جسمین دھات کی کوئی شے ڈھلی جاتی ہو -

فونڈلنگ - اطفال لاوارث -

فی - محنتانہ - اجرت - طلبانہ - معلمون کی تنخواہ
جو لڑکون کو دینا پڑتی ہی - لفظ فِیس اسی کی
جمع ہی -
فیتھ - اعتقاد - عقیدہ - اعتبار - دیانت - بھروسہ
فیتھ فُل - معتقد - دیانت دار - نمک حلال -
مومن -
فیتھ فُلی - نیازمند - مستمند (جو کاتب خط
اپنے کو لکھتا ہی)
فیتھم - دو گز کا پیمانہ جو سمندر کی گہرائی کے
ناپنے مین مستعمل ہی -
فیڈرل - منسوب یا متعلق یا مطابق اصول
فیڈریشن - دیکھو فیڈرلیشن -
فیڈرلیشن - حکومت کا ایک اصول جسکے
بموجب ملک کی مختلف ریاستین باہمی عہد و
پیمان کی رو سے متحد اور متفق رکھی جائین -
برخلاف کنفیڈرلیشن جسمین ملک کی مختلف
ریاستین خود سر کر دی جاتین - مثلاً جو لوگ
مسئلہ ہوم رول ایرلینڈ کے ساعی اور محرک
ہین وہ اصول کنفیڈرلیشن پر عمل کرتے ہین
اور جو لوگ اونکے خلاف ہین وہ فیڈرلیشن کی
عملدرآمد چاہتے ہین -
فیر - صاف - صبیح - خوبصورت - میلہ -
فیر (فائر یا فایر) - آگ - توپ یا بندوق یا
تپنچہ کا سر کرنا - فیر کرنا جو مروج عام ہی یہ مصدر
اسی لفظ سے تراشا گیا ہی -
فیر - خوف - اندیشہ -
فیرول - خیرباد - خدا حافظ - رخصت -
یعنی وداعی کلمات جو کسی شخص کے سدھارنے
یا رخصت ہونے کے وقت استعمال کیے جاتے ہین
فیرول آیڈرس - وہ عرضداشت یا تقریر
جو کسی فرمانروا یا نامی شخص کے وداعی جلسہ مین
پیش کیجاے یا پڑھی جاسے - دونون لفظونکو
علیحدہ علیحدہ دیکھ لو -
فیرول ڈنر - رخصتی دعوت جو کسی فرمانروا
یا نامی شخص کی وداعی تقریب مین دیجاے -
دونون لفظون کو علیحدہ علیحدہ دیکھ لو -
فیری - پری - پریزاد -
فیس - چہرہ - صورت - رخ - سطح مقابل -
فیس - دیکھو فی -
فیسٹ - دعوت - ضیافت -
فیسڈ - کسی صورت یا کسی جانب منہ کیے ہوے
مثلاً اوپن فیسڈ واچ کھلے منہ یا کھلے ڈھکنے
کی گھڑی -
فیشن - وضع - یہ لفظ ہندوستانیون مین
فیشن کے تلفظ سے بہت مشہور اور متعارف
ہی - اولڈ فیشن پرانی یا دقیانوسی وضع -

فیشنڈ - وضعدار - اولڈ فیشنڈ اس
زمانہ والے آدمی اوس شخص کو کہتے ہین جو
پرانی وضع پر قائم ہو - اسمین کسیقدر ظرافت کا
بھی پہلو ہے یعنی دقیانوسی یا بیوقوف -
فیکٹ - صحیح یا اصل امر - واقعہ (دیکھو آئین
شہادت ہند یعنی اکٹ نمبر ۱ سنہ ۱۸۷۲ع دفعہ ۳)
فیکٹر - کارکن - کوٹھی وال - فیکٹری کا افسر
دیکھو فیکٹری - علم حساب مین ایک دیا مقدار
منجملہ چند ایسے اعداد یا مقادیر کے جنکے باہم ضرب
دینے سے ایک خاص مضروب عدد حاصل ہوتا ہو -
فیکٹری - کوئی تجارتی کارخانہ یا کوٹھی
علی الخصوص ایسا مکان جسمین کوئی تجارتی
شی تیار کیجاتی ہو - مثلاً انڈگو فیکٹری -
نیل کی کوٹھی -
فیکلٹی - ذہنی یا جسمانی قوت - لیاقت یا
قابلیت - رعایت - اجازت - چند ایسے اشخاص
کی جماعت جنکو کوئی حق یا رعایت خاص عطا
کی گئی ہو - علم فقہ یا طب یا الٰہیات کے علماء
کسی دار العلم کے معلم - مثلاً فیکلٹی آف
آرٹس استاد فنون - فیکلٹی آف ایڈوکیٹس
جماعت معاجان ایڈوکیٹ -
فیل - قاصر رہنا - ناکام ہونا - علی الخصوص
امتحان مین ناکام ہونا - بعض اردو دان لفظ
فیل کا بھی یہی تلفظ کرتے ہین - دیکھو لفظ مابعد
فیل - بہی - ایک قسم کی سادی کتاب جسمین
تین چار انگل کے چوڑے ورق مجلد کیے جاتے
ہین اور اون مین ضروری کاغذات وقتاً فوقتاً
سہولت اور حفاظت کے لیے چسپان ہوتے
رہتے ہین - اردو دان اس لفظ کا تلفظ فیل
بھی کرتے ہین اور کارخانہ اودھ اخبار مین ارباب تصحیح
اور منصرمان مطبع وغیرہ اس لفظ کو فعل کہتے اور لکھتے
ہین - مثل مقدمہ - شامل مثل کرنا - ٹو اسٹرائک
آف دی فیل نمبر سے خارج کرنا -
فیلڈ - کھیت - میدان - جنگ - جنگاہ
فیلڈ آفیسر - فوج بری کا کوئی افسر مثل میجر یا
لفٹنٹ کرنل یا کرنل کے -
فیلڈ بک - ایک یادداشت کی کتاب جسمین کھیتونکی
پیمایش کی کیفیت بر سر موقع درج کیجاتی ہو - خسرہ -
فیلڈ گن - ایک چھوٹی توپ جو معرکہ جنگ مین
لیجا سکے قابل ہو برخلاف اون توپون کے جو قلعون
وغیرہ پر چڑھی رہتی ہین -
فیلڈ مارشل - انگلستان مین بری فوج کے
جنگی افسرون کا سب سے بھاری عہدہ -
فیلنگ - قوت لامسہ - دلی کیفیت - درک مطلق
بعض صورتون مین اس لفظ کا ترجمہ محض شعور یا معلوم ہو
فیل ہونا - امتحان مین ناکام ہونا - دیکھو لفظ فیل

فیمیل۔ جنس اناث۔ مونث۔
فیملی (فیمِلی)۔ خاندان۔ اہل خاندان۔ قبائل۔ متعلقین۔
فیملیر۔ مانوس۔ مربوط۔ جس سے ہر وقت سابقہ یا سامنا ہو یا جو بل مل جاے۔
فیمین۔ دیکھو فیمین۔
فین (مع مرکبات)۔ دیکھو فاین۔
فینانس۔ کسی ملک یا ریاست کے فرمانروا کی آمدنی۔ خراج۔ عام لوگون کی آمدنی۔ مال۔
فینانسر۔ سرمایہ۔ کسی سلطنت کی عام آمدنی خزانہ
فینانشل۔ متعلق خزانہ مالی۔ مثلاً فینانشل کمشنر اعلیٰ منتظم صیغہ خزانہ۔ اُردو دان اس لفظ کا تلفظ فنانشل اور فناشل بھی کرتے ہین۔
فینسی۔ شوقینی۔ تکلف۔
فینسی فیر۔ ایک قسم کا میلہ جسمین محض شوقینی اور تکلفات کی چیزین نمایان کیجاتی ہین۔
فیوچر۔ آیندہ۔ زمانہ آیندہ۔
فیوڈ۔ موروثی جاگیر۔ جھگڑا۔ قضیہ۔
فیوڈل سسٹم۔ موروثی جاگیرات کا قاعدہ۔ ایک طور کا تعلقداری انتظام۔
فیوڈیٹری۔ جاگیردار۔ علی الخصوص وہ جاگیردار جسکو جنگی خدمات کی شرط پر حق دیا گیا ہو۔
فیور۔ لطف عنایت۔ رعایت۔ [illegible] یعنی عنایت نامہ۔
فیور۔ تپ۔ بخار۔
فیورایبل (ایبل)۔ رعایتی۔ مہربانی کے ساتھ۔ پسندیدگی کے ساتھ۔
فیوزلیر۔ سابق مین اس لفظ سے وہ سپاہی سمجھے جاتے تھے جو فیوزل یعنی ہلکی بندوقین یا تپنچے وغیرہ باندھتے تھے لیکن فی الحال فیوزلیئر اون سپاہیون کو کہتے ہین جنکی وردی مین ٹوپیان کسی کی کھال کی ہین۔

ق
(قاف)

قرابین۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ اس لفظ کی اصلیت کارابین ہو۔ اور اوسی انگریزی لفظ سے یہ لفظ بھی تدیا معرب کیا گیا ہو۔
قرنتینہ۔ وہ چالیس دن کا زمانہ جسمین کوئی جہاز کسی بندرگاہ پر پہونچکر وبائی اور طاعونی امراض کی پھیلنے کے شبہ سے روک رکھا گیا ہو اور اہل جہاز کو خشکی پر آنے اور بندرگاہ کے لوگون سے آمدورفت رکھنے کے لیے قطعاً ممانعت کردیگئی ہو۔ انگریزی مین اس لفظ کو کوارنٹین کہتے ہین اور اوسکی اصلیت اطالیہ کی زبانون سے منسوب کی گئی ہو جہان کوارنٹا کہتے ہین۔ قرنتینہ اسی کا معرب ہو۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ گو انگریزی لغات مین [illegible]

پچالیس دن قرار دیگئی ہو لیکن فی الحال مختلف ایام کے قرنتینے قائم کیے جاتے ہیں۔ تجار اور عام مسافرون علی الخصوص حجاج بیت اللہ کو اسی قرنتینہ سے سخت نقصان پہونچتا ہی۔ اس لفظ کا املا ابھی تک ٹھیک طور پر قائم نہین ہوا ہی۔ کوئی قرنتینہ کوئی قرنتینا اور کوئی قرنطینہ لکھتا ہی۔

ک

(کاف تازی)

کابوب۔ مکڑی کا جالا۔ فریب یا جعلسازی کی تدبیر۔

کاپر۔ تانبا۔

کاپی۔ کسی تحریر کی نقل۔ کسی تحریر کا مسودہ۔ انگریزی مشق تحریر کی کتاب جسمین ہر صفحہ کی ابتدائی سطر معلم یا خوش نویس اپنے ہاتھ سے لکھدیتا ہو اور باقی سطرین مبتدی لڑکے مشق کے طور پر خود لکھتے ہین۔ خوشنویسون کی وہ تحریر جو کلپ کیے ہوے زرد کاغذ پر لکھی جاتی ہو اور جسکے حروف پتھر پر اوتھار کر چھاپے جاتے ہین۔

کاپی رایٹ۔ حق تصنیف۔ کسی کتاب کے چھاپنے کا حق۔

کاٹھوائٹ۔ دیکھو کنٹھوائٹ۔

کاٹن۔ روئی۔ یہ عربی لفظ قطن کا انگریزی غلط العام ہے

کاٹن ڈیوٹی۔ سوتی کپڑے کا محصول۔

کاٹن مل۔ سوتی کپڑے کا کارخانہ۔ پتلی گھر۔

کاڈ۔ ایک قسم کی مچھلی جو نیو فونڈلینڈ کے سمندرون مین پائی جاتی ہو۔ لفظ کارڈ (بمعنی پوسٹ کارڈ) کا غلط العام بھی ہو۔ دیکھو کارڈ۔

کاڈلور آیل۔ روغن جگر ماہی سوسہ کا۔ دیکھو کاڈ۔

کار۔ گاڑی۔ چھکڑا۔

کاربن۔ ایک قسم کا معدنی مادہ جسکا جزو اعظم گندھک ہو

کاربنیٹ۔ ایک قسم کا نمک جو کاربنک ایسڈ سے شامل ہوتا ہو۔

کاربنک ایسڈ۔ دیکھو ایسڈ۔

کارپٹ۔ فرش۔ دری۔ قالین وغیرہ۔

کارپورل۔ جسمانی (ضد دماغی یا روحانی یا مالی)۔ مثلاً کارپورل پنشمنٹ سزاے جسمانی ایک ادنی ترین فوجی عہدہ دار۔ نایک۔

کارپوریشن۔ شہر کی صفائی یا شورت قانونی یا تجارت یا اور کسی حیثیت کے مقاصد کی متفقہ جماعت جو بحیثیت شخص واحد کارروائی یا بحث یا نالش یا جوابدہی کرنے کی مجاز ہو اور جو اپنے ہی متفقہ دساتیر کی پابند ہو اور اپنے زمرہ کسی شخص کو با تعاق باہمی منتخب کرکے اپنا مقرر کرسکتی ہو۔

کارتوس۔ دیکھو کارٹرج

کارٹ - گاڑی - چھکڑا - میل کارٹ ڈاک گاڑی
بگھی کارٹ ایک قسم کا ٹمٹم جسمین بم کے بدلے بانس لگے ہوتے ہین
کارٹرج - ایک کاغذ کا چونگلہ جسمین بندوق کی
خوراک کا مسالا بھرا ہو - کارٹوس اسکا غلط العام ہے
کارٹرج پیپر - ایک قسم کا گندہ اور کھرا کاغذ
جو کارتوسون کے لپیٹنے مین استعمال کیا جاے یا
اوس کے مشابہ ہو -
کارٹون - کسی تصویر کا خاکہ - ظریف اخبارونکی
وہ تصویرات جو کسی مفہوم معنوی کے اظہار کے
لیے اخبار مین چھاپی گئی ہون -
کارڈ - گندہ کاغذ کا پرچہ جو مثل تاش کے پتون کے
ہوتا ہے - پوسٹ کارڈ - ڈاک مین بھیجنے کا رقعہ جو
اس ملک مین ایک پیسہ کو آتا ہے اور کھلا ہوا روانہ
کیا جاتا ہے - وزیٹنگ کارڈ ملاقات کا رقعہ جسپر بھیجنے والیکا
نام لکھا ہوتا ہے - انگریزون مین دستور ہے کہ کوئی شخص
کسی کے مکان پر اچانک بلا اجازت نہین جا سکتا ہے -
جب کسی شخص کو اپنے کسی دوست خواہ افسر خواہ ماتحت
کی ملاقات کو جانا ہوتا ہے تو وہ اوس شخص کے مکان کے
دروازہ پر تام آمد مین یا اپنی سواری پر متوقف ہوتا ہے
اور وزیٹنگ کارڈ اوس مکان کے کسی آدمی کو بلوا کر
دیتا ہے - صاحب خانہ کو اگر ملاقات کرنی ہوئی تو
وہ سلام کہلا بھیجتا ہے اور موزون لباس پہنکر ملاقات
کے کمرہ مین آ بیٹھتا ہے یا بعض صورتون مین
باہر نکل آتا ہے اور اگر ملاقات کرنا منظور نہوا تو اوسپر
لکھدیتا ہے کہ "مین کام مین ہون" اور وہ شخص چلا جاتا ہے
بغیر اسکے کہ (عموماً) کچھ مکدر یا ناراض ہو - جو اشخاص
انگریزون کی ملاقات کی اکثر ضرورت رکھتے ہون اونکو
وزیٹنگ کارڈ ضرور اپنے پاس رکھنا چاہیے جسمین
نام اور نشان وغیرہ چھپا ہو - پلیئنگ کارڈ
کھیلنے کا تاش جسمین عموماً ۵۲ پتے ہوتے ہین یا
اس قسم کے دوسرے کھیل -
کارسپانڈنٹ - وہ شخص جس سے مراسلت
جاری ہو - نامہ نگار - وقائع نگار - پرچہ نویس - نامہ نگار
اخبارات - اسپیشل کارسپانڈنٹ نامہ نگار خاص
یعنی وہ شخص جو کسی خاص ضرورت کے لیے کسی
خاص ملک یا موقع جنگ سے خط کتابت کرنیکے
لیے کسی اخبار کیجانب سے بھیجا گیا ہو - انگریزی
اخبارات کے کارسپانڈنٹ ہر ملک مین معمولاً
متعین رہتے ہین اور بیش قرار تنخواہین پاتے ہین
بعض اوقات جب کوئی جنگ یا اہم معاملہ پیش
ہوتا ہے تو عارضی طور پر ضروری حالات روز بروز
دریافت کرنے کے لیے زاید اشخاص بھیجے جاتے ہین اور وہ
اسپیشل کارسپانڈنٹ کہلاتے ہین -
کارسپانڈنسی - دیکھو کارسپانڈنس -
کارسپانڈنس - خط کتابت - وہ تحریر جو کارسپانڈنٹ
روانہ کرے - کارسپانڈنسی اسکی غلط العام ہے -

کارِسپانڈِنسی - کارِسپانڈِنٹ کی خدمت - وقائع نگاری - اُردو دانون نے اپنے طور پر اس لفظ کو کارِسپانڈِنٹی کی طرح بنالیا ہی -

کارک - بوتلون اور شیشون کی ڈاٹ جو کارک نامے درخت کی چھال سے بنتی ہے - کاگ اسی کا مہند ہی جواب داخل اُردو ہو گیا ہی -

کارنِس - کسی دیوار کے بالائی حصہ کی وہ موڑ جو پٹڑی کی طرح باہر نکلی ہو - مکان کے اندر کڑیون کے نیچے کچ کے ذریعہ سے دیوار کا ایک حصہ جو ابھار دیا جاتا ہی وہ کارنِس ہے اور اُردو دانون مین کانِس کا لفظ جو بہت مشہور و مروج اور داخل اُردو ہو گیا ہی وہ اسی لفظ کا مہند یا غلط العام ہی -

کانسٹ - ذات -

کاسٹر آیل - رینڈی کا تیل -

کاسٹک - محرق یا مقرح - داغ دینے کی دوا -

کاسٹک لوشن - داغ دینے کا پچارا -

کاسل - گڑھی - قلعہ - کوئی محصور مقام -

کاگ - دیکھو کارک -

کالج (کالج) - دار العلم - کوئی بڑی تعلیمی جماعت یا اوسکی تعلیم گاہ مثلاً لکھنؤ کا کیننگ کالج - یا علیگڈھ کا محمڈن کالج (مدرسہ العلوم) -

کالر (کلر) - رنگ - ایک رنگین چیز جسکو لڑکے یا بعض ہندوستانی (جو اوس وضع

اختیار کرتے ہین) خوبصورتی کے لیے گلے مین لگاتے ہین - بیرق - جھنڈی -

کالرا - ہیضہ - کالرا پلس ہیضہ کی گولیان -

کالک - قولنج -

کالم - گول ستون - سپاہ یا جہازات کا کوئی حصہ جو ایک قطار مین ہو - صفحہ کا حصہ جیسے اوس اخبار کے ہر صفحہ مین تین کالم ہین -

کالونِسٹ - کالونی کا باشندہ - دیکھو لفظ مابعد -

کالونی - اون اشخاص کی جماعت جو اپنے ملک سے دوسرے ملک مین اوس ملک کی آبادی اور ترقی کے لیے جاکر سکونت پذیر ہوے ہون یا وہ ملک جسمین ایسے اشخاص آباد ہوے ہون - نوآبادی -

کالونیل - کالونی کے متعلق - دیکھو کالونی -

کاما - یہ نشان وقف (,) جو حرف واو کے مشابہ ہوتا ہی - یا یہ نشانات (" ") جو کسی لفظ یا عبارت کے محدود کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہین - انگریزی مین ان آخری نشانات کو انوَرٹِڈ کاماز کہتے ہین - اول قسم کا نشان اُردو مین بہت کم مستعمل ہی -

کامن - عام -

کامیسری - افسر محکمہ رسد رسانی فوج -

کانٹریکٹ - معاہدہ -

کانٹریکٹر - معاہد - مجازاً ٹھیکہ دار -

کانٹیننٹ - برِ اعظم - خشکی کا بہت بڑا حصہ دنیا کی زمین اس قسم کے پانچ حصون مین منقسم ہی - ایشیا - یورپ - افریقہ - امریکہ - اوشیینیا

کانبس - دیکھو کانونس -

کانسٹیبل - سپاہی - پہرا دینے والا - پولس کا سپاہی - ایک اعلیٰ عہدہ دار - ہیڈ کانسٹبل جمعدار

کانسٹی ٹیوشن - ترکیب - نظم - نظام مملکت - نظام سلطنت - مقررہ آئین و ساتیر

کانسرٹ - اتفاق - اتحاد - ہم آہنگی - متفق متحد - کسی فرمانروائے وقت کی زوجہ - یا شوہر (بشرطیکہ فرمانروا عورت ہو) - اول کو کوئین کنسرٹ اور دوسری کو کوئین کنسرٹ کہین گے بشرطیکہ ایسا شوہر یا زوجہ امور سلطنت مین شریک ہو ورنہ اوس کا ذاتی خطاب اس لفظ کے ساتھ شامل کیا جائے گا مثلاً حضور ملکہ معظمہ کے [illegible] شوہر پرنس کانسرٹ کہلاتے تھے

کانسرن - تجارتی کوٹھی یا کارخانہ جو مشترک ہو

کانسل - ایک سرکاری افسر جو کسی سلطنت کی طرف سے کسی دوسرے ملک مین تجارتی یا اسی قسم کے دوسرے مقاصد کے لیے تعین [illegible]

کانسلیٹ - کانسل کے رہنے کا مکان یا دفتر

کانشنس - وہ قوت جسکے بموجب انسان نیک و بد مین تمیز کرتا ہی - معرفت نفس باعتبار افعال حسنہ و افعال ذمیمہ - اس لفظ کے ترجمہ مین مترجمون نے ایمان مدرکہ صالحہ نیت نیک اور اس قسم کے مختلف الفاظ استعمال کیے ہین لیکن مولف کے نزدیک وہ اس لفظ کا پورا مفہوم ہر موقع پر ادا کرنے مین قاصر ہین - اکثر موقعون پر ایمان اور انصاف کے الفاظ کام دے سکتے ہین بعض صورتون مین نیت اور طبیعت مفہوم پیدا ہوتا ہی - ان وجہون سے اردو تحریرات و تقریرات مین اکثر یہی انگریزی لفظ استعمال کیا جاتا ہی - اواخر ۱۸۹۲ء مین صوبہ بہار کے ایک لائق نامہ نگار نے اس لفظ کے ترجمہ کی دقتون سے ایک خاص مراسلہ اودھ اخبار مین شائع کیا تھا -

کانگریس - سفیرون یا ملکی پیرو کار اشخاص کا کوئی جلسہ جو کسی تمدنی مقصد سے مجتمع ہوا ہو - مجازاً اسی طرح کا کوئی اور جلسہ جو تعلیمات یا تحقیقات یا معاشرت وغیرہ کے متعلق جمع ہوا ہو اور اوس مین دور دور کے لوگ آکر شریک ہوئے ہون - امریکہ کی پارلیمنٹ یعنی مجلس وضع قوانین - بعض صورتون مین اسکا ترجمہ مجلس مذاکرہ کیا گیا ہی -

کپتان - رسالہ کی ایک ترپ یا پیدل سپاہ کی ایک کمپنی یا ایک جہاز کا افسر یعنی ناخدا [illegible]

انگریزی مین اس لفظ کا تلفظ کپتّن یا کپتان ہی -
اور اسی آخری تلفظ کے بموجب تعنید ہوئی ہی -

کچن - باورچی خانہ -

کچن گارڈن - باورچی خانہ کا باغ یعنی باورچی خانہ کے
متعلق وہ زمین جسمین دھنیا - پودینہ - لہسن -
پیاز - ترکاری یا اس قسم کی دوسری چیزین بوئی
جاتی ہون -

کراس (فعل) کسی شی یا کسی مقام کے وار پار
ہو کر کسی دوسری شی یا آدمی کا نکل جانا - طے کرنا
عبور کرنا - درمیان مین ہو کر جانا - قطع یا قلم زد کرنا -

کراس (اسم) صلیب عیسوی - دو سڑک یا سڑک
وغیرہ کی - چوراہا - یا وہ مقام جہان کئی سڑکین
ایک دوسرے کو قطع کر کے نکل گئی ہون - یہ نشان
(+) جو صلیب سے مشابہ ہونے کی وجہ سے کراس
کہلاتا ہی اور قوانین سرکاری مین اس نشان کے
نام کا ترجمہ "شکل متقاطع" کیا گیا ہی -

کراس (صفت) ترچھا - ٹیڑھا - مقابل - مخالف
برعکس - کسی شی کی ضد کے طور پر -

کراس اپیل - وہ اپیل جسکو اپیلانٹ کے
علاوہ ریسپانڈنٹ نے بھی ساتھ ہی دائر کیا ہو

کراس اگزامینیشن - گواہ کا اظہار بر طریق
جرح

کراس کویسچن - سوال جرح -

کراس میرج - ایک بھائی بہن کا بیاہ دوسرے
بھائی بہن کے ساتھ اس طور سے کہ ایک مرد دوسرے کا
سالا اور بہنوئی اور ایک عورت دوسری عورت
کی بھاوج اور نند بھی ہو جاے -

کرانک - مزمن - مدتون کا - عرصہ کا -

کرانک ڈزیز - مرض مزمن -

کرانیکل (کرانکل) - روزنامچہ واقعات بقید
تواریخ - تاریخ - بعض اخبارات کا بھی نام ہی -
مثلاً انڈین کرانکل عظیم آباد کا ایک اخبار ہی جو
انگریزی اور اردو مین شائع ہوتا ہی -

کرائسٹ - حضرت عیسی علیہ السلام -

کرسٹان - دیکھو کرسٹین -

کرسٹیانٹی - عیسائی مذہب -

کرسٹین - عیسائی - نصرانی - کرسٹان اور
کرشٹان اسی کا غلط العام ہی

کرسچیانٹی - دیکھو کرسٹیانٹی -

کرسچین - دیکھو کرسٹین -

کرشٹان - دیکھو کرسٹین -

کرکٹ - ایک کھیل جسمین دو فریق ہوتے ہین
اور ہر طرف عموماً گیارہ گیارہ آدمی ہوتے ہین
اس کھیل مین ایک گیند اور دو چوگان اور دو وکٹ
استعمال کیجاتی ہین -

کرمنل - صیغہ فوجداری کے متعلق

کرنسی - سکہ جات مروجہ - اجراے سکہ جات -
کرنسی کوئسچن - مسئلہ سکوک - سکون کے
جاری کرنے یا اونکی ترویج کے عیب و ہنر کا مسئلہ -
دیکھو اکسچینج -
کرنل - ایک رجمنٹ کا افسر - لفٹننٹ کرنل -
کرنل کا ماتحت -
کروجک ایسپڈ - دیکھو انیسپڈ
کرون - تاج - اختیار شاہنشاہی - ارکین
سلطنت - ایک سکہ جو تین روپیہ کے قریب ہوتا ہی
اور جسپر تاج بنا ہوتا ہی -
کرونولوجی - گذشتہ واقعات کو بقید تاریخ
منضبط کرنے کا علم -
کریٹک - دیکھو کرٹک
کری کیولم - نقشہ خوانگی - کسی مدرسہ کی
معینہ کتب درس کی فہرست -
کریمنل - دیکھو کرمنل -
کزن - رشتہ کا بھائی مثلاً چچیرا پھپھیرا ممیرا یا
[illegible] بھائی - اس لفظ کے اجمال کی وجہ سے
انگلستان مین ایک بہت بڑا اسقدر مجال ہین
بالکل [illegible]
[illegible]
[illegible] حمل -
کلارک - [illegible]

صدر منصرم - سر دفتر - میر منشی - اس لفظ کا
تلفظ کلارک بھی کیا جاتا ہی -
کلاز - ضمن - کسی عہدنامہ یا قانون کی شرط - دفعہ
کلاس - قسم - درجہ علی الخصوص کسی مدرسہ کا
مثلاً مڈل کلاس درجہ اوسط جو ابتدائی درجہ
اور انٹرینس کلاس کے بین بین صرف
اس مصلحت سے قائم کیا گیا ہی کہ جو طلبا ساتوین
درجہ تک انگریزی پڑھکر چھوڑ دین اونکے پاس
بھی ایک معینہ سند ہوجاوے اور اوس درجہ تک کی
لیاقت کا عہدہ (بشرطیکہ وہ آگے نہ پڑھنا چاہتے
ہون) پاسکین - اُردو مین یہ درجہ اس غرض سے
قائم کیا گیا ہی کہ عام اُردو دان جو صرف ایشیائی
علوم جانتے ہین بقدر ضرورت مروجہ مغربی علوم
حساب و جغرافیہ و تواریخ وغیرہ سے واقف ہوجائین
کلاسکل - خاص یا بھاری یا اعلیٰ درجہ کا -
اصولی (مقابل فروعی) مثلاً کلاسکل لینگوج
یعنی زبانہاے یورپ مین یونانی اور لاطینی و ایشیا
مین سنسکرت اور عربی ہی - انگریزی فرانسیسی
اور اُردو اور ہندی وغیرہ فروعی زبانین ہین -
کلاک - وہ گھڑی جو [illegible] خلاف واچ [illegible]
[illegible] کے جو صرف وقت [illegible]
کلائمٹ - کسی حصہ زمین کی کیفیت [illegible]
[illegible]

آب وہوا - چینج آف کلائمیٹ تبدیلی آب وہوا یعنی ایک مقام سے دوسرے مقام کو اس غرض سے جانا کہ شاید وہان کی آب وہوا صحت کے حق مین معین ہو -

کلاینٹ - موکل - وکیل کا اسامی -

کلب - چند اشخاص کی صحبت جو کسی مشترک مقصد (مثل تمدن ومعاشرت وتعلیم) کے لیے جمع ہو اور اوس کے مصارف چندہ سے ہوتے ہون - وہ مکان جسمین ایسی صحبت ہوا کرے - اس مکان کو بعض لوگ کلب گھر بھی کہتے ہین - دیکھو فارم کلب -

کلر - دیکھو کالر

کلرجی - علماے مذہب عیسائی -

کلرک - دیکھو کلارک

کلکٹر - لفظی معنی تحصیلدار یعنی جمع یا محاصل کے وصول کرنے والے افسر کے ہین مگر اصطلاح نظم ونسق ہند متعلق صوبجات آئینی مین یہ لفظ اعلی افسر ضلع کے معنون مین استعمال کیا جاتا ہی - غیر آئینی صوبجات مین کلکٹر کو ڈپٹی کمشنر کہتے ہین - دیکھو وارد -

کلوروفارم - ایک رقیق مرکب جسمین ہیدروجن اور کاربن اور کلورین (ایک قسم کا معدنی بخار) شامل ہوتا ہی جو اور بے ہوشی - اکثر لوگ جب کسی مریض کا کوئی عضو بدن کاٹتے یا کسی گ

لگاتے ہین یا اس قسم کا کوئی دوسرا عمل جراحی کرتے ہین اور اس بات کا اندیشہ ہوتا ہی کہ مریض کے تڑپنے اور بے چین ہونے کیوجہ سے وہ عمل بھیکیگا اور مریض کو زیادہ تکلیف ہوگی تو یہ دوا سنگھا دیتے ہین جس سے مریض بیہوش ہوجاتا ہی اور اپنا کام ختم کرنے کے بعد پھر دوسری دوا سنگھا کر اوس کو چونکا دیتے ہین -

کلورائیڈ - کلورین کا ایک مرکب جسمین پوٹاش یا سوڈا وغیرہ شامل ہو -

کلورین - سبزی مایل زرد رنگ کی گھاس جسکی بو نہایت کرخت اور ناگوار ہوتی ہی اور جو نہایت ہی اشتعال انگیز ہوتی ہی اور پانی مین بالکل گھل جاتی ہی اوسکا ایک خاصہ یہ ہی کہ نباتات اور حیوانات کا رنگ فوراً اوڑا دیتی ہی - اگر کسی سڑنے والی شی کے ظرف مین چھڑکا جائے تو وہ شی سڑنے نہین پاتی -

کلوک - جبہ - لبادہ - فرغل -

کلیمٹ - دیکھو کلائمیٹ -

کمانڈ - حکم - فرمان - حکومت - سرداری - افسری علی الخصوص اعلی حکومت فوج - لفظ کمان (بمعنی سپہسالاری) جو اردو اخبارون مین مروج ومستعمل ہی اسی کا مصحف ہی -

کمانڈر - سالار - حاکم - علی الخصوص اعلی حاکم فوج - لفظ کمانیر اسی کا مصحف ہی -

کمانڈر انچیف۔ فوج کا حاکم اعلیٰ۔ سپہ سالار اعظم۔ جیسے کمانڈر انچیف ہند سے وہ افسر مراد ہی جسکو ہندوستان کی کل فوج پر اختیار حاصل ہو۔ ہندوستان کے ہر ہر احاطہ بنگال و مدراس و بمبئی مین بھی کمانڈر انچیف ہند کے ماتحت ایک ایک احاطہ کا کمانڈر انچیف ہی۔۔

کمانڈنٹ (ڈینٹ) کسی سپاہ کا مقدمۃ الجیش۔

کمپازٹ۔ ٹیپ کے حروف جمانا۔ دیکھو ٹیپ۔

کمپازٹر۔ ٹیپ کے حروف جمانیوالا۔ دیکھو ٹیپ۔

کمپاس۔ قطب نما۔

کمپاسز۔ پرکار۔

کمپانین۔ دیکھو کمپینین۔

کمپایلر۔ دیکھو کمپیلر۔

کمپٹیٹو۔ کمپیٹیشن سے متعلق۔ مقابلہ کا۔ رقیبانہ۔ دیکھو کمپیٹیشن۔

کمپٹیٹو اگزامنیشن۔ امتحان مقابلہ۔ دیکھو کمپیٹیشن۔

کمپنی جماعت۔ طائفہ۔ مشترک تجارتی کارخانہ

کمپوڈر۔ دیکھو کمپونڈر۔

کمپونڈ۔ مرکب۔ مرکب کرنا۔ دوا کا بنانا یا ترکیب دینا۔

کمپونڈر۔ دوا ساز۔ دواؤن کا بنانے والا۔ شفاخانون کا ایک ماتحت عملہ جو ڈاکٹر کا نسخہ لیکر اوسکی دوائین تیار کرتا اور مریضون کو دیتا ہی یا اسی طرح کے دوسرے کام انجام کرتا ہی۔ اُردو اخبارون مین یہ لفظ کمپوڈر کے تلفظ سے مشہور ہی۔

کمپیٹیشن۔ چند اشخاص کا بمقابلہ ایک دوسرے کے تفوق و عظمت حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ مثلاً جس طرح ایک ملک یا ایک کارخانہ کوئی شے بنتی ہو اوس سے بہتر شے اس غرض سے بنانا کہ بمقابلہ اوس ملک یا اوس کارخانہ کے اس شے کو زیادہ فروغ ہو۔ انگلستان اور دوسرے ممالک یورپ کی تجارت مین جو اسقدر ترقی ہوئی ہی اوس کا اصل باعث یہی ہی کہ اون ملکو مین کمپیٹیشن کی کوشش کیجاتی ہی برخلاف اوسکے ہندوستان مین صرف تقلید ہوتی ہی یعنی جو شے ایک مقام یا ایک شہر مین بنتی ہی زیادہ سے زیادہ کوشش کرنے کی حالت مین اوسی کے مثل بنانے کی کوشش کیجاتی ہی۔ کسی جدت یا اختراع کی کوشش نہین کیجاتی ہی جس سے کچھ ترقی ہو۔ اسی طرح ایک ملک یا صوبہ کے طلبا کا اس کوشش مین امتحان دینا کہ بمقابلہ اور لوگون کے اون کو فروغ حاصل ہو۔ اس امتحان کو کمپیٹیٹو کہتے ہین۔

کمپیلر۔ مولف۔ کسی کتاب کا جمع کرنیوالا۔

کمپینین۔ ندیم۔ رفیق۔ کمپینین آف دی اسٹار آف انڈیا خطاب نجم الہند

ستارۂ ہند۔ سی ایس آئی اسی کا مخفف ہے۔
کمٹ۔ ذو ذنب یعنی دم دار ستارہ۔
کمٹی۔ اہل نارمن آرل کو کمٹی کہتے ہین۔ دیکھو آرل۔
کمرس۔ تجارتی آمد و رفت۔ چیمبر آف کمرس جلسۂ تجارت۔
کمرشل } **کمرشیل** } تجارتی۔ متعلقۂ آمد و رفت تجارت
کمسٹری۔ مادہ اور خواص اجسام کا علم۔ علم حقائق اشیا۔ اس لفظ کا ترجمہ کیمیا کے لفظ سے کرنا مولف کے نزدیک نادرست ہے۔
کمسریٹ (کامیسیریٹ)۔ رسد رسانی فوج کا محکمہ۔
کمشنر (کمشنر)۔ کمیشن کے مطابق کام کرنے والا۔ دیکھو کمیشن۔ قسمت کا افسر جو ڈپٹی کمشنرون یا کلکٹرون پر حاکم ہوتا ہے۔ کسی مقدمہ کی تحقیقات بر سر موقع کرنے والا افسر جو عدالت دیوانی سے بھیجا گیا ہو۔
کمیٹی (کمیٹی)۔ چند منتخب اشخاص کا ایک گروہ جو کسی قانونی مجلس یا عدالت یا انجمن وغیرہ کیطرف سے کسی خاص کام کے انجام کرنیکے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ اردو دان اس لفظ کو صلاح و مشورت اور سازش وغیرہ کے معنون مین بھی استعمال کرنے لگے ہین۔ مثلاً "کیون حضرت کیا کمیٹی ہو رہی ہے"
کمیسری۔ دیکھو کامیسری۔
کمیشن (کمشن)۔ کسی کام کے انجام کرنیکا اختیار۔ کسی سرکاری عہدہ کی خدمت انجام کرنے کی سند یا حق۔ اختیار۔ حق السعی۔ ولالی حق التحصیل۔ کسی مقدمہ کی تحقیقات بر سر موقع کرنے کا اجازت نامہ جو کسی شخص کو عدالت دیوانی کیطرف سے دیا گیا ہو لفظ کمشنر (کمشنر صاحب کمیشن) اسی کا فاعل ہے۔
کمینڈر۔ دیکھو کمانڈر۔
کمینڈنگ۔ دیکھو کمانڈنگ۔
کنال۔ نہر۔ مثلاً سویز کنال نہر سویز
کنٹرول۔ تحکم۔ دباو۔ روکنے یا ممتنع رکھنے کا اختیار۔
کنٹرولر۔ کنٹرول رکھنے والا۔ دیکھو لفظ ماقبل۔
کنٹریکٹ۔ دیکھو کانٹریکٹ۔
کنٹریکٹر۔ دیکھو کانٹریکٹر۔
کنٹمپوریری۔ ہمعصر۔ معاصر۔
کنٹنجنٹ۔ حصہ۔ ناگہانی موقع مثلاً کوئی فوج کا حصہ جو ناگہانی ضرورت کے لیے کسی مقام سے طلب کیا جائے یا کسی محکمہ کے اتفاقیہ اخراجات۔
کنسرویٹر۔ محافظ۔ محفوظ یا قائم رکھنے والا۔
کنسرویٹو۔ ایک ملکی جماعت جسکو ٹوری بھی

کہتے ہین - دیکھو پارٹی

کنسول (کنسولز) سلطنت برطانیہ کے قومی قرضہ کے نوٹ جن کی بابت سو فیصدی سالانہ کا سود دیا جاتا ہی -

کنفیڈریشن - دیکھو فیڈریشن -

کنگڈم - بادشاہی - کسی بادشاہ کی سلطنت دیکھو امپائر -

کنولشن - تشنج -

کو آپریشن - قومی یا تجارتی اتفاق - ملک کے باشندون کا متفق ہوکر کوئی کام کرنا -

کوارنٹین - دیکھو قرنطینہ -

کوایر - چند اشخاص جو آواز ملا کر گائین - علی الخصوص گرجا گھرون مین - گویہ لفظ لاطینی زبان کے لفظ کورس سے مشتق ہی جسکے معنی چند رقاصون کے ایک مین ملکر اور حلقہ باندھکر گانے اور رقص کرنے یا تال کیوقت آواز ملانے یعنی جواب دینے کے ہین لیکن بگمان غالب یہ لفظ اور لفظ کورس بھی ہندی زبان کے لفظ کہروا سے منسوب معلوم ہوتا ہی -

کوٹ - حوالہ کرنا پیش کرنا - حوالہ دینا - دیکھو آتھارٹی

کوٹ (لباس) مغربی وضع کا کرتا جو پتلون کے ساتھ پہنا جاتا ہی -

کوٹ (بمعنی عدالت) - دیکھو کورٹ -

کوچ - چار پہیہ کی بڑی گاڑی - پالکی گاڑی -

کوچ - بید وغیرہ کا پلنگ جو مغربی وضع کا بنا ہوا ہو - اُردو دان اس کا تلفظ کونچ کرتے ہین -

کوچبان - کوچ یعنی پالکی گاڑی کا ہانکنے والا - مجازاً ہر ایک قسم کی سواری گاڑی کا ہانکنے والا جسمین گھوڑے لگے ہون اور معمولی پختہ یا خام سڑک پر چلائی جائے - ممکن ہی کہ یہ لفظ لفظ کوچمین (کوچمیان) کا غلط العام ہو حالانکہ بان کا لفظ اس موقع پر بالکل صحیح اور موزون ہی اور غالباً فارسی ہی لفظ سمجھکر اس انگریزی لفظ کے ساتھ استعمال کیا گیا ہی -

کوچ بکس - کوچ یعنی پالکی گاڑی پر کوچبان کے بیٹھنے کی جگہ جو گاڑی کی چھت سے متصل ہو - دوسری اقسام کی گھوڑا گاڑیون کی وہ جگہ جو کوچبان کے بیٹھنے کے لیے مخصوص ہو -

کور - سپاہ کی جماعت - فوجی سپاہیون کا غول

کورٹ - اس لفظ کے مفردات اور مرکبات مین بہت سے معنی ہین (۱) کوئی محصور مقام یا احاطہ (۲) قصر شاہنشاہی یا تختگاہ (۳) دربار شاہی بارگاہ (۴) عدالت (۵) محکمہ یا دفتر - (۶) کچہری - اجلاس دیوانی -

اپیلیٹ کورٹ عدالت اپیل - رکوئینو کورٹ عدالت ماتحت سپاہی (؟) کورٹ عدالت

درجہ اولیٰ۔ سِوِل کورٹ عدالت دیوانی۔ کرِمِنَل کورٹ عدالت فوجداری۔ لوور کورٹ عدالت ماتحت۔ ملیٹری کورٹ فوجی عدالت۔ ھائی کورٹ صوبہ کی اعلیٰ عدالت مثل ہائی کورٹ کلکتہ و مدراس و بمبئی و الہ آباد۔

کورٹ آف ایکوئیٹی۔ دیکھو ایکوئیٹی۔

کورٹ آف ٹرسٹ محکمہ اوقاف۔

کورٹ آف جسٹس عدالت

کورٹ آف سکنڈ انسٹینس عدالت مرافعہ اولیٰ

کورٹ آف فرسٹ انسٹینس عدالت ابتدائی۔

کورٹ آف وارڈس محکمہ انتظام جائداد نابالغان

کورٹ مارشل محکمہ جنگ کی خاص عدالت جو بری یا بحری فوج کے قوانین کے جرائم کے متعلق اوسی محکمہ کے افسرون سے قائم کی گئی ہو

کورٹ شپ۔ رسائی چاپلوسی۔ سودبازی مغربی اقوام مین شادی کی ایک ابتدائی نوبت جب دولہہ دولھن ایک دوسرے کی حرکات و سکنات کی آزمالیش کرتے ہین۔ اہل مغرب مین دستور ہو کہ گویا لڑکا یا لڑکی اپنی شادی خود ٹھہراتے ہین۔ ابتدائی گفتگو کے طے ہونے کے بعد لڑکا لڑکی کے گھر آتا ہی وہان ایک مکان دونون کے رہنے کے لیے علحدہ کر دیا جاتا ہی جہان ایک مدت تک دونون آدمی رہتے اور ایک دوسرے کی خو بو دریافت کرتے ہین اور بعد اس کے جب ایک کا دل دوسرے کیطرف سے پورا ہو جاتا ہی تو شادی کو قبول کرتے ہین اور یہ رسم کورٹ شپ کہلاتی ہی۔

کورٹ فیس۔ رسوم عدالت۔

کورٹ مارشل۔ دیکھو کورٹ۔

کورل۔ بسد۔ مرجان۔ مونگا۔

کورم۔ کسی اجلاس عدالت یا انجمن یا مجلس وضع قوانین مین اسقدر اشخاص کی موجودگی جو حسب ضابطہ معینہ اجرلے کار کے لیے کفایت کر سکین۔

کونٹ۔ یہ خطاب بیرونی امرا کا ہی اور انگلستان مین اس کے برابر کا خطاب آرل ہی جو تیسرے درجہ کے امرا کو ملتا ہی۔

کونٹیس۔ کونٹ کی بی بی جیسے موجودہ وایسرائے (۱۹۰۳ع) کی زوجہ محترمہ کونٹیس ڈفرن کہلاتی ہین۔

کونٹی۔ ملک کا وہ حصہ جو کونٹ کے زیر حکومت ہو۔ انگلستان بعہد بادشاہ آلفرڈ چالیس کونٹیون مین تقسیم کیا گیا تھا۔ کونٹی کو شایر بھی کہتے ہین۔ ملک کا حصہ۔ ضلع۔

کوینچ۔ دیکھو کوچ۔

کیابینٹ۔ دیکھو کیبینیٹ۔

کیبن۔ بوسہ۔

کیبینٹ - چھوٹا کمرہ - خلوتخانہ جسمین صلاح و مشورت کیجاے - جلسہ وزرا (دیکھو پارلیمنٹ) الماری نما صندوق -

کیپ - راس یعنی زمین کا وہ حصہ جسکی نوک سمندر مین نکلی ہوئی ہو - مثلاً کیپ آف گڈ ھوپ ملک افریقہ کا جنوبی کنارا جو ملک کیپ کے نام سے مشہور ہے -

کیپٹان - دیکھو کپتان -

کیپٹل - دیکھو کیپیٹل -

کیپٹن - دیکھو کپتان -

کیپر - محافظ - دارندہ -

کیپیٹل - سر کے متعلق - بڑا - کلان - اصل یا خاص - صدر مقام - دار السلطنت - مہلک یعنی جسمین جان جاتی رہے مثلاً کیپیٹل پنشمنٹ سزاے موت -

کیتھولک - عام - عالمگیر - رومن کیتھولک جسکو ردیف ر مین دیکھنا چاہیے -

کیتھیڈرل - کسی ضلع کا صدر گرجا گھر -

کیٹار - نزلہ - زکام -

کیٹیچزم - سوال و جواب کی کتاب -

کیرکٹر - چال چلن - نقش - حرف -

کیس - کسی شی کے رکھنے کا خانہ یا غلاف -

کیس - حالت - کیفیت - معاملہ - مقدمہ -

کینسٹر آیل - رینڈی کا تیل -

کیش - نقد - زر نقد - نیلام کرنے والون کی ایک اصطلاحی بولی جس سے عوام اور ناواقف اشخاص تو یہ سمجھتے ہین کہ جس شی کی بولی ختم ہونے پر نیلام کرنے والے نے کیش کا لفظ کہا وہ نقد یا کسی ایسے شخص کے ہاتھ نیلام ہوئی جو فوراً قیمت ادا کر دے گا ہی بین اسکا نام نہ لکھا جاے گا لیکن اکثر صورتون مین اوس سے محرر یا کارخانہ نیلام کے دوسرے متعلقین کیجانب یہ اشارہ کیا جاتا ہی کہ یہ اصلی بولی ہے اور نیلام ہو گئی فرضی بولی نہین ہے جسکو شی نیلام شدہ کے مالکون یا کارخانہ نیلام کے متعلقین نے بولی بڑھانے کے لیے جھوٹ موٹ بول دیا ہو -

کیش بک - روکڑ بہی -

کیشیر - تحویلدار - زر نقد کا تحویل مین رکھنے والا - فوتہ دار -

کیلنڈر - جنتری - فہرست - کاٹ پیٹ کی کل

کیمپ - خیمہ - پڑاو - لشکر گاہ - معسکر -

کیمپ آف اکسرسائز - معسکر مشق جنگ -

کیمل - اونٹ -

کیمفر - کافور -

کینٹونمنٹ۔ فوجی چھاونی۔

کینڈڈیٹ۔ امیدوار۔

کینل (کنال) نہر۔ مثلاً سوئیز کینل نہر سوئیز

کینن۔ بھاری توپ۔

کینن شاٹ۔ شلک۔

کینیڈ۔ گولا اندازی۔ توپون کا یکبارگی چھوٹنا۔

کیولری۔ رسالہ۔

کیولیر۔ سوار۔

گ

(کاف فارسی)

گابلٹ۔ جام شراب۔

گاتھ۔ ایک قدیم قوم جسنے سلطنت قیاصرہ روم کو زیر وزبر کردیا تھا۔ مجازاً اجھنی وحشی صحرائی۔

گاتھک۔ گاتھ قوم کے متعلق۔ اوس قوم کی زبان یا طرز عمارت۔

گاج۔ سمندر کی تھاہ۔ ریل کی پٹریون کے درمیان کا فاصلہ۔ پیمانہ۔

گاچھ۔ دیکھو گاز۔

گاڈ۔ خدا۔ خداوند۔ مالک۔ بُت۔ دیوتا۔

گاڈس۔ دیبی۔

گارٹر۔ جراب باندھنے کا تسمہ۔ ایک اعلیٰ درجہ کا تمغا۔

گارجین۔ ولی۔ مربی۔ سرپرست۔

گاردا۔ دیکھو گارڈ۔

گارڈ۔ پہرا۔ چوکی۔ سپاہ محافظ۔ اُردودان اس لفظ کو گاردا بھی کہتے ہین۔

گارڈن باغ۔

گارڈین۔ دیکھو گارجین۔

گارنٹی۔ کفالت۔ ضمانت۔ ذمہ داری۔ کسی شخص سے جو کوئی کام کرنے والا ہو کسی دوسرے شخص کا یہ اقرار یا وعدہ کرنا کہ اگر اوسکام مین کوئی نقصان ہوا تو مین اوسکو پورا کرون گا۔ مثلاً بعض ریل کی سڑکین ایسی نکلتی ہین کہ اونکی کمپنیان سرکار سے گارنٹی کی طالب ہوتی ہین۔ اگر ریل کے جاری ہونے پر کوئی نقصان نہوا تو خیر ورنہ سرکار کو حسب وعدہ تاوان دینا پڑتا ہے۔

گاز۔ ایک باریک اور لطیف ریشمی کپڑا جو ہندوستان مین گاچھ کے نام سے مشہور ہے۔ اور یہ لفظ گاز کا مہند ہے۔ گاس (روشنی) کا فرانسیسی تلفظ دیکھو لفظ مابعد

گاس۔ دخان۔ ایک قسم کا دخان جو کوئلے کے مادہ سے شامل ہوتا ہے اور آگ کے لگ جانے سے مٹی کے تیل کیطرح جلنے لگتا ہے۔ ممالک مغرب اور ہندوستان کے دو ایک نامی شہرون مین اسی گاس کی روشنی ہوتی ہے جسکا ایک مقام مین خزانہ جمع رہتا ہے اور وہان سے مختلف مقامات یا مکانات کو پانی کیطرح نل گئے ہین جو ضرورت کیوقت کھول دیے جاتے ہین اور روشن کرنے

جلتے رہتے ہین - گاس کی روشنی نہایت شفاف ہوتی ہی - اس کا تلفظ گیاس (بوزن پیاس) یا گیس اور فرانسیسی زبان کے اعتبار سے گاز اور گیز بھی کیا جاتا ہے -

گاسپ - گپ -

گاسپل - مژدہ علی الخصوص نوید سلامتی حضرت عیسی علیہ السلام - اقوال حضرت عیسی - کلام ربانی - کوئی امر جو نہایت ہی صحیح ہو -

گال - فرانس کا قدیم نام - قدیم زمانہ کی فرانسیسی قوم

گایڈ - ہادی - رہنما - کوئی کتاب جو بطور شرح یا فرہنگ وغیرہ کے کسی دوسری کتاب کے سمجھانے کے لیے لکھی گئی ہو -

گایڈ پوسٹ - ستون رہنما جو سڑکون پر کسی محلہ یا شہر کے راستہ کا پتہ بتانے کے لیے نصب ہوتا ہی -

گدام - کسی شی کا انبار خانہ - گودام کا مہند ہے

گڈ - اچھا - عمدہ - نیک - گڈ مارننگ صبح کا سلام اصبحت بالخیر - گڈ ایوننگ شام کا سلام اسمیت بالخیر - گڈ ڈے دن بھر کا سلام اوس حالت مین جب پہلے پہل ملاقات ہوئی ہو - روز بخیر - گڈ نایٹ رات بھر کا سلام شب بخیر - گڈ نون دوپہر کا سلام گڈ آفٹر نون سہ پہر کا سلام - گڈ بائی رخصتی کے وقت کا سلام - خدا حافظ

گڈ فرایڈے - دیکھو فرایڈے -

گراجویٹ - کسی یونیورسٹی کا درجہ پائے ہوے - وہ شخص جس نے کسی اعلے درجہ کے امتحان کی سند حاصل کی ہو - گریڈ یافتہ دیکھو گریڈ -

گراس - گھاس -

گراسکٹ - گھسیارہ -

گرافک - مشرح - امین - لندن کے ایک اخبار کا بھی نام ہی -

گرامر - علم صرف و نحو - بیاکرن - اس علم کی کتاب

گرامر اسکول - ایک قسم کے خیلاتی مدارس تعلیم صرف و نحو جو انگلستان مین جاری ہین پہلے ان مکتبون مین صرف یونانی اور لاطینی زبانون کی کتب صرف و نحو پڑھائی جاتی تھین لیکن اس زمانہ مین بعض بمقامات پر انگریزی کتب صرف و نحو کی بھی تعلیم دیجاتی ہی -

گرانڈ - اعظم - اعلی - ذی شان - اس کا مخفف حرف جی ہی جو بعض خطابات کے ساتھ آتا ہی مثلاً جی - سی - ایس - آئی - مخفف گرانڈ کمینڈین آف اسٹار آف انڈیا جو اعلی درجہ کا خطاب ستارہ ہند ہی - اس لفظ کا تلفظ گرینڈ بھی کیا جاتا ہی -

گرل - لڑکی - زن ناکتخدا - اصطلاحاً بمعنی

رقاصہ۔ دوشیزہ۔
گرل اسکول۔ مدرسہ نسوان۔
گرمٹ۔ دیکھو اگریمنٹ
گروپ۔ سلسلہ۔ جھنڈ۔ ذخیرہ۔ مثلاً چند جزائر جو ایک جگہ واقع ہوں بہیئت مجموعی گروپ کہلاتے ہیں۔
گریٹ۔ بڑا۔ عظیم۔
گریٹ برٹن۔ برطانیہ اعظم یعنی ملک انگلستان اور ویلس اور اسکاٹلینڈ بہیئت مجموعی۔ دیکھو برٹش۔
گریجویٹ۔ دیکھو گرا جوئٹ۔
گریڈ۔ کسی مرتبہ یا منصب کی ایک خاص نوبت۔ درجہ۔ کسی دار العلم کی تعلیم کی ایک نوبت یا مقدار۔
گریزن۔ دیکھو گیرزن۔
گریس۔ فضل۔ رحمت۔ مہربانی۔ سمنا جان ڈیوک سے خطاب یا بطور ضمیر اون کے نام کے استعمال کرنے کا کلمہ۔ مثلاً بحالت خطاب ڈیوک کو یور گریس اور بصیغہ واحد شکلم ذکر کرنے کیحالت میں ہز گریس کہتے ہیں۔
گریس۔ ملک یونان۔
گریک۔ یونانی۔ باشندہ یونان۔ زبان یونانی۔

گریمر۔ دیکھو گرامر۔
گریمنٹ۔ دیکھو اگریمنٹ۔
گرین۔ اس لفظ کے لغوی معنی ہمرنگ برگ اشجار و گیاہ یعنی کاہی کے ہیں لیکن مجازاً نئی اور جدید اور تازہ و خام کے معنی میں بھی اس لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً گرین چاے کا لفظ اُردو دانوں میں بہت مروج ہے۔
گرین۔ دانہ غلہ۔ جزو اقل۔ پیمانہ وزن جو نصف رتی کے قریب ہوتا ہے۔
گرینٹ۔ بخشش۔ عطیہ۔ دان۔ جاگیر برت۔ اس لفظ کو اکثر اشخاص انگریزی میں لکھا کرتے ہیں اور سرکاری قوانین میں بھی اس لفظ کا ترجمہ کم کیا جاتا ہے جسکی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ اوس کے مفہومات مختلف ہیں۔ عام طور پر اس لفظ کے معنی بخشش یا ہبہ یعنی کوئی شے دیدینے کے ہیں لیکن اصطلاحاً مندرجہ ذیل موقعوں پر اس لفظ کا انگریزی میں استعمال ہوا کرتا ہے۔ (۱) جاگیر خدمتی یا مذہبی (۲) معافی (۳) جاگیر لگان خفیف یا برائے نام مثلاً اراضی جنگلات کا ایک آنہ یا دو آنہ بیگھہ پر کسی شخص کے نام رعایتاً استمراری پٹہ لکھدینا۔ (۴) کسی امر رفاہ خلائق کے لیے یکمشت کوئی رقم دینا۔ اس لفظ کے معنی

تسلیم اور فرض کر لینے کے بھی ہین -

گرَینڈ - دیکھو گرانڈ

گرَیوِٹی - وزن - بار - کشش - قوت جاذبہ

گرَے ہونڈ - ایک قسم کا شکاری کتا -

گزٹ - اخبار - علی الخصوص کسی سلطنت کا سرکاری اخبار جسمین سرکاری خبرین اور اشتہارات وغیرہ چھپتے ہین مثلاً گزٹ آف انڈیا جو کل ہندوستان کا سرکاری اخبار ہو اور وایسرائے ہند کی کل عملداری کے متعلق کلکتہ سے شائع ہوتا ہو اس طرح کے دوسرے اخبارات جو لفٹنٹ گورنرون اور گورنرون کی عملداری سے مثل بمبئی گزٹ و مدراس گزٹ و گزٹ ممالک مغربی و شمالی و پنجاب گزٹ کے شائع ہوتے ہین وہ لوکل گورنمنٹ گزٹ کہلاتے ہین - اس لفظ کا انگریزی تلفظ گیزٹ ہو -

گزیٹیر (گیزِٹیَر) - کسی سلطنت یا عملداری یا صوبہ کا افسر جو سرکاری ذریعہ سے خبرون کو شائع کرے - گزٹ (دیکھو لفظ ماقبل) - تذکرہ بلاد و اقوام - ایک توضیحی کتاب جسمین ملکی حالات ردیف وار بیان کیے گئے ہون -

گلاس (گلاس) - شیشہ - شیشہ کی بنی ہوئی کوئی شے - آئینہ کا شیشہ - آئینہ - شیشہ ساعت - یعنی بالو گھڑی - شیشہ کا آبخورہ - اس آخری معنومین یہ لفظ ہندوستانیون مین زیادہ مستعمل اور داخل زبان اردو ہو گیا ہو

گلاسیز - عینک -

گلٹ - ملمع - اس لفظ کا صحیح تلفظ گِلْٹ ہو مگر اب تلفظ اول مروج عام ہو گیا ہو -

گلف - کھاڑی - مجازاً بمعنی دیوار حائلہ یعنی دو شخصون یا دو چیزون کے مابین فصل اور جدائی پیدا کرنے والی شے

گلوب - کرہ - کرہ ارض - مغربی تحقیقات کے بموجب زمین مثل نارنج کے گول ہو

گلیشیر - برف جو دور تک یک لخت منجمد ہو کر کھسکنا شروع کرے - برفستانی ملک کے پہاڑون کو سون تک کے گلیشیر گرمی کے ایام مین اسطرح سے حرکت کرتے ہین -

گن - توپ - استعمال گن - گردہ - اس لفظ کا اطلاق مجازاً بندوق اور اس قسم کے دوسرے آتشی آلات پر بھی ہوتا ہو -

گن بوٹ - کوئی کشتی جس پر ایک یا چند توپین لگی ہوئی ہون -

گن پوڈر - باروت -

گنی - انگلستان کا ایک طلائی سکہ یعنی اشرفی جو ۲۱ شلنگ کے برابر ہو -

گوداَم - انبار خانہ - یہ گوڈَوْن کا معرب ہو -

گوڈون - دیکھو لفظ ماقبل -

گورمنٹ - دیکھو گورنمنٹ -

گورن (گوَرْن) - حکومت کرنا - نظم و نسق کرنا - انتظام و اہتمام کرنا -

گورنر (گوَرْنَر) - حکومت انتظام یا نظم و نسق کرنے والا - کسی صوبہ کا حاکم - ہندوستان مین احاطہ بمبئی و مدراس و جزیرہ سیلون کے اعلی حکام گورنر کہلاتے ہین - ان سے نیچے درجہ کے حکام لفٹننٹ گورنر کہلاتے ہین مثلاً صاحبان لفٹننٹ گورنر بنگال و ممالک مغربی و شمالی و پنجاب گو سیلون کی نسبت بنگالہ کی لفٹننٹ گورنری کی خدمات اور عملداری اور حیطہ باتین بڑھی ہوئی ہین لیکن درجہ کے اعتبار سے گورنر کا رتبہ زیادہ سمجھا جاتا ہی - گورنر سے اعلی درجہ کا حاکم گورنر جنرل کہلاتا ہی - کمپنی کے عہد سلطنت مین ہندوستان کا حاکم اعلی گورنر جنرل کہلاتا تھا لیکن کمپنی کی حکومت موقوف ہوجانے کے بعد سے ہندوستان کے اعلی حاکم لقب گورنر جنرل و وایسرائے (یعنی نائب السلطنت) سے ملقب کیے جاتے ہین -

گورنر جنرل - دیکھو گورنر -

گورنس - معلمہ - اتالیقہ - مہتممہ -

گورنمنٹ - گورن (یعنی حکومت یا اہتمام یا نظم و نسق کرنے) کا کام - اوس کام کا کرنے والا یا کرنے والے - - اور وہ ملک یا صوبہ یا مقام جہان ایسا کام کیا جاے - مجلس انتظامیہ یعنی نظامت کے وزارت - جماعت حکام عامل - اور ان جملہ معنون کے اعتبار سے ہدایت یا رہنمائی - اختیار یا ضبط - حکمرانی یا عملداری - سلطنت یا بادشاہت - فرمانروائی یا تنظیم - سرکار یا سرکاری - لوکل گورنمنٹ کسی خاص صوبہ یا ضلع وغیرہ کی گورنمنٹ - سلف گورنمنٹ بادشاہ کے ماتحت رعایا کی باہمی حکومت لوکل سلف گورنمنٹ کسی خاص مقام کے سلف گورنمنٹ - اردو دان اشخاص اس کا تلفظ گورمنٹ بھی کرتے ہین -

گولڈ - طلا - سونا - طلائی - سنہرا -

گولڈ اسمتھ - سونا -

گون - میمون کا لہنگا جو عرف مین سایا کہلاتا ہے - درباری پوشاک - گون کا لفظ جو ایک قسم کی چھینٹ کے معنون مین مستعمل عام ہی غالباً اسی لفظ کا مہند ہے کیونکہ ایسی چھینٹ کے سائے کرشتانون وغیرہ کی عورتین یا وہ دائیان اور اناًئین وغیرہ جو اس ملک مین یوروپین اشخاص کی ملازمت کرتی ہین کثرت سے پہنتی ہین -

گیاس - دیکھو گاس -

گیٹ - پھاٹک - ڈیوڑھی -

گیریزن - وہ فوج جو کسی قلعہ یا شہر مین

غنیم کی مدافعت یا باشندون کی حفاظت کے لیے تعینات کی گئی ہو - کوئی مستحکم قلعہ جسمین ایسی فوج تعینات ہو - فوج کے ذریعہ سے کسی شہر یا قلعہ کی حفاظت -

گیرز (روشنی) دیکھو گاس -

گیزٹیر - دیکھو گزٹیر -

گیلری - غلام گردش - برآمدہ - تصویرخانہ - بغلی کمرے یا کمرون کا سلسلہ جو کسی عمارت کے اندر داخل ہونے کے راستہ کے داہنے اور بائین جانب بنے ہون -

گیلک - منسوب بہ گال - فرانسیسی - دیکھو لفظ گال -

گیلن - رقیق چیزون کے ناپنے کا ایک انگریزی پیمانہ جسمین اندازاً ساڑھے تین سیر شراب یا اس قسم کی دوسری شے آسکتی ہو

ل

(لام)

لاَ - قاعدہ - قانون - آئین - ضابطہ - لاآف ایکوئیٹی - مقررہ قوانین کے خلاف معدلت عامہ یا اخلاقی اصولون کے بموجب انصاف کرنے کا قانون جو لاآف جسٹس سے متمائز - دیکھو ایکوئیٹی - لاچارجز اخراجات عدالت - محامڈن لا شرع محمدی - شرع اسلامیہ - ہندو لا شاستر - بیوستھا - محامڈن لا آفیسر مفتی - ہندو لا آفیسر پنڈت - اسکے مختلف مرکبات کو مفردات مین دیکھکر سمجھ لینا چاہیے -

لائی ایبل (لئی ابل) - ذمہ دار - پابند - مستوجب

لائیبل (لئیبل) - کوئی ایسی تحریر جس سے کسی شخص کی توہین ہوتی ہو - اخبارات پر اس قسم کے اکثر مقدمات دائر ہوا کرتے ہین -

لائیر (لئیر) - جھوٹا - کاذب -

لائیر - مقنن - قانون دان - وکیل - اس لفظ اور لفظ ماقبل مین تجنیس لفظی ہونیکی وجہ سے انگریزی تحریرات و تقریرات مین مقننون اور وکیلون پر اکثر مضحکہ او طعن کیجاتی ہے

لاٹ - لفظ لارڈ کا مہند - دیکھو لارڈ - لاٹ صاحب گورنر جنرل و وایسرائے ہند بعض صورتون مین گورنرون اور لفٹنٹ گورنرون کو بھی لاٹ صاحب کہتے ہین اور اسمین کبھی کبھی بڑے چھوٹے کی بھی تخصیص کیجاتی ہے -

لاٹن - دیکھو لیٹن

لاج - (اسم) - چھوٹا مکان - یا جھونپڑا جو کسی باغ یا جنگل مین عارضی طور پر بیٹھنے کے لیے بنایا گیا ہو - دربان کے بیٹھنے کی جگہ - فراشون کی مجلس - بارہ دری - تکیہ - ... - گوشہ عزلت

(فعل)- ایسے مقامات پر رہنا- عام طور پر کھین رہنا یا ٹھہرنا-

لاجر- کسی جہاز یا سراے وغیرہ کا مسافر- عارضی طور پر کسی مقام مین ٹھہرنے یا فروکش ہونے والا-

لاجک- علم منطق-

